بسم اللہ الرحمن الرحیم

ضیاء الحدیث

ترتیب

محمد کریم سلطانی

جلد دوم

ناشر

مکتبہ صبح نور

جامعہ ریاض العلوم، پیپلز کالونی

فیصل آباد

علماء کا ادب واحترام

كَانَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – يَقُوْلُ:

لَقَدْ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – يُحَدِّثُنِيْ بِالْحَدِيْثِ لَوْ يَأْذَنُ لِيْ اَنْ اَقُوْمَ اُقَبِّلُ رَاْسَهُ لَفَعَلْتُ.

ترجمہ:

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما مجھے حدیث پاک بیان کیا کرتے تھے۔ اگر مجھے ان کی طرف سے اجازت ہوتی تو میں اٹھتا اور ان کے سر کو بوسے دیتا۔

-☆-

جامع بیان العلم وفضلہ رقم الحدیث (۲۳۳) جلد ۱ صفحہ ۲۳۶
قال المحقق اسنادہ صحیح

علم اس امت کا طبیب ہے

قَالَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ:

اَلْعِلْمُ طَبِيْبُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَالْمَالُ دَاؤُهَا ، فَاِذَا كَانَ الطَّبِيْبُ يَجُرُّ الدَّاءَ اِلٰى نَفْسِهٖ فَكَيْفَ يُعَالِجُ غَيْرَهٗ ؟.

ترجمہ:

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

علم اس امت کا طبیب معالج ہے اور مال بیماری ہے۔ جب طبیب بیماری کو اپنی طرف کھینچنے لگے تو وہ کسی دوسرے کا علاج کیسے کرسکتا ہے۔

-☆-

جامع بیان العلم وفضلہ رقم الحدیث (۱۲۸۹) جلد ۱ صفحہ ۷۱۱
قال المحقق صحیح

بے عمل عالم کی
نصیحت بے کار

قَالَ مَالِکُ بْنُ دِیْنَارٍ:

اِنَّ الْعَالِمَ اِذَا لَمْ یَعْمَلْ زَلَّتْ مَوْعِظَتُهٗ عَنِ الْقُلُوْبِ کَمَا یَزِلُّ الْقَطْرُ عَنِ الصَّفَا.

ترجمہ:

حضرت امام مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا:

عالم جب عمل نہ کرے تو اس کا وعظ و نصیحت لوگوں کے دلوں سے یوں زائل ہو جاتا ہے جیسے پتھر کی صاف چٹان سے بارش کا پانی۔

-☆-

حلیۃ الاولیاء	رقم الحدیث (۸۷۵۰)	جلد ۶	صفحہ ۳۱۳
جامع بیان العلم وفضلہ	رقم الحدیث (۱۲۷۹)	جلد ۱	صفحہ ۷۰۸
قال المحقق	صحیح		

علماء کی عقوبت دِل کی موت ہے اور دل کی موت آخرت کے عمل سے دنیا طلب کرنا ہے

قَالَ الْحَسَنُ رَحِمَهُ اللّٰهُ:

عُقُوْبَةُ الْعُلَمَاءِ مَوْتُ الْقَلْبِ ، وَمَوْتُ الْقَلْبِ طَلَبُ الدُّنْيَا بِعَمَلِ الْآخِرَةِ.

ترجمہ:

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

علماء کی عقوبت دل کی موت ہے اور دل کی موت دنیا کا طلب کرنا ہے آخرت کے عمل سے۔

-☆-

تیکۃ العلم الربانیون: ۲۸۹/۱

احیاء العلوم الدین: ۱۰۱/۱

جس عالم کو دنیا کھلونا بنا دے وہ قابل ترس ہے

قَالَ الْفُضَيْلُ بْنُ عَيَاضٍ :

اِنِّیْ لَاَرْحَمُ ثَلَاثَةً :

عَزِيْزُ قَوْمٍ ذَلَّ، وَغَنِيُّ قَوْمٍ افْتَقَرَ، وَعَالِماً تَلْعَبُ بِهِ الدُّنْيَا.

ترجمہ:

حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

مجھے تین آدمیوں پر رحم آتا ہے۔ترس آتا ہے۔:

کسی قوم کا عزت دار آدمی ذلیل ورسوا ہو جائے

کسی قوم کا غنی و مالدار مفلس وکنگال ہو جائے

ایسا عالم جس سے دنیا کھیل رہی ہو۔

-☆-

کتاب العلم الربانیون :/ ۲۸۸

احیاء العلوم الدین:۱/ ۹۹

دعوت

یعنی بیگانوں کو دین اسلام کی طرف بلانا
اپنوں کو دین اسلام پر عمل کرنے کیلئے کہنا

ضیاء الحدیث

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے بہتر اللہ کی طرف
دعوت دینے والے ہیں

يَآيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا o وَدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا[1]

ترجمہ:

اے نبی مکرم! ہم نے بھیجا ہے آپ کو سب سچائیوں کا گواہ بنا کر اور خوشخبری سنانے والا اور بروقت ڈرانے والا اور دعوت دینے والا اللہ کی طرف اس کے اذن سے اور آفتاب روشن کردینے والا۔

-☆-

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے داعی الی اللہ بنا کر بھیجا ہے۔ آپ کی دعوت ہر چھوٹے بڑے کے لئے ہر امیر و غریب کے لئے ہے۔ آپ اس پیار و محبت سے اللہ کے دین

(1) سورۃ الاحزاب آیت ۴۶،۴۵

کی دعوت دیتے کہ خون کے پیاسے بھی لبیک کہتے ہوئے آپ کے دامن کرم میں آ جاتے اور جو خوش نصیب آپ کے دامن لطف وکرم میں آ گیا وہ دونوں جہاں کی سعادتیں سمیٹ گیا۔

سراجاً منیراً:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے سراجاً منیراً ایسا آفتاب بنایا ہے جو خود تو روشن ہے ہی اس کی نور بھری کرنیں کسی ذرہ پر پڑ جائیں تو وہ بھی مانند سورج چمکنے لگ جاتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسا آفتاب ہے جو تاریک دلوں کو منور کرتا ہے ان دلوں کو اتنا نورانی بناتا ہے کہ وہ پھر جہاں جہاں سے گزر جائے ایک عالم کو روشن ومنور کر جاتے ہیں۔حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جہاں بھی بسیرا کیا جس مقام کو اپنی سکونت سے شرف بخشا وہ جگہ بقعہ انوار بن گئی اور اس جگہ بھی تو حید ورسالت کے وہ ترانے گائے گئے کہ دنیا انکی پیاری آواز سے گونج اٹھی۔

-☆-

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا کَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا (1)

ترجمة :

اورنہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر تمام انسانوں کی طرف بشیر اور نذیر بنا کر۔

-☆-

اللہ تعالیٰ نے تخلیق آدم سے ہی انبیاء کرام علیہم السلام کا نورانی سلسلہ جاری فرمایا، سوا لاکھ کے قریب انبیاء کرام تشریف لائے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے جتنے نبی تشریف لائے وہ ایک محدود علاقہ کے لئے تشریف لائے۔

کوئی نبی کسی بستی کے لئے تو کوئی نبی کسی شہر کے لئے
کوئی نبی کسی قوم کے لئے تو کوئی نبی کسی قبیلہ کیلئے

(۱) سورۃ سبا آیت ۲۸

لیکن حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری انسانیت کے لئے ہادی ومرشد بن کر تشریف لائے آپ کا دین تمام نوع انسانی کے لئے ہے اس لئے آپ کی دعوت عالمگیر ہے آپکی دعوت کلی ہے آپ کی دعوت آج بھی دھیرے دھیرے دنیا کے ہر خطہ میں پہنچ رہی ہے اور لوگوں کے دل اسلام کی نور بھری تعلیمات سے آشنا ہو رہے ہیں۔

-☆-

تَبٰرَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِہٖ ، لِیَکُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا۔[1]

ترجمة :

بڑی خیر و برکت والا ہے وہ جس نے اتارا ہے الفرقان اپنے محبوب بندہ پر تا کہ وہ بن جائے سارے جہان والوں کو غضب الٰہی سے ڈرانے والا۔

-☆-

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چونکہ قیامت تک نبی ہیں آپ کا دین قیامت تک باقی رہنے والا ہے اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو معجزہ خالدہ - قرآن کریم عطا فرمایا جو رہتی دنیا تک اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام پہنچاتا رہے گا۔

قرآن کریم جیسی لاریب کتاب جس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اتری ہو تو اس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خداداد رفعت شان کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔ یہ قرآن کریم نسل در نسل سینوں میں محفوظ چلا آ رہا ہے اسکا ایک لفظ بھی تبدیل نہ ہوسکا اور نہ ہوسکتا ہے یہ ہر عیب سے پاک کتاب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے عیب شخصیت کی بے عیب نبوت کی حسین دلیل ہے۔

جو آج بھی لوگوں کے لئے مشعل راہ ہے اور انہیں گمراہیوں سے نکال کر راہ ہدایت پر گامزن کرتا ہے۔

-☆-

(۱) سورۃ الفرقان آیت ۱

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا حکم کہ دعوت دیجئے

قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَاللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ (1)

ترجمة :

فرما دیجئے مجھے تمہاری مخالفت کی پرواہ نہیں مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں اور اسکے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤں اسی کی طرف دعوت دیتا ہوں اور اسی کی طرف سب کو لوٹنا ہے۔

-☆-

کتنے اہل اسلام ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ارشادگرامی کو حرزجاں بنائے ہوئے ہیں وہ زندگی کے ہر لحہ اور ہر گھڑی میں اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پیروی کرتے ہیں ۔اس سلسلہ میں نہ وہ کسی سے ڈرتے ہیں اور نہ مرعوب ہوتے ہیں تو جب ایک مسلمان اللہ کے حکم کا اتنا پاس کرتا ہے تو وہ ذات اقدس، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو مقصود کائنات ہے وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا کتنا خیال رکھتے ہونگے۔

(1) سورۃ الرعد:۳۶

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے اس حکم پر عمل کیا تو اسکا حق ادا کر دیا نہ دن دیکھا نہ رات نہ اپنے دیکھے نہ بیگانے نہ سفر دیکھا نہ حضر ہر لمحہ ہر گھڑی اللہ کی طرف دعوت دی اور اس دلکش انداز سے دعوت دی کہ جو بھی تعصب کو بالائے طاق رکھ کر آپ کی دعوت کو سنتا فوراً آغوش اسلام میں آ جاتا اور وہ دین حق کو قبول کرتا اور اپنی زندگی کی سب سے بڑی سعادت سمجھتا ہے۔

اے اللہ! اے ارحم الراحمین! ہم اہل ایمان کو اپنے دین کی دعوت کی توفیق عطا فرما ہم سستی کی چادریں اتار دیں اور پوری توانائی کیساتھ تیرے دین کے جھنڈے کو لہرائیں اور اسلام کی دعوت اس انداز سے دیں کہ لوگ راہ حق پر گامزن ہو جائیں جو ہماری بخشش و مغفرت کا ذریعہ بن جائے۔

-☆-

وَادْعُ اِلٰی رَبِّکَ اِنَّکَ لَعَلٰی هُدًی مُّسْتَقِیْمٍ [1]

دعوت دیجئے اپنے رب کی طرف بیشک آپ ہدایت مستقیم پر ہیں

-☆-

جو جس وصف سے متصف ہوتا ہے اسی کی لوگوں کو راہنمائی کرتا ہے اور اسی جانب دعوت دیتا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ انگنت کمالات سے سرفراز ہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت بھی انگنت کمالات کی طرف ہے۔ تو جو نیک بخت آپ کی دعوت کو قبول کر لیتا ہے اسے اتنی سعادتوں سے بہرہ ور کر دیا جاتا ہے کہ دوسرا آدمی اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔

اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں لَعَلٰی هُدًی مُّسْتَقِیْمٍ فرمایا آپ ہدایت مستقیم پر ہیں۔ لفظ "علیٰ" برتری اور تفوق کیلئے آتا ہے اس میں تعلّی پائی جاتی ہے تو گویا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اے میرے رسول کریم میں نے آپ کو ہدایت کا شاہسوار بنا دیا ہے اب ہدایت کی

(1) سورۃ الحج: ۶۷

لگامیں ہدایت کے شاہسوار کے ہاتھوں میں ہیں۔یہ ہدایت آپ کی سواری ہے اب آپ اس سواری کو جہاں جہاں لے جائیں گے وہ جگہ شاہراہ ہدایت بن جائے گی۔

اب کسی آدمی کو حصول ہدایت کے لیے کہیں اور نہیں دیکھنا بلکہ یہ دیکھنا ہے کہ کیا اس راہ پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چلے ہیں اگر اس راہ پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدموں کے نشانات نہیں ہیں تو وہ راہ ہدایت نہیں ہے اور جس جگہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انوار سے روشن نہیں وہ جگہ ہدایت سے خالی بالکل خالی ہے۔

-☆-

دعوت فرائض نبوت میں سے

یَاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ وَاِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللّٰهُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ۔(1)

ترجمة :

اے رسول! پہنچا دیجئے جو اتارا گیا ہے آپ کی طرف آپ کے پروردگار کی جانب سے اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو نہیں پہنچایا آپ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام اور اللہ تعالیٰ بچائے گا آپ کو لوگوں کے شر سے یقیناً اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا کافروں کی قوم کو۔

-☆-

دعوت دینا فرائض نبوت میں سے ہے۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس فرض کو خوب نبھایا۔لوگوں کے طعن وتشنیع برداشت کیے،ان کی زبان درازیوں پر صبر کیا،انکے پتھر برسانے پر اف تک نہ کیا اور یوں اس فرض کو نبھایا کہ دعوت بھی رشک کرنے لگی۔

اسلام کے پودے کی اس محنت سے آبیاری کی کہ وہ اتنا تناور درخت بن گیا کہ صدیاں گزر

(1) سورۃ المائدۃ آیت ٦٧

گئیں اسلام کے دشمن اسے کاٹنے کی کوشش میں ہیں، اسے جڑ سے اکھیڑنے کے درپے ہیں۔لیکن تاریخ گواہ ہے اسلام کے دشمن جتنی اسے اکھیڑنے کی سعی کرتے ہیں اس شجرا سلام میں اتنی ہی توانائی وطاقت بڑھ جاتی ہے۔کیونکہ اسلام کی رگوں میں محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خون موجود ہے اور جس کی آبیاری اللہ کے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کی ہو اس کو کون تباہ کر سکتا ہے۔

یہ دین دین اسلام ہمیشہ رہنے کیلئے اور تا ابد اپنی نورانی کرنوں سے عالم آب وگل کو معطر کرتا رہے گا اور اس ظلمت خانہ سے تاریکیوں کو دور کرتا رہے گا۔

-☆-

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآئَهُمْ ۔[1]

ترجمة :

پس اس دن کی طرف آپ دعوت دیتے رہیے۔اور ثابت قدم رہیے جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے۔اور نہ اتباع کیجیے ان کی خواہشات کا۔

-☆-

اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو دعوت دی اور اس استقامت اور پامردی سے دعوت دی کہ دنیا کی کوئی بھی طاقت آپ کو آپ کے مشن سے دور نہ کر سکی ۔جس ذات اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دینے والا اللہ تعالیٰ اور پھر استقامت بھی اس کی جانب سے ہو اس کو اس کے مشن سے کون دور کر سکتا ہے۔

دشمنوں نے آپ کا گھیرا تنگ کیا آپ کو شہید کرنے کے منصوبے بنائے آپ پر جنگیں مسلط کی گئیں ۔ان سب صورتوں میں آپ کے پائے استقامت میں ذرہ برابر بھی لغزش نہ آئی بلکہ آپ کی دعوت میں دن بدن جوش بڑھتا چلا گیا اور یہی جوش دلوں کو فتح کرتا گیا ۔بالآخر اس چشم فلک نے یہ

(۱) سورۃ الشوریٰ جزء من الآیۃ ۱۵

نظارہ دیکھا کہ جو آپ کے جانی دشمن تھے جانثار بن کر ابھرے۔ جو آپ کے مشن کو ختم کرنے کے لئے اپنی توانیاں صرف کرتے تھے پھر آپ کی دعوت پر یوں لپک کر آئے کہ اسی مشن کے علمبردار بن گئے بلکہ اس مشن میں اپنی جانوں کا نذرانہ بھی پیش کردیا۔

-☆-

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کو ظلمات سے نور کی طرف نکالتے ہیں

الٓرٰ کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْکَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰی صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ(1)

ترجمہ:

ا-ل-رo یہ وہ کتاب ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے آپ کی طرف تاکہ آپ لوگوں کو ظلمات -اندھیروں- سے نکال کر نور کی طرف لے جائیں ان کے رب کی اعانت واذن سے عزیز وحمید اللہ کے راستے پر۔

-☆-

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت مبارکہ سے پہلے دنیا اندھیروں میں غرق تھی۔ شرک وبت پرستی عام تھی ظلم وستم کے بازار گرم تھے جنگ وجدال کے ایک نہ ختم ہونے والا سلسلے جاری تھے۔

(1) سورۃ ابراھیم 14:1

کسی کا ناحق مال چھیننا کوئی عیب نہ سمجھا جاتا تھا جسے چاہا جاتا یا جس پر بس چلتا اسے غلام بنالیا جاتا۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت کو اس جہاں پر ترس آ گیا۔اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- رحم وکرم کی چادر لئے اس دنیا میں نمودار ہوئے۔حضور-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے اس پیار و محبت سے لوگوں کو دعوت دی کہ لوگ گرویدہ ہو گئے۔شرک وکفر کے اندھیرے چھٹنے لگے ظلم وستم کی آگ سرد پڑنے لگی جنگ وجدال کا سلسلہ اختتام کو پہنچا۔

حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے باذنہ تعالیٰ لوگوں کو اندھیروں سے نکال کر نور میں یوں داخل کیا کہ دنیا اس نور سے جگمگا اٹھی۔ہر طرف سکھ کا سانس لیا جانے لگا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانیت کو کفر وشرک کے اندھیروں سے نکال کر اسلام کے نور میں داخل کر دیا۔

ظلم وبربیت کے اندھیروں سے نکال کر رحم وکرم کے نور میں داخل کر دیا،فسق فجور کے اندھیروں سے نکال کر نیکی وپارسائی کے نور میں داخل کر دیا۔جنگ وجدال کے اندھیروں سے نکال کر امن وسلامتی کے نور میں داخل کر دیا۔نفرت وعدوات کے اندھیروں سے نکال کر محبت وبھائی چارہ کے نور میں داخل کر دیا۔

یہ سب کچھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پر حکمت دعوت کا نتیجہ تھا۔آپ کی اسی دعوت نے دنیا کا نقشہ بدل دیا اور انسان کو جو حیوانوں سے بدتر زندگی گزار رہا تھا انسانیت کی معراج سے آشنا کر دیا اور اس انسان کو اتنا پاک کر دیا کہ قدسی بھی سلامی کے لئے تیار ہو گئے۔

-☆-

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی
آیات کی تلاوت فرماتے تزکیہ نفس کرتے ہیں
کتاب وحکمت کی تعلیم دیتے ہیں اور اس
چیز کا علم دیتے ہیں جو وہ نہیں جانتے

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ[1]

ترجمة:

جیسا کہ بھیجا ہم نے تمہارے پاس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم میں سے، پڑھ کر سناتا ہے تمہیں ہماری آیتیں اور پاک کرتا ہے تمہیں اور سکھاتا ہے تمہیں کتاب وحکمت اور تعلیم دیتا ہے تمہیں ایسی باتوں کی جنہیں تم جانتے ہی نہیں تھے۔

-☆-

(1) سورۃ البقرۃ 151

تزکیہ:

حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کا ایک وصف تزکیہ فرمانا ہے۔حضور-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کی ذات اقدس واطہر اتنی طیب وطاہر ہے کہ آپ جس پر بھی نظر کرم فرماتے ہیں وہ پاک وصاف ہو جاتا ہے۔وہ دل جو پہلے غلاظت سے بھرا رہتا تھا آپکی ایک نظر رحمت سے اتنا پاک ہوجاتا کہ آئینہ کی طرح چمکنے لگتا۔

نفرت وعداوت سے بھرپور دلوں کو اتنا پاک کرتے کہ وہ محبت والفت کا سرچشمہ بن جاتے۔ فسق وفجور کے دلدادہ لوگوں کو اتنا پاک کرتے کہ وہ تقوی وطہارت کی مثال بن جاتے دیکھئے دیکھئے!

نفرت وعدوات سے بھرا دل لیکر عمیر عازم مدینہ ہوتا ہے۔زہر میں بجھی تلوار گلے میں حمائل کرکے قتل کے برے ارادے سے مسجد نبوی کے باہر پہنچتا ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک نظر کرم سے اسے یوں پاک کر دیا جاتا ہے کہ پھر وہ اسلام کا نڈر داعیہ بن جاتا ہےاور اپنی زندگی اشاعت اسلام کیلئے وقف کر دیتا ہے۔

بدنصیبوں کے سردار ابوجہل کا بیٹا عکرمہ جو خود بھی دشمنی میں اپنے باپ سے پیچھے نہ تھا لیکن جب نظر کرم ہوگئی وہ اتنا پاک ہوگیا کہ آغوش اسلام میں آنے بعد رات بھر قرآن کی تلاوت کرتا اور روتا رہتا تھا۔بالآخر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت کے پرچم کی حفاظت کرتے ہوئے یمامہ کی سرزمین میں جام شہادت نوش کرگیا۔

تعلیم کتاب وحکمت:

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصف جمیل ہے آپ کتاب وحکمت کی تعلیم دیتے تھے۔عرب کے ان پڑھ اجڈ جب آپ کے دامن رحمت سے وابستہ ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت پر لبیک کہا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو کتاب وحکمت کی وہ تعلیم دی کہ دنیا کا علم تو ایک طرف ان کی نگاہ میں عالم بالا کے اسرار بھی عیاں ہوگئے اور اسرار غیبیہ کے رازداں ہوگئے۔

دعوت

انبیاء کرام علیہم السلام کا وظیفہ

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلاً اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوْا الطَّاغُوْتَ ۔1

ترجمة :

اور ہم نے بھیجا ہر امت میں ایک رسول جو انہیں یہ تعلیم دے کہ عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی اور دور رہو طاغوت سے ۔

-☆-

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۔2

ترجمة :

اور ہم نہیں بھیجتے رسولوں کو مگر خوشخبری سنانے کیلئے اور عذاب جہنم سے ڈرانے کیلئے ۔

-☆-

(۱) سورۃ النحل آیت ۳۶

(۲) سورۃ الانعام جزء ۷ من آیت ۴۸

حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ دَعَوْتُ قَوْمِیْ لَیْلًا وَّنَهَارًا o فَلَمْ یَزِدْهُمْ دُعَآءِ یْ اِلَّا فِرَارًا o وَاِنِّیْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِیْٓ اٰذَانِهِم وَاسْتَغْشَوْا ثِیَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوْا اسْتِكْبَارًا o ثُمَّ اِنِّیْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا o ثُمَّ اِنِّیْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا o فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا o [1]

ترجمۃ:

نوح نے عرض کی اے میرے رب! میں نے دعوت دی اپنی قوم کو رات کے وقت اور دن کے وقت لیکن میری دعوت کے باعث انکے فرار ونفرت میں اضافہ ہوا۔ اور جب بھی میں نے انہیں بلایا تا کہ تو ان کو بخش دے تو ہر بار انہوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ٹھونس لیں اور اپنے اوپر لپیٹ لیے اپنے کپڑے اور، اڑ گئے کفر اور پرلے درجے کے متکبر بن گئے۔ پھر بھی میں نے ان کو بلند آواز سے دعوت دی۔ پھر انہیں کھلے بندوں بھی سمجھایا اور چپکے بھی انہیں تلقین کی۔ پس میں نے کہا ابھی وقت ہے معافی مانگ لو اپنے رب سے بے شک وہ بہت بخشنے والا ہے۔

-☆-

(1) سورۃ نوح: ۵-۱۰

انبیاء کرام علیہم السلام نے
اپنی امتوں کو حکم دیا کہ وہ داعی بن جائیں

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتَابَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ [1]

ترجمة :

نہیں ہے مناسب کسی انسان کیلئے کہ جب عطا فرمادے اللہ تعالیٰ کتاب، حکومت اور نبوت تو پھر وہ کہنے لگے لوگوں سے کہ بن جاؤ میرے بندے اللہ کو چھوڑ کر۔ وہ تو یہ کہے گا کہ بن جاؤ اللہ والے اس لیے کہ تم دوسروں کو تعلیم دیتے رہتے تھے کتاب کی اور بوجہ اسکے کہ تم خود بھی اسے پڑھتے تھے۔

-☆-

(۱) سورۃ آل عمران آیت ۷۹

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى:

وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ . فَقَالَ: كُوْنُوْا حُكَمَاءَ فُقَهَاءَ.

وَقَالَ الْبُخَارِيُّ: وَيُقَالُ الرَّبَّانِيُّ:

الَّذِيْ يُرَبِّي النَّاسَ بِصِغَارِ الْعِلْمِ قَبْلَ كِبَارِهٖ.(1)

ترجمة الحديث

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد

وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا:

ہو جاؤ علم و حکمت والے اور فقہ و دانائی والے۔

حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

ربانی اسے کہتے ہیں:

جو لوگوں کی تربیت کرے چھوٹے علم کے ذریعے بڑے علم سے پہلے۔

-☆-

(۱) صحیح البخاری

فتح الباری (۱/۱۶۰)

کنوز الدعوۃ الی اللہ صفحہ ۳۱۸

دعوت الی اللہ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متبعین کا طریقہ وشیوہ ہے

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔[1]

ترجمۃ:

آپ فرمادیجیے یہ میرا راستہ ہے میں تو بلاتا ہوں اللہ تعالیٰ کی طرف واضح دلیل پر ہوں میں اور جو میری پیروی کرتے ہیں وہ بھی اللہ کی طرف بلاتے ہیں۔اور ہر عیب سے پاک ہے اللہ تعالیٰ اور نہیں ہوں میں مشرکوں سے۔

-☆-

(۱) سورۃ یوسف آیت ۱۰۸

دعوت حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس امت پر فرض ہے

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – اَنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – قَالَ:

بَلِّغُوْ عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً.

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میرا پیغام پہنچا دو اگرچہ ایک آیت ہی ہو۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۴۶۱)	جلد۲	صفحہ۱۰۷۶
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۲۵۶)	جلد۱۴	صفحہ۱۴۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۹۶)	جلد۱	صفحہ۱۴۷
جامع الاصول	رقم الحدیث (۵۸۵۰)	جلد۸	صفحہ۱۸
قال المحقق	صحیح		

اے اہل اسلام!

کبھی ہم نے اس مبارک ارشاد پر غور کیا۔ کیا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیغام وارشاد مبارک کو دوسروں تک پہنچانے کی کبھی زحمت گوارا کی۔ وہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اپنی امت پر انتہائی شفیق ہیں اور امت کی بھلائی و عافیت کے حریص ہیں۔ ان سے نسبتِ غلامی کا تقاضا ہے کہ ہم حضور نبی کریم ۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ کے ارشادات کو عام کریں۔ اپنے بیگانے تک پہنچائیں، ماننے نہ ماننے والوں تک پہنچائیں۔

شاید ہماری زبانیں ہمارے قلم میں اتنی طاقت نہ ہو کہ وہ دوسرے پر اثر انداز ہو سکے لیکن یہ عین ممکن ہے کہ اس ذات اقدس واطہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے ارشادات جو خود اتنے اثر انگیز ہیں وہ دلوں کی دنیا بدل دیں۔

ہم تو صرف ارشاد گرامی پر عمل کرتے ہوئے آپ کی زبان اقدس سے نکلے ہوئے قطرۂ شبنم سے پاک کلمات دوسروں تک پہنچائیں گے۔ آگے ارشادات مبارکہ کی اپنی تاثیر ہے کہ کبھی کبھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان اقدس سے نکلا ہوا ایک ارشاد مبارک انسان کی کئی نسلوں کو سنوار جاتا ہے۔

وَمَا ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۶۶۹)	جلد۳	صفحہ۲۶
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۴۸۶)	جلد۶	صفحہ۴۱
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۸۸۸)	جلد۷	صفحہ۳۷۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۰۰۶)	جلد۷	صفحہ۴۴۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۸۳۷)	جلد۱	صفحہ۵۴۶
قال الالبانی	صحیح		

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی
حاضر وموجود غیر حاضر اور غائب کو میرا ارشاد پہنچا دے

عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : خَطَبَنَا النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – یَوْمَ النَّحْرِ قَالَ:

اَلَا ھَلْ بَلَّغْتُ . قَالُوْا : نَعَمْ قَالَ:

اَللّٰھُمَّ اشْھَدْ ، فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ ، فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰی مِنْ سَامِعٍ .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۷)	جلد۱	صفحہ۴۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۵)	جلد۱	صفحہ۶۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۷۴۱)	جلد۱	صفحہ۵۱۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۱۹۷)	جلد۲	صفحہ۹۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۴۴۰۶)	جلد۳	صفحہ۱۳۳۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۴۶۶۲)	جلد۳	صفحہ۱۴۲۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۵۵۰)	جلد۴	صفحہ۱۷۸۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۷۸)	جلد۴	صفحہ۲۲۱۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۴۴۷)	جلد۴	صفحہ۲۲۳۵

ترجمة الحدیث،

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یوم نحر خطبہ ارشا فرمایا، ارشاد فرمایا:

کیا میں نے اللہ کا ارشاد پہنچا دیا؟ سب نے عرض کی:

ہاں یا رسول اللہ! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے اللہ! گواہ ہو جا میں نے تیرا حکم وارشاد لوگوں تک پہنچا دیا پس اب موجود غائب کو پیغام پہنچا دے، کتنے ایسے لوگ ہیں جن تک پیغام پہنچایا جاتا ہے زیادہ یادرکھنے والے ہیں پیغام سننے والے سے۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۶۷۹)	جلد ۳	صفحہ ۱۳۰۵
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۴۳۸۳)	جلد ۳	صفحہ ۱۲۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۴۳۸۴)	جلد ۳	صفحہ ۱۳۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۴۳۸۵)	جلد ۳	صفحہ ۱۳۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۴۳۸۶)	جلد ۳	صفحہ ۱۳۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۴۰۷۷)	جلد ۴	صفحہ ۱۸۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۴۰۷۸)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۴۲۰۱)	جلد ۴	صفحہ ۲۳۳
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۸۱۹)	جلد ۵	صفحہ ۳۶۵
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۸۲۰)	جلد ۵	صفحہ ۳۶۵
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۵۹۳)	جلد ۳	صفحہ ۹۶
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۳۸۴۸)	جلد ۹	صفحہ ۱۵۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۵۵)	جلد ۱	صفحہ ۱۸۶
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۱۹۴۷)	جلد ۱	صفحہ ۵۴۷
قال الالبانی	صحیح		

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۱۵۹)	جلد۳	صفحہ۳۸۶
قال المحقق	صحیح		
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (۵۷۰۳)	جلد۷	صفحہ۳۴۴
قال المحقق	اسنادہ صحیح		
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (۳۵۲۴)	جلد۵	صفحہ۳۳۹
قال المحقق	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۲۶۵)	جلد۱۵	صفحہ۲۰۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۲۶۶)	جلد۱۵	صفحہ۲۰۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۲۸۶)	جلد۱۵	صفحہ۲۰۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۲۹۸)	جلد۱۵	صفحہ۲۱۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۳۷۷)	جلد۱۵	صفحہ۲۳۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سے بیعت، دعوت پر

عَنْ جُرِيْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:
بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – عَلٰى اِقَامِ الصَّلَاةِ ، وَاِيْتَاءِ الزَّكَاةِ ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۷)	جلد ۱	صفحہ ۴۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۲۴)	جلد ۱	صفحہ ۱۷۸
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۴۰۱)	جلد ۱	صفحہ ۴۱۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۱۵۷)	جلد ۲	صفحہ ۲۳۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۷۱۵)	جلد ۲	صفحہ ۸۲۸
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۶)	جلد ۱	صفحہ ۷۵
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۹۹)	جلد ۱	صفحہ ۸۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۳۱۷)	جلد ۳	صفحہ ۲۰۳
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۷۳۳)	جلد ۷	صفحہ ۱۷۲
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۷۵۰)	جلد ۷	صفحہ ۱۸۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۷۵۱)	جلد ۷	صفحہ ۱۸۰

ترجمة الحديث،

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی کہ نماز قائم کروں گا، زکوۃ ادا کروں گا اور ہر مسلم سے خیر خواہی کروں گا۔

-☆-

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۵۴۵)	جلد۱۰	صفحہ۴۱۱
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرطھما		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۹۲۵)	جلد۲	صفحہ۳۵۰
قال الالبانی:	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۰۶۳)	جلد۱۴	صفحہ۴۰۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۰۶۴)	جلد۱۴	صفحہ۴۰۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۰۹۱)	جلد۱۴	صفحہ۴۰۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۱۲۵)	جلد۱۴	صفحہ۴۱۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۱۳۵)	جلد۱۴	صفحہ۴۱۹
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۱۴۴)	جلد۱۴	صفحہ۴۲۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۱۴۵)	جلد۱۴	صفحہ۴۲۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۸۹۵)	جلد۳	صفحہ۴۲۵
قال الالبانی:	متفق علیہ		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۶۴۰)	جلد۲	صفحہ۵۶۴
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۱۱۴)	جلد۱	صفحہ۵۸۶
قال المحقق	صحیح		

عالم کے لئے آسمان وزمین میں بسنے والے استغفار کرتے ہیں
بلکہ پانی میں مچھلیاں بھی استغفار کرتی ہیں
عالم کی فضیلت عابد پر ایسے ہے جیسے چاند کی
فضیلت باقی تاروں پر، علماء انبیاء کے وارث ہیں

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہِ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – یَقُوْلُ:

مَنْ سَلَکَ طَرِیْقاً یَلْتَمِسُ فِیْہِ عِلْماً سَھَّلَ اللّٰہُ لَہٗ طَرِیْقاً اِلَی الْجَنَّۃِ ،

وَاِنَّ الْمَلَائِکَۃَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَھَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا یَصْنَعُ ،

وَاِنَّ الْعَالِمَ لَیَسْتَغْفِرُ لَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوَاتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ ، حَتّٰی الْحِیْتَانُ فِی الْمَاءِ ، وَفَضْلُ الْعَالِمِ عَلَی الْعَابِدِ کَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلٰی سَائِرِ الْکَوَاکِبِ ،

وَاِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ ، وَاِنَّ الْاَنْبِیَاءَ لَمْ یُوَرِّثُوا دِیْنَاراً وَلَا دِرْھَماً ، اِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ ، فَمَنْ اَخَذَہٗ اَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ ۔

ترجمة الحديث،

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۳۶۴۳)	جلد۲	صفحہ۴۰۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۳۶۴۱)	جلد۲	صفحہ۴۰۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۶۴۶)	جلد۲	صفحہ۵۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۲۹۸)	جلد۲	صفحہ۱۰۷۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۴)	جلد۱	صفحہ۲۸۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرطہما		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۴۳۵)	جلد۹	صفحہ۱۵۹
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۲۲۳)	جلد۱	صفحہ۱۳۵
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۲۸)	جلد۲	صفحہ۲۷۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۲۹)	جلد۲	صفحہ۲۷۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۳۲)	جلد۳	صفحہ۲۱۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۳۳)	جلد۳	صفحہ۲۱۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۵۱۰۶)	جلد۴	صفحہ۱۲۰
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۷۰)	جلد۱	صفحہ۱۳۸
قال الالبانی	حذا الحدیث حسن		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۸۴)	جلد۱	صفحہ۱۳۸
قال الالبانی	حذا الحدیث صحیح		

جس نے کوئی راستہ طے کیا علم حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت تک راستہ آسان کر دیتا ہے۔

بے شک طالب علم کے لئے فرشتے اپنے پر بچھا دیتے ہیں جو وہ کر رہا ہے اس سے خوش ہو کر۔

بے شک عالم کے لئے استغفار کرتی ہے آسمانوں اور زمین کی تمام مخلوق یہاں تک کہ مچھلیاں پانی میں اس کے لئے استغفار کرتی ہیں۔

عالم کی عابد پر فضیلت ایسے ہے جیسے چاند کی فضیلت باقی تاروں پر۔

بے شک علماء انبیاء کے وارث ہیں انبیاء دینار و درہم کے وارث نہیں بناتے وہ تو علم کا وارث بناتے ہیں۔ جس نے اس علم کو لے لیا (حاصل کرلیا) اس نے ان کی وراثت سے کافی حصہ لے لیا۔

-☆-

دعوت حکمت کے ساتھ اور
عمدہ حسین وعظ و نصیحت کے ساتھ

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ۔[1]

ترجمۃ:

اے محبوب! بلایئے (لوگوں کو) اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت سے اور عمدہ نصیحت سے اور ان سے بحث و مناظرہ اس انداز سے کیجیے جو بڑا پسندیدہ اور شائستہ ہو۔

-☆-

(۱) سورۃ النحل جزء من الآیۃ ۱۲۵

خسارہ ونقصان
سے پاک لوگ

وَالْعَصْرِ o اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ o اِلَّا الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ o[1]

ترجمۃ:

قسم ہے زمانے کی۔یقیناً ہر انسان خسارہ میں ہے۔سوائے ان خوش نصیبوں کے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے۔نیز ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی تاکید کرتے رہے۔

-☆-

(۱) سورۃ العصر آیت ۱تا۳

امام المفسرین حضرت امام فخر الدین الرازی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشادِ گرامی:

فِيْهَا وَعِيْدٌ شَدِيْدٌ ، وَذٰلِكَ لِاَنَّ اللّٰهَ حَكَمَ بِالْخَسَارَةِ عَلٰى جَمِيْعِ النَّاسِ اِلَّا مَنْ كَانَ آتِياً بِهٰذِهِ الْاَشْيَاءِ الْاَرْبَعَةِ ، وَهِيَ:

الْاِيْمَانُ ، وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ ، وَالتَّوَاصِيْ بِالْحَقِّ ، وَالتَّوَاصِيْ بِالصَّبْرِ ، فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّ النَّجَاةَ مُعَلَّقَةٌ بِمَجْمُوْعِ هٰذِهِ الْاُمُوْرِ ، وَاَنَّهُ كَمَا يَلْزِمُ الْمُكَلَّفَ تَحْصِيْلُ مَا يَخُصُّ نَفْسَهُ ، فَكَذٰلِكَ يَلْزَمُهُ فِيْ غَيْرِهِ اُمُوْرٌ ، مِنْهَا:

الدُّعَاءُ اِلَى الدِّيْنِ ، وَالنَّصِيْحَةُ ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ ، وَاَنْ يُحِبَّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ.

ترجمة :

اس سورت میں بڑی سخت وعید ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تمام لوگوں پر خسارہ کا حکم لگایا مگر خسارہ سے وہی لوگ محفوظ ہیں جو ان چار چیزوں سے متصف ہیں۔

(۱) ایمان

(۲) عمل صالح

(۳) حق کی وصیت وتلقین

(۴) صبر کی وصیت وتلقین

اس ارشاد مبارکہ سے یہ بات واضح ہوگئی کہ نجات ان چار امور کے مجموعہ سے متعلق ہے جیسے مکلّف پر ان چیزوں کا حصول لازم ہے جو اس کی اپنی ذات کیساتھ خاص ہیں ایسے ہی وہ امور بھی لازم ہیں جنکا تعلق دیگر کے امور کیساتھ ہے ان میں سے

(۱) دین کی دعوت دینا

(۱) التفسیر الکبیر صفحہ ۸۰،۸۹ جلد ۳۲

(۲)ان کے لئے نصیحت

(۳)امر بالمعروف۔نیکی کا حکم دینا۔

(۴) نہی عن المنکر ۔برائی سے روکنا۔

(۵)ان کے لئے وہ پسند کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

-☆-

دعوت دینے والی جماعت
کا وجود ضروری ہے

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ[1]

ترجمۃ :

ضرور ہونی چاہیے تم میں ایک جماعت جو بلایا کرے نیکی کی طرف اور حکم دیا کرے بھلائی کا اور روکا کرے بدی سے اور یہی لوگ کامیاب وکامران ہیں۔

-☆-

فلاح ادھوری اور نا تمام کامیابی کو نہیں کہتے بلکہ فلاح کا لفظ ہمہ جہت کامل کامیابی کیلئے بولا جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ کا یہ ارشادگرامی اس جماعت کیلئے کتنی بڑی نوید ہے جو جماعت دعوت الی اللہ کا فریضہ سرانجام دیتی ہے۔اللہ کی طرف بلانے والی جماعت، دین اسلام کا علم بلند کرنے والی جماعت، دین حق کی شمع ہاتھ میں لے کر تاریک جہاں کو منور کرنے والی جماعت۔

(۱) سورۃ آل عمران آیت ۱۰۴

مبارک ہو ایسے افراد کو جو اس جماعت میں شامل ہیں جو لوگوں کو دعوت خیر دیتی ہے، نیکی کا حکم دیتی ہے، نیکی کا نور بکھیرتی ہے۔بدی سے روکتی ہے اور بدی کی ظلمت مٹانا چاہتی ہے۔

اے اہل اسلام!

آیئے ہم سب مل کر دین حق کی اشاعت وترویج کی کوشش کریں، اسلام کی پیاری تعلیمات عام کرنے کی سعی کریں۔دین حق کی نور بھری ہدایات سے لوگوں کے سینے منور کرنے کی کوشش کریں پھر یقیناً اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کے مطابق ہمیں کامیابی، مکمل کامیابی، ہمہ جہت کامیابی اور لازمی کامیابی سے سرفراز فرمائے گا۔

-☆-

دعوت مومنوں کے لئے فائدہ مند

وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَىٰ تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِينَ۔ ۱

اور آپ سمجھاتے رہیے یقیناً سمجھانا اہل ایمان کے لئے فائدہ بخش ہے۔

-☆-

لوگوں کو وعظ ونصیحت کرنا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ مبارکہ ہے اور آپ کے نیازمندوں، آپ کے اطاعت شعار امتیوں کا وطیرہ ہے۔ یہ پند ونصائح یہ وعظ وارشاد اھل ایمان کو نفع پہنچاتا ہے۔ جس کو اللہ تعالیٰ نفع کہہ رہا ہو اس کی افادیت کا کون انکار کرسکتا ہے۔

آیئے پہلے اپنے نفس کو پند ونصیحت کریں پھر اپنے اہل خانہ کو سمجھائیں، پھر اطراف عالم میں پھیل کر دین کا نور بکھیرنے کی کوشش کریں۔ قیامت تک یہ دین باقی رہنے والا ہے، یہ دین آہستہ آہستہ دھیرے دھیرے دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیل رہا ہے۔ وہ وقت دور نہیں جب دنیا کے ہر خطہ سے صبح وشام حی علی الصلاۃ کی مسحور کن آوازیں آئیں گی۔ اور اہل اسلام بڑی محبت وچاہت سے اللہ ذوالجلال والاکرام کی بارگاہ میں اپنا سر جھکا کر سبحان ربی الاعلیٰ کے ورد کی گونج مچا دیں گے۔

(۱) سورۃ الذاریات آیت ۵۵

بدی کو مٹا دیجئے
قوت بازو سے
زبان سے یا دل سے

عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ :

أَوَّلُ مَنْ بَدَأَ بِالْخُطْبَةِ يَوْمَ الْعِيْدِ قَبْلَ الصَّلَاةِ مَرْوَانُ فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: اَلصَّلَاةُ قَبْلَ الْخُطْبَةِ ؟ فَقَالَ:

قَدْ تُرِكَ مَا هُنَالِكَ فَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ : أَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضٰى مَا عَلَيْهِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَقُوْلُ:

مَنْ رَأٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ ، فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۴۹)	جلد ۱	صفحہ ۶۹
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۲۵۰)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۷۳
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح =		

= الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٣٣٩٧)	جلد٣	صفحہ١٧٦
قال المحقق	ھذا الحدیث صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (٢١٧٢)	جلد٢	صفحہ۴٦٠
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (١٢٧٥)	جلد٢	صفحہ١١٨
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۴٠١٣)	جلد۴	صفحہ۴٠٥
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (٥٠٢٣)	جلد٣	صفحہ٣٢٦
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (٥٠٢۴)	جلد٣	صفحہ٣٢٦
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (٥٠٦٥)	جلد۴	صفحہ۴٨٣
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٢٣٠٢)	جلد٢	صفحہ٥٧٢
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٣٠٦)	جلد١	صفحہ٥۴٠
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٣٠٧)	جلد١	صفحہ٥۴١
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١١٠٩٣)	جلد١٠	صفحہ٢٦
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١١٠١٥)	جلد١٠	صفحہ٣٥
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١١٣٩٨)	جلد١٠	صفحہ١٥۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١١۴٣٠)	جلد١٠	صفحہ١٦۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۴٣۴٠)	جلد٣	صفحہ٣٦
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (١١۴٠)	جلد١	صفحہ٣١٢
قال الالبانی	صحیح		

ترجمۃ الحدیث:

حضرت طارق بن شہاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عید کے دن نماز سے قبل خطبہ دینا سب سے پہلے مروان بن حکم نے شروع کیا تو ایک آدمی نے اس سے کہا: نماز خطبہ سے پہلے ہے؟ مروان نے کہا کہ وہ بات اب متروک ہو چکی ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اس شخص نے اپنی ذمہ داری ادا کر دی ہے، میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

تم میں سے جو کوئی برائی دیکھا سے چاہئے کہ وہ اسے قوت بازو سے بدل دے۔ اگر وہ اس کی طاقت نہیں رکھتا تو اسے زبان سے (وعظ و ارشاد) سے بدل دے۔ اگر وہ اس کی طاقت نہیں رکھتا تو اسے دل سے دعا کر کے بارگاہ الٰہی میں التجا کر کے بدل دے اور صرف دعا پر انحصار کمزور ترین ایمان ہے۔

-☆-

نیکی و بدی، خیر و شر کی جنگ شروع دن سے جاری ہے اور جب تک لیل و نھار کا سلسلہ ہے یہ جنگ جاری رہے گی۔ اگر نیکی کا غلبہ ہے تو ہر طرف خیر ہی خیر ہے، ہر طرف بہار ہی بہار ہے، ہر طرف امن و سکون اور پیار ہے۔ لیکن اگر بدی کا غلبہ ہو گیا تو چار سو شر پھیل جائے گا، ہر طرف خزاں کا منظر ہو گا۔ لوٹ مار، بے سکونی و بے اطمینانی، نفس پرستی اور خواہشات نفسانی کا زور ہو گا۔ اس لئے نیکی کو پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں اور بدی کو مٹانے کی سعی کرتے ہیں۔ بدی بدی ہے اس کو پنپنے کا موقع نہیں دیتے، اس کو جڑ پکڑنے کا وقت نہیں دیتے، بلکہ ہمہ وقت بدی کو مٹانے اس کا اثر ختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان شاء اللہ جب بدی دیکھے گی کہ مجھے یہاں سکون نہیں تو وہ خود بھاگ جائے گی۔ پھر نیکی و خیر کا بسیرا ہو گا جس سے ہم کیا ہماری نسلیں سنور جائیں گی۔

بدی کو ختم کرنے کیلئے قوت بازو کا سہارا لیتے ہیں۔ ایمان والے کے ہاتھوں میں وہ طاقت ہوتی ہے کہ جملہ شیطان قوتیں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتیں۔

ہاتھ ہے اللہ کا بندہ مومن کا ہاتھ

غالب وکار آفریں کارکشا کارساز

اگر حالات ایسے ہوں کہ قوت بازو استعمال نہیں ہوسکتی تو اپنی زبان کی طاقت کو اس سمت لگائے، زبان کی مٹھاس سے بدی کی کڑواہٹ کو ختم کرنے کی کوشش کریں۔زبان سے نکلے ہوئے نور بھرے کلمات سے کفر کے ظلمت خانہ کی جڑیں کھوکھلی کردیں۔

ایک مومن، سچے مومن کی زبان بھی کم طاقت ور نہیں ہے یہ زبان کی اثر آفرینی ہے کہ دنیا کے جن خطوں میں کبھی مجاھد اسلام داخل ہی نہیں ہوئے وہاں بھی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ماننے والوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔جہاں اسلامی فوج کبھی گئی ہی نہیں اس علاقے کا اسلام کی آغوش میں آجانا یہ اھل اسلام کی زبان، سچی اور سچی زبان کا کارنامہ ہے۔

اگر ایسی جگہ ہو جہاں زبان بھی استعمال نہ ہوسکتی ہو یا مومن کسی مصلحت کا شکار ہوگیا ہوتو پھر اسے بدی مٹانے کیلئے دل کے دریچے وا کرنا ہوں گے۔

سب سے پہلے دل سے بدی کے خلاف نفرت اٹھے پھر انسان رات کے سناٹے میں اللہ وحدہ لاشریک کی بارگاہ میں دعائیں مانگے!

اے خالق ومالک!

اے پاک پروردگار!

اے دین حق دین اسلام کے رکھوالے!

تیری جناب میں اس بندہ ناتواں کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اسلام کا بول بالا کردے، اسلام کے دشمنوں کو اسلام کا والا وشیدا کردے۔انہیں اپنی رحمت وکرم سے دین حق کی وہ آغوش نصیب فرما کہ پھر وہ کیا ان کی نسلیں بھی تیرے دین کی محافظ ونگہبان بن جائیں۔

-☆-

سب سے بہتر افضل امت

كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللهِ ۔[1]

ترجمة:

ہوتم بہترین امت جو ظاہر کی گئی ہے لوگوں کی ہدایت و بھلائی کے لئے تم حکم دیتے ہو نیکی کا اور روکتے ہو برائی سے اور ایمان رکھتے ہو اللہ پر۔

امام ابن جریر الطبری فرماتے ہیں:

كُنْتُمْ خَيْرَ النَّاسِ عَلٰى هٰذَا الشَّرْطِ:

اَنْ تَاْمُرُوا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْا بِاللهِ ۔[2]

تم سب لوگوں سے بہتر ہو اس شرط پر کہ

تم لوگوں کو نیکی کا حکم دو

تم لوگوں کو برائی سے روکو اور

(۱) سورۃ آل عمران آیت ۱۱۰

(۲) تفسیر الطبری رقم الاثر ۷۶۱۵

تم اللہ تعالیٰ پر ایمان لاؤ

یہ امت خیر الامم ہے، یہ امت دنیا میں بسنے والی تمام امتوں سے افضل و برتر ہے۔شرط یہ ہے کہ یہ امت نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور ایمان کی دولت سے لبریز ہو۔

ہاں ہاں جب تک یہ امت نیکی کا حکم دیتی رہی اور برائی سے روکتی رہی، خیر و بھلائی کے پھیلانے کی کوشش کرتی رہی، گناہ و معصیت کے خلاف جنگ کرتی رہی تو یہ امت سب سے بہتر امت رہی۔لیکن جیسے ہی اس نے اپنے اس فرض ،فرض دعوت کو نظر انداز کر دیا کئی حصوں میں بٹ کر خود ہی اپنی طاقت وسطوت ختم کر بیٹھی۔

اے فرزندان اسلام!

اٹھئے!اپنے اس فرض کو پہچانیے، اللہ کے دین کی دعوت کا جھنڈا ہاتھ میں لے کر نکلئے پھر دیکھئے رحمت خداوندی کس شان سے تمہارا استقبال کرتی ہے۔

کاہلی اور سستی کو چھوڑیے، نیکی کا حکم دیجیے، خود سراپا نیکی بن جایئے، نیکی کے نور سے عالم میں اجالا کر دیجیے۔

بدی کو مٹایئے، خود اپنے ہاتھ سے مٹانے کی سعی کیجیے۔زبان کو استعمال کیجیے یا دل سے بدی کے ختم ہونے کی دعا ہی کر دیجیے پھر دیکھئے گا۔

وہی قرون اولیٰ والا نظارہ ہوگا، بڑی بڑی غیر مسلم حکومتیں کاسہ گدائی لئے تمہارے در پر حاضر ہونگی۔آج جن کا طوطی بول رہا ہے ان شاء اللہ کل یہ تمہارے باج گزار ہوں گے۔یہ اللہ کا وعدہ ہے، خدائی وعدہ پورا ہو کر رہتا ہے۔کمی ہے تو صرف ہماری طرف سے ہے، ہم آج ہی کمر ہمت باندھ لیں، دین حق کے داعیہ بن جائیں، نیکی سے محبت اور اس کو پھیلانے کی سعی کریں بدی سے نفرت اور اس کو مٹانے کی کوشش کریں پھر دیکھئے گا ان شاء اللہ

سورج بعد میں غروب ہوگا اللہ تعالیٰ کا وعدہ پہلے پورا ہوگا۔

ہر قوم اور قبیلہ سے چند افراد دعوت کے لئے مخصوص ہونے چاہیے

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوْا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ۔[1]

ترجمة :

اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ مومن نکل کھڑے ہوں سارے کے سارے۔ تو کیوں نہ نکلے ہر قبیلہ سے چند آدمی تا کہ تفقہ حاصل کر سکیں دین میں اور ڈرائیں اپنی قوم کو جب لوٹ کر آئیں ان کی طرف تا کہ وہ نافرمانیوں سے بچیں۔

-☆-

ہر قبیلہ، ہر قوم اور ہر خاندان سے کچھ تو ایسے افراد ہونے چاہئیں جو ہمیشہ کلمۃ اللہ بلند کرنے کی کوشش میں لگے رہیں، جس قوم کے کچھ افراد راہِ حق میں نکل کھڑے ہوئے اور دین کی تبلیغ واشاعت کیلئے

(۱) سورۃ التوبہ آیت ۱۲۲

اپنی زندگیاں وقف کردیں ۔نیکی کی ترغیب دینے اور برائی کا راستہ روکنے کیلئے اپنی توانائیاں صرف کر دیں تو سمجھ لیجئے اس قوم پر اللہ تعالیٰ کی خصوصی عنایات ہیں اور عنایات ربانیہ سے یوں مالا مال ہیں کہ اپنی پوری قوم کیلئے وجہ افتخار بلکہ وجہ نجات بن جائیں گے۔

ہر خاندان میں کچھ افراد ایسے ہونے چاہئیں جن کے سر میں اشاعت دین کا سودا سمایا ہوا ہو۔ جو اسلام کی دعوت کیلئے دیوانے بنے ہوں۔جنہیں موسم کی سختی، افراد کی ترش روئی، اپنوں کی سردمہری راہ حق سے پھیر نہ سکے تو یقین جانیے! اس پورے خاندان پر اللہ تعالیٰ کی خصوصی نوازشات ہونگی اور ان شاء اللہ یہ نوازشات دونوں جہاں میں ان کی دستگیری کریں گی۔

-☆-

دعوت متقیوں
کی صفت ہے

الٓمٓ o ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَارَیْبَ فِیْهِ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ o الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ o[1]

ترجمة :

الف۔لام۔میم۔یہ ذی شان کتاب جس میں کوئی شک نہیں۔یہ ہدایت ہے متقیوں کے لئے۔وہ جو ایمان لائے ہیں غیب پر اور صحیح ادا کرتے ہیں نماز اور اس سے جو ہم نے انہیں روزی دی خرچ کرتے ہیں۔

-☆-

یہ کتاب حکمت، یہ قرآن مجید، یہ کلام الٰہی اس میں شک وشبہ کی گنجائش تک نہیں۔یہ سراپا ہدایت ہے متقی اور پرہیز گاروں کیلئے جو ایمان بالغیب کے وصف سے متصف ہیں۔

(۱) سورۃ البقرۃ آیت ۱ تا ۳

نماز کو ظاہری اور باطنی حقوق سے ادا کرتے ہیں اور
اللہ تعالیٰ نے جو انہیں دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

-☆-

حضرت امام حسن بصری کا ارشاد:

قَالَ الْإِمَامُ الْحَسَنُ الْبَصرِیُّ فِیْ تَفْسِیْرِ قَوْلِهٖ تَعَالٰی :
وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۔
اِنَّ مِنْ اَعْظَمِ النَّفَقَةِ نَفَقَةُ الْعِلْمِ ۔[1]

حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ:
وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۔
اور جو ہم نے انہیں رزق دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ کی تفسیر میں فرماتے ہیں
سب سے عظیم رزق جو خرچ کیا جاتا ہے وہ علم کا خرچ ہے۔

-☆-

حضرت امام قرطبی کا ارشاد:

قَالَ بَعْضُ الْمُتَقَدِّمِیْنَ فِیْ تَاْوِیْلِ قَوْلِهٖ تَعَالٰی:
وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۔ اَیْ مِمَّا عَلَّمْنَاھُمْ یُعَلِّمُوْنَ ۔[2]

حضرت امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس آیت کی تفسیر میں بعض متقدمین فرماتے ہیں:
وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۔
اور جو ہم نے انہیں رزق دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ یعنی ہم نے جو انہیں علم

(۱) تفسیر ابن کثیر: صفحہ ۴۲ جلد ۱
(۲) تفسیر القرطبی صفحہ ۱۷۹ جلد ۱

سکھایا ہے اسے دوسروں کو سکھاتے ہیں۔

-☆-

جو خوش بخت علم خرچ کرتا ہے، علم کا نور بکھیرتا ہے۔ یہ وہی ہے جو دوسروں کو اسلام کی نوری تعلیمات سے آشنا کر رہا ہے۔ یہی وہ خوش قسمت ہے جو شرک وبدعت کی تاریک رات میں توحید ورسالت کی شمع جلاتا ہے۔ جس کی روشنی سے کئی بے راہ صراط مستقیم پر آ جاتے ہیں۔ وہ خود کیا سنورتے ہیں دوسروں کیلئے بھی ھادی وراہنما بن جاتے ہیں۔

-☆-

/

عباد الرحمٰن کی دعا

اے اللہ! ہمیں متقین کا امام بنا دے

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (1)

اور وہ جو عرض کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! مرحمت فرما ہمیں بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور بنا ہمیں پرہیز گاروں کے لئے پیشوا۔

-☆-

(1) سورۃ الفرقان آیت ۷۴

علم بکھیرنے والا عالم قابل رشک ہے

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ النَّبِيُّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اِثْنَتَيْنِ : رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَسُلِّطَ عَلٰى هَلَكَتِهٖ فِي الْحَقِّ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْحِكْمَةَ ، فَهُوَ يَقْضِي بِهَا ، وَيُعَلِّمُهَا۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۳)	جلد ۱	صفحہ ۵۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۸۱۵)	جلد ۱	صفحہ ۵۵۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۲۵)	جلد ۳	صفحہ ۱۲۱۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۵۲۹)	جلد ۴	صفحہ ۲۳۵۲
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۲۱)	جلد ۱	صفحہ ۱۲۷
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۳۱)	جلد ۱	صفحہ ۴۹۳
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۵)	جلد ۱	صفحہ ۲۰۵
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		

ترجمة الحدیث،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

رشک دو آدمیوں میں مناسب ہے:

ایک وہ آدمی جیسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا فرمایا تو اسے حق میں خرچ کرنے کی توفیق دے دی گئی اور دوسرا وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے علم و حکمت سے نوازا وہ اس سے فیصلے کرتا ہے اور اسکی دوسروں کو تعلیم دیتا ہے۔

-☆-

صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۲۳)	جلد۱	صفحہ۵۵۰
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۴۸۷)	جلد۲	صفحہ۱۳۳۶
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۴۲۰۹)	جلد۴	صفحہ۵۱۴
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۹۳۶)	جلد۲	صفحہ۳۵۵
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۰۱۸)	جلد۷	صفحہ۳۸۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۰۱۹)	جلد۷	صفحہ۳۸۰
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۲۵)	جلد۱	صفحہ۳۳۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۲۶)	جلد۱	صفحہ۳۳۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۸۱۰)	جلد۵	صفحہ۳۵۸
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۹۲۳)	جلد۴	صفحہ۴۵۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۵۵۰)	جلد۴	صفحہ۳۰۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۱۰۹)	جلد۴	صفحہ۱۴۶
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۶۵۱)	جلد۳	صفحہ۵۳۰
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۵۶۱۸)	جلد۵	صفحہ۱۴۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۱۶۷)	جلد۵	صفحہ۴۰۷
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۳۱۶۲)	جلد۱۲	صفحہ۲۲۹
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۳۳۵۱)	جلد۱۲	صفحہ۲۷۸
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۴۲)	جلد۲	صفحہ۴۳۷

فلاح پانے والا

وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (1)

ترجمة :

ضرور ہونی چاہیے تم میں ایک جماعت جو بلایا کرے نیکی کی طرف اور حکم دیا کرے بھلائی کا اور روکا کرے بدی سے اور یہی لوگ کامیاب وکامران ہیں۔

-☆-

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہماری کاہلی اور سستی کا پہلے ہی علم تھا اس لئے آپ ہمیں خبردار کر رہے ہیں کہ دنیا میں اتنا مگن نہ ہو جانا کہ اپنے فرض منصبی کو بھول جاؤ۔
دنیا کی رنگینی میں اس درجہ غرق نہ ہو جانا کہ تمہیں نیکی پھیلانے کی فرصت ہی نہ ملے اور تمہارے پاس بدی کے سیلاب کو روکنے کا وقت ہی نہ ہو اور نہ ہی تم لوگوں کو میری پیاری سنتیں سکھانا

(1) سورۃ آل عمران آیت ۱۰۴

بھول جاؤ۔

دین کا درد رکھنے والو! اللہ کے بندو!

اٹھو کر ہمت باندھو اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات کو عام کرنے کی سعی کرو۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دل و جان سے پیاری سنتوں کو عام کرنے کیلئے ہر وہ طریقہ استعمال کرگزرو جو ممکن ہو۔

ایسے اجتماعات کا انتظام کرو جہاں لوگوں کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات سے آگاہ کیا جائے۔

علماء حق جو ہر وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیارے دین کو پھیلانے کی سعی کر رہے ہیں ان کے بیانات خود سنو اوروں کو سننے کی دعوت دو۔

دین حق کے مستند علماء کی کتب خود پڑھو، دوسروں تک پہنچاؤ پھر انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب ہر طرف دین اسلام کا اجالا ہو گا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیارے دین کے چرچے ہوں گے۔ دین حق کی نور بھری تعلیمات لوگوں کے سینوں کو روشن کرنے کے ساتھ ساتھ معطر بھی کر رہی ہونگی۔

-☆-

دعوت سراپا خیر و برکت

دعوت دینے والا اجر عظیم کا حقدار

لَا خَیْرَ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوٰهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلٰحٍ بَیْنَ النَّاسِ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِکَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا (1)

ترجمة:

نہیں کوئی بھلائی ان کی اکثر سرگوشیوں میں سوائے ان لوگوں کے جو حکم دیں صدقہ دینے کا یا نیک کام کا یا صلح کرانے کا لوگوں میں اور جو شخص کرے یہ کام اللہ تعالیٰ کی رضامندیاں حاصل کرنے کے لئے تو ہم عطا فرمائیں گے اسے اجر عظیم۔

-☆-

ہر آدمی کو خواہش بلکہ کوشش ہے کہ وہ بہتر ہو جائے، دوسرے لوگوں سے اچھا ہو جائے، وہ خود ہی نہیں بلکہ اس کی اولاد اچھی ہو جائے، اس کا خاندان بہتر ہو جائے۔ اس بہتری کے حصول کیلئے بڑی تگ و دو کرتے ہیں۔ صبح سے شام تک بلکہ رات گئے تک محنت کرتے ہیں لیکن پھر بھی مراد حاصل

(1) سورۃ النساء آیت ۱۱۴

نہیں ہوتی ،مقصد پورا نہیں ہوتا ۔

کبھی غور کیا! خواہش تو ٹھیک ہے لیکن اس کے حصول کا ذریعہ غلط ہے ۔آیئے اس کے حصول کیلئے وہی طریقہ اپنائیں جو ہمارے لئے مقرر کر دیا گیا ہے۔

سب سے پہلے قرآن کریم کی تعلیم حاصل کریں ،قرآن کریم کے اسرار و رموز جاننے کی کوشش کریں ۔علم و حکمت کے جو موتی اس میں چھپے ہوئے ہیں انہیں پانے کیلئے جستجو کریں ۔

اس کے بعد متقی بن جائیں ،اللہ سے ڈریں ،اسکا عذاب ،اس کی گرفت ،اس کی ناراضگی ہمارے پیش نظر رہنی چاہئے ۔جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے وہ گناہ کے نزدیک نہیں جاتا بلکہ ہمیشہ نیکی کے حصول کا طلبگار رہتا ہے اگر کسی وقت نفس یا شیطان کے بہکاوے سے کوئی غلطی یا گناہ سرزد ہو جائے تو فوراً شرمسار ہو کر اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہے ۔آنسوؤں کا وہ نذرانہ پیش کرتا ہے کہ جس سے معصیت کے تمام داغ دھل جاتے ہیں ۔

اس کے بعد نیکی کا حکم دیں ،برائی سے روکیں ،خود نیک بن کر لوگوں کیلئے نمونہ بن جائیں ۔ اپنی اولاد کو نیکی کی ترغیب دیں ،انہیں برائی سے نفرت دلائیں اور ان کے اندر بھی یہ جذبہ پیدا کریں کہ وہ بھی نیکی بکھیرنے والے اور برائی مٹانے والے مقدس گروہ میں شامل ہو جائیں ۔جس انسان کا اٹھنا بیٹھنا ،چلنا پھرنا ،سونا جاگنا ،اس کا قول ،اس کا کردار سب نیکی کا داعیہ ہوگا اور برائی سے روکنے والا ہوگا تو یقین جانیے کہ وہ بازی لے گیا اور خدا کی رحمت کو سمیٹتے ہوئے بلند بہت بلند ہو گیا ۔

اپنے اعزہ و اقارب کا خیال رکھیں ان سے قطع تعلقی نہ کریں بلکہ صلہ رحمی کریں ۔جب یہ سب اوصاف مل جائیں گے تو وعدہ کے مطابق ہم سب بہتر ہو جائیں گے ۔وہ بہتر نہیں جسے ایک تنگ نظر دنیا کے حریص کی نگاہ کہتی ہے بلکہ بہتر وہ جو اللہ کے ہاں بہتر ہے ،اللہ کے رسول کے ہاں بہتر ہے ۔یاد رھے جسے اللہ اور اسکا رسول صلی اللہ علیہ وسلم بہتر قرار دے دیں بھلا اس کے مقام و مرتبہ کو کون پہنچ سکتا ہے ۔

دعوت دینے والا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیض سے لبریز ہے اور دوسروں کا دامن بھی بھر دیتا ہے

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ – :

مَثَلُ مَا بَعَثَنِیَ اللّٰہُ بِہٖ مِنَ الْھُدٰی وَالْعِلْمِ کَمَثَلِ الْغَیْثِ الْکَثِیْرِ اَصَابَ اَرْضاً، فَکَانَ مِنْھَا نَقِیَّۃٌ قَبِلَتِ الْمَاءَ ، فَاَنْبَتَتِ الْکَلَأَ وَالْعُشْبَ الْکَثِیْرَ ، وَکَانَتْ مِنْھَا اَجَادِبُ اَمْسَکَتِ الْمَاءَ ، فَنَفَعَ اللّٰہُ بِھَا النَّاسَ ، فَشَرِبُوْا وَسَقَوْا وَزَرَعُوْا.

وَاَصَابَتْ مِنْھَا طَائِفَۃٌ اُخْرٰی اِنَّمَا ھِیَ قِیْعَانٌ ، لَا تُمْسِکُ مَاءً وَلَا تُنْبِتُ کَلَأً ، فَذٰلِکَ مَثَلُ مَنْ فَقُہَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ ، وَنَفَعَہٗ مَا بَعَثَنِیَ اللّٰہُ بِہٖ ، فَعَلِمَ وَعَلَّمَ ، وَمَثَلُ مَنْ لَمْ یَرْفَعْ بِذٰلِکَ رَأساً ، وَلَمْ یَقْبَلْ ھُدَی اللّٰہِ الَّذِیْ اُرْسِلْتُ بِہٖ.

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے مجھے جو ہدایت وعلم دیکر بھیجا ہے اس کی مثال موسلا دھار بارش کی ہے جو زمین پر برستی ہے۔ زمین کا کچھ حصہ پاک وصاف (زرخیز) ہوتا ہے جو بارش کے پانی کو قبول کرتا ہے وہ زمین کا حصہ چارہ اور بہت زیادہ گھاس اگاتا ہے۔

زمین کا کچھ حصہ پتھریلا ہوتا ہے جو پانی کو روک لیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے بھی لوگوں کو فائدہ دیتا ہے۔ لوگ پانی پیتے ہیں۔ پانی پلاتے ہیں اور کھیتی باڑی کرتے ہیں۔

بارشیں زمین کے ایسے حصے پر بھی برستی ہیں جو چٹیل میدان ہے جو نہ پانی روکتا ہے اور نہ سبزہ اگاتا ہے یہ مثال ہے اس کی جس نے دین میں فقاہت (سمجھ) حاصل کی اسے نفع دیا اس چیز (ہدایت) نے جسے دیکر اللہ نے مجھے مبعوث فرمایا:

پس اس نے علم سیکھا اور دوسروں کو سکھایا اور یہ مثال اس کی بھی ہے جس نے اس طرف بالکل توجہ نہ کی اور اللہ تعالیٰ کی اس ہدایت کو قبول نہ کیا جسے دیکر مجھے مبعوث فرمایا گیا۔

-☆-

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۹)	جلد۱	صفحہ۵۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۸۲)	جلد۴	صفحہ۱۷۸۶
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۸۵۵)	جلد۲	صفحہ۱۰۱۹
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۳۲)	جلد۱	صفحہ۱۲۷
قال المحقق	صحیح		
قال شعیب الارنؤوط	الحدیث صحیح		
شرح السنۃ	رقم الحدیث (۲۴۰۹)	جلد۵	صفحہ۲۵۴
قال المحقق	ھذا الحدیث متفق علیہ صحہ		
المھذب فی اختصار السنن الکبیر	رقم الحدیث (۱۰۱۰۷)	جلد۵	صفحہ۴۳۳۳
السنن الکبری للبیھقی	رقم الحدیث (۲۸۵۴)	جلد۵	صفحہ۵

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً أَعْتَقَ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ ، عُضْوًا مِنَ النَّارِ ، حَتّٰی یُعْتِقَهُ فَرْجَهُ بِفَرْجِهٖ۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۵۱۷)	جلد۲	صفحہ۷۵۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۷۱۵)	جلد۲	صفحہ۳۰۹۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۵۰۹)	جلد۲	صفحہ۱۱۳۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۵۰۹)	جلد۲	صفحہ۱۱۳۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۷۹۶)	جلد۲	صفحہ۱۳۷۳
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۰۵۱)	جلد۲	صفحہ۱۰۳۵
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۸۲۵)	جلد۲	صفحہ۶۳۴
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۵۴۱)	جلد۲	صفحہ۱۷۸
قال الالبانی	صحیح		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۱۷۴۲)	جلد۶	صفحہ۱۶۸
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۴۰۴)	جلد۹	صفحہ۲۰۹
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۴۴۸)	جلد۹	صفحہ۲۱۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۷۳۵)	جلد۹	صفحہ۳۰۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۷۴۷)	جلد۹	صفحہ۵۷۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۸۲۸)	جلد۲	صفحہ۶۳۵
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جس نے ایک مسلمان غلام کو آزاد کیا اللہ تعالیٰ اس کے جسم کے ہر عضو کے بدلے اس کے ہر عضو کو آگ سے آزاد کردے گا حتیٰ کہ اس کے ستر کے بدلے ستر کو آزاد کردے گا۔

-☆-

صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۸۹۰)	جلد ۲	صفحہ ۳۹۲
قال الالبانی	صحیح		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۷۴۵۴)	جلد ۴	صفحہ ۳۱۵
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۷۴۵۸)	جلد ۴	صفحہ ۳۱۶
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۳۰۸)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۴۷
قال شعیب الارنؤوط	الحدیث صحیح		
شرح السنة	رقم الحدیث (۲۴۰۹)	جلد ۵	صفحہ ۲۵۲
قال المحقق	ھذا الحدیث متفق علیہ صحتہ		
المھذب فی اختصار السنن الکبیر	رقم الحدیث (۱۰۱۰۷)	جلد ۵	صفحہ ۲۳۳
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۴۸۵۴)	جلد ۵	صفحہ ۵

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

أَیُّمَا امْرِیءٍ مُسْلِمٍ أَعْتَقَ امْرَأً مُسْلِمًا ، اسْتَنْقَذَ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْه ، عُضْوًا مِنْهُ مِنَ النَّارِ.

ترجمة الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ – رضی اللہ عنہ – سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ – صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم – نے ارشاد فرمایا:

جس بھی مرد مسلم نے کسی مسلم بندہ کو آزاد کردیا تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر عضو کے بدلے اس آزاد کرنے والے کے عضو کو آگ سے بچالے گا۔

–☆–

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۵۰۹)	جلد۲	صفحہ ۱۱۴۷
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۸۹۰)	جلد۲	صفحہ ۳۹۲
قال الالبانی	صحیح		
کنز العمال	رقم الحدیث (۲۹۵۸۹)	جلد۱	صفحہ ۱۰۲۹

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

أَيُّمَا امْرِىءٍ مُسْلِمٍ أَعْتَقَ امْرَأً مُسْلِمًا كَانَ فَكَاكَهُ مِنَ النَّارِ يُجْزِي كُلُّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنْهُ ،

وَأَيُّمَا امْرِىءٍ مُسْلِمٍ أَعْتَقَ امْرَأَتَيْنِ مُسْلِمَتَيْنِ كَانَتَا فَكَاكَهُ مِنَ النَّارِ ، يُجْزِئُ كُلُّ عُضْوٍ مِنْهُمَا عُضْوًا مِنْهُ ،

وَأَيُّمَا امْرَأَةٍ مُسْلِمَةٍ أَعْتَقَتْ امْرَأَةً مُسْلِمَةً ، كَانَتْ فِكَاكَهَا مِنَ النَّارِ ، يُجْزِئُ كُلُّ عُضْوٍ مِنْهَا عُضْوًا مِنْهَا.

ترجمة الحديث،

حضرت ابوامامہ – رضی اللہ عنہ – سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم – صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم – نے ارشاد فرمایا:

جس بھی مرد مسلم نے مسلمان غلام کو آزاد کر دیا اس کا یہ آزاد کرنا اس آزاد کرنے والے کو

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۵۴۷)	جلد۲	صفحہ۱۸۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۸۹۱)	جلد۲	صفحہ۳۹۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۳۹۶۷)	جلد۲	صفحہ۴۸۸
قال الالبانی	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۲۵۲۲)	جلد۳	صفحہ۲۱۵
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۹۸۱)	جلد۱۴	صفحہ۵۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۸۳۶)	جلد۲	صفحہ۶۲۳
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		

آ گ سے چھڑوانا ہے اس کا ہر عضو اس کے ہر عضو کا بدلہ ہوگا۔

جس مرد مسلم نے دو مسلمان باندیوں کو آزاد کیا تو اس کا یہ عمل اس کیلئے آزادی دلوانا ہوگا جہنم کی آ گ سے ۔ان دونوں باندیوں کا ہر عضو اس کے ہر عضو کا بدلہ ہوگا۔

جس مسلمان عورت نے کسی مسلمان باندی کو آزاد کردیا تو اس کا یہ عمل اس کی آزادی ہوگا جہنم کی آ گ سے ۔اس کا ہر عضو بدلہ ہوگا اس کے ہر عضو سے۔

-☆-

عَنْ عَمرِو بْنِ عَبَسَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلہٖ وَسَلَّمَ :

مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً ؛ كَانَتْ فِدَاءُ هُ مِنَ النَّارِ.

ترجمة الحديث،

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے ایک مسلمان غلام کو آزاد کیا تو اس کا یہ آزاد کرنا فدیہ ہوگا جہنم کی آ گ سے۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۰۵۰)	جلد۲	صفحہ۱۰۳۵
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۸۳۳)	جلد۲	صفحہ۲۱۷
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۸۹۷)	جلد۲	صفحہ۳۹۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۹۲۶)	جلد۲	صفحہ۲۸۸
قال الالبانی	صحیح		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۷۲۵۳)	جلد۴	صفحہ۳۱۵
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۷۲۵۶)	جلد۴	صفحہ۳۱۵
السنن الکبری	رقم الحدیث (۲۸۶۳)	جلد۵	صفحہ۸

عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْسَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ –:

أَعْتِقِ النَّسَمَةَ وفُكَّ الرَّقَبَةَ ، قِيْلَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ ! أَلَيْسَتَا وَاحِدَةً ؟ قَالَ :

لَا إِنَّ عِتْقَ النَّسَمَةِ أن تَنفَرِدَ بِعِتْقِهَا ، وَفُكَّ الرَّقَبَةِ أَنْ تُعِيْنَ فِيْ عِتْقِهَا.

ترجمة الحديث،

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

غلام آزاد کرو، گردن چھڑواؤ (غلام آزاد کرواؤ) ۔عرض کی گئی:

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! کیا یہ دونوں ایک چیز نہیں ہے؟حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

عتق النسمہ ۔غلام کو بذات خود آزاد کرنا ہے۔

فک الرقبہ۔غلام آزاد کرنے میں مدد کرنا ہے۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٦٠٥٠)	جلد٢	صفحہ١٠٣٥
قال الالبانی	صحیح		
کنز العمال	رقم الحدیث (٢٩٥٧٣)	جلد١	صفحہ١٠٣٩

محفلِ ذکر میں شریک ہونے والا

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ لِلّٰهِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی مَلَائِکَةً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ فَضْلًا عَنْ کُتَّابِ النَّاسِ، فَاِذَا وَجَدُوْا اَقْوَامًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ تَنَادَوْا: هَلُمُّوا اِلٰی بُغْیَتِکُمْ فَیَجِیْئُوْنَ فَیَحُفُّوْنَ بِهِمْ اِلَی السَّمَاءِ الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ اللّٰهُ :

عَلٰی اَیِّ شَیْءٍ تَرَکْتُمْ عِبَادِیْ یَصْنَعُوْنَ ؟ فَیَقُوْلُوْنَ:

تَرَکْنَاهُمْ ، یَحْمَدُوْنَکَ ، وَیُمَجِّدُوْنَکَ ، وَیَذْکُرُوْنَکَ – قَالَ – فَیَقُوْلُ : فَهَلْ رَاَوْنِیْ ؟ فَیَقُوْلُوْنَ : لَا – قَالَ – : فَیَقُوْلُ :

فَکَیْفَ لَوْ رَاَوْنِیْ ؟ قَالَ : فَیَقُوْلُوْنَ : لَوْ رَاَوْکَ لَکَانُوْا اَشَدَّ تَحْمِیْدًا ، وَاَشَدَّ تَمْجِیْدًا ، وَاَشَدَّ لَکَ ذِکْرًا ، – قَالَ – : فَیَقُوْلُ :

وَاَیُّ شَیْءٍ یَطْلُبُوْنَ ؟ – قَالَ – : فَیَقُوْلُوْنَ :یَطْلُبُوْنَ الْجَنَّةَ ، – قَالَ – فَیَقُوْلُ :

وَهَلْ رَأَوْهَا ؟ – قَالَ – فَيَقُوْلُوْنَ : لاَ – قَالَ – فَيَقُوْلُ :

فَكَيْفَ لَوْ رَاَوْهَا ؟ – قَالَ – فَيَقُوْلُوْنَ : لَو رَاَوْهَا لَكَانُوا اَشَدَّ لَهَا طَلَبًا ، وَاَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا ، – قَالَ – فَيَقُوْلُ :

فَمِنْ اَيِّ شَيْءٍ يَتَعَوَّذُوْنَ ؟ قَالُوْا : يَتَعَوَّذُوْنَ مِنَ النَّارِ – قَالَ – فَيَقُوْلُ :

هَلْ رَأَوْهَا ؟ فَيَقُوْلُوْنَ : لاَ ، فَيَقُوْلُ :

فَكَيْف لَوْ رَاَوْهَا ؟ فَيَقُوْلُوْنَ :

لَوْ رَاَوْهَا لَكَانُوْا اَشَدَّ مِنْهَا هَرَبًا ، وَاَشَدَّ مِنْهَا خَوْفًا ، وَاَشَدَّ مِنْهَا تَعَوُّذًا ، – قَالَ – فَيَقُوْلُ :

فَاِنِّي اُشْهِدُكُمْ اَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ ، فَيَقُوْلُوْنَ : اِنَّ فِيْهِمْ فُلَانًا الْخَطَّاءُ ، لَمْ يُرِدْهُمْ جَاءَهُمْ لِحَاجَةٍ ! فَيَقُوْلُ :

هُمُ الْقَوْمُ لاَ يَشْقَى لَهُمْ جَلِيْسٌ .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۴۰۸)	جلد۳	صفحہ۲۰۱۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۸۹)	جلد۳	صفحہ۲۰۶۹
صحیح الجامع الصغیر وزیادۃ	رقم الحدیث (۲۱۷۳)	جلد۱	صفحہ۴۳۳
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۵۰۳)	جلد۲	صفحہ۲۰۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۶۵۵)	جلد۳	صفحہ۲۶۵
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۳۲۶)	جلد۲	صفحہ۳۷۷
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۵۳۳۵)	جلد۴	صفحہ۳۳۸
قال المحقق	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۲۱)	جلد۲	صفحہ۲۹۵

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ کے کچھ سیاح فرشتے ہیں جو زمین میں گھومتے پھرتے ہیں جو لوگوں کے اعمال لکھنے والے فرشتوں کے علاوہ ہیں۔ جب انہیں کچھ لوگ اللہ عزوجل کا ذکر کرتے ہوئے مل جاتے ہیں، وہ آواز دے کر کہتے ہیں:

اپنے مقصد کی طرف آجاؤ۔ پھر وہ ان کے پاس آتے ہیں اور انہیں پہلے آسمان تک اپنے پروں کے ذریعے ڈھانپ لیتے ہیں۔ ان سے اللہ تعالیٰ دریافت فرماتا ہے:

تم میرے بندوں کو چھوڑ کر آئے ہو تو وہ کیا کر رہے تھے؟ وہ کہتے ہیں:

ہم ان کو چھوڑ کر آئے ہیں اس حال میں کہ وہ تیری حمد بیان کر رہے ہیں، اور تیری بزرگی بیان کر رہے ہیں اور تیری تسبیح بیان کر رہے ہیں۔ فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ پس وہ کہتے ہیں نہیں۔ فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی؟ فرمایا:

وہ کہتے ہیں اگر انہوں نے تجھے دیکھا ہوتا تو اس سے زیادہ تیری تسبیح کرتے، اس سے زیادہ

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۵۷)	جلد ۳	صفحہ ۱۳۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۶۰۰)	جلد ۳	صفحہ ۴۷۶
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۶۸۹)	جلد ۸	صفحہ ۳۹۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۹۵۱)	جلد ۹	صفحہ ۲۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

تیری بزرگی اور اس سے زیادہ تیرا ذکر کرتے ۔فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ کیا چیز طلب کرتے ہیں؟ فرمایا:

وہ کہتے ہیں وہ تجھ سے جنت کا سوال کرتے ہیں ۔فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ وہ کہتے ہیں نہیں ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی ؟ فرمایا:

وہ کہتے ہیں اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی حرص اور بڑھ جاتی اور ان کی طلب اور زیادہ ہو جاتی ۔فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟

وہ کہتے ہیں وہ آگ سے پناہ مانگتے ہیں ۔

وہ فرماتا ہے کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ وہ کہتے ہیں نہیں ۔

وہ فرماتا ہے اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیفیت کیا ہوتی؟

وہ کہتے ہیں اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو وہ اس سے زیادہ بھاگنے والے ہوتے اور اس سے زیادہ ڈرنے والے اور اس سے زیادہ پناہ مانگنے والے ہوتے ۔فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں تمہیں گواہ بنا کر کہہ رہا ہوں کہ میں نے انہیں بخش دیا ۔

فرشتے کہتے ہیں کہ بے شک ایک شخص ان میں گنہگار تھا اس نے ان کا ارادہ نہیں کیا تھا، وہ تو کسی کام کیلئے آیا تھا ۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وہ ایسی قوم ہے ان کا ہم مجلس بدبخت نہیں ہوسکتا ۔

-☆-

غیر حاضری میں کسی کی عزت کا دفاع کرنے والا

عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – قَالَتْ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ:

مَنْ ذَبَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيْهِ بِالْغَيْبَةِ ، كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُعْتِقَهُ مِنَ النَّارِ.

کنز العمال	رقم الحدیث (۷۳۳۱)	جلد۱	صفحہ۲۹۳
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۲۴۰)	جلد۲	صفحہ۱۰۷۱
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۷۳۸۱)	جلد۱۸	صفحہ۶۰۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۷۳۸۲)	جلد۱۸	صفحہ۶۰۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ حسن		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۴۱۹۳)	جلد۳	صفحہ۵۰۰
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۸۴۷)	جلد۳	صفحہ۸۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۹۰۹)	جلد۳	صفحہ۴۲۹
شرح السنۃ	رقم الحدیث (۳۴۲۳)	جلد۶	صفحہ۴۹۵
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۴۴۳)	جلد۲۴	صفحہ۱۷۶
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۲۶۲)	جلد۲	صفحہ۱۰۷۴
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے اپنے بھائی کی پیٹھ پیچھے-اس کی غیر موجودگی میں-اس کی عزت کی حفاظت کی اللہ تعالی کے ذمہ کرم پر ہے کہ اس کو جہنم کی آگ سے دور کردے۔

-☆-

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – :

مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيْهِ ، رَدَّ اللّٰهُ عَنْ وَجْهِهِ النَّارَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

ترجمة الحديث،

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے اپنے بھائی کی عدم موجودگی میں اس کی عزت کو بچایا اللہ تعالی قیامت کے دن اس کے چہرے کو جہنم کی آگ سے بچائے گا۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۲۶۳)	جلد۲	صفحہ۱۰۷۲
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۷۵۴۷)	جلد۱۸	صفحہ۵۷۹
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۱۹۴)	جلد۳	صفحہ۵۰۱
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۸۴۸)	جلد۳	صفحہ۸۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۹۱۰)	جلد۴	صفحہ۴۲۹
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۹۳۱)	جلد۲	صفحہ۳۵۴
قال الالبانی	صحیح		

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – :

مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ، كَانَ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ.

ترجمة الحديث:

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے اپنے بھائی کی عزت کو بچایا تو اس کا یہ عمل اس کیلئے جہنم کی آگ سے حجاب یعنی پردہ ہوگا۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٦٢٦٢)	جلد٢	صفحہ١٠٧٢
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٦٢٦٢)	جلد٢	صفحہ١٠٧٢
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢٧٤٠٧)	جلد١٨	صفحہ٥٧٩
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٣١٩٤)	جلد٣	صفحہ٥٠١
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٢٨٢٨)	جلد٣	صفحہ٨٢
مشکاة المصابیح	رقم الحدیث (٤٩١٠)	جلد٣	صفحہ٤٢٩
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (١٩٣١)	جلد٢	صفحہ٣٥٣
قال الالبانی	صحیح		

نرم مزاج، آسانی پیدا کرنے والا

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَنْ کَانَ سَهْلًا هَیِّنًا لَیِّنًا ، حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَی النَّارِ .

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ – رضی اللہ عنہ – سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ – صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم – نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی نرم مزاج، آسانی پیدا کرنے والا، اور نرمی کرنے والا ہو اللہ تعالیٰ اسے آگ پر حرام کر دیتا ہے۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۴۸۴)	جلد ۲	صفحہ ۱۱۰۵
قال الالبانی	صحیح		
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (۷۷۶۹)	جلد ۱۰	صفحہ ۴۴۳
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (۷۷۷۰)	جلد ۱۰	صفحہ ۴۴۳
الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۱۷۴۵)	جلد ۲	صفحہ ۳۴۷
قال المحقق	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۴۳۵)	جلد ۱	صفحہ ۱۸۵
قال المحقق	هذا حدیث صحیح علی شرط مسلم		

صلہ رحمی کرنے والا

عَنْ اَبِی اَیُّوْبَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – :

اَنَّ اَعْرَابِیًّا عَرَضَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – وَهُوَ فِی سَفَرٍ فَاَخَذَ بِخِطَامِ نَاقَتِهٖ اَوْ بِزِمَامِهَا ثُمَّ قَالَ :

یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْ یَا مُحَمَّدُ ! اَخْبِرْنِیْ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَا یُبَاعِدُنِیْ مِنَ النَّارِ ؟ قَالَ : فَكَفَّ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – ثُمَّ نَظَرَ فِیْ اَصْحَابِهٖ ثُمَّ قَالَ :

لَقَدْ وُفِّقَ اَوْ لَقَدْ هُدِیَ ، قَالَ : كَیْفَ قُلْتَ ؟ قَالَ : فَاَعَادَ فَقَالَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

تَعْبُدُ اللّٰهَ لَا تُشْرِکُ بِهٖ شَیْئًا ، وَتُقِیْمُ الصَّلَاةَ ، وَتُؤْتِی الزَّکَاةَ ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ ذَعِ النَّاقَةَ .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۹۸۲)	جلد ۲	صفحہ ۱۸۹۵
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۹۸۳)	جلد ۲	صفحہ ۱۸۹۵
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۳۹۶)	جلد ۱	صفحہ ۳۱۵
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۳)	جلد ۱	صفحہ ۴۳

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سفر پر روانہ تھے کہ ایک اعرابی حائل ہوگیا۔اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی کی لگام پکڑ لی اور اس نے عرض کی:

یا رسول اللہ! یا محمد! مجھے ایسا عمل بتایئے جو مجھے جنت کے قریب کردے اور مجھے جہنم کی آگ

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۴۲۹)	جلد ۱۷	صفحہ ۲۹
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۷۴۷)	جلد ۱	صفحہ ۴۵۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۵۲۳)	جلد ۲	صفحہ ۲۲۸
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۱۰۸)	جلد ۱	صفحہ ۵۸۵
قال المحقق	صحیح		
کنز العمال	رقم الحدیث (۴۳۶۳۲)	جلد ۲	صفحہ ۱۶۶
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۴۳۰)	جلد ۱۷	صفحہ ۳۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۰۵۴)	جلد ۱۴	صفحہ ۳۹۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۱۱۶)	جلد ۱۴	صفحہ ۴۱۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۳۷)	جلد ۲	صفحہ ۱۷۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۳۲۴۶)	جلد ۸	صفحہ ۳۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۹۲۴)	جلد ۴	صفحہ ۱۳۹
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۹۲۵)	جلد ۴	صفحہ ۱۳۹
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۹۲۶)	جلد ۴	صفحہ ۱۳۹

سے دور کر دے؟ حضور نبی کریم ۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔رک گئے آپ نے اپنے صحابہ کی طرف دیکھا پھر فرمایا:

اس اعرابی کو توفیق سے نوازا گیا یا فرمایا: اس اعرابی کو ہدایت سے سرفراز فرمایا گیا۔فرمایا:

تو نے کیا کہا؟ اس نے بات دہرائی ۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ کی عبادت کرو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔

نماز قائم کرو۔

زکوۃ ادا کرو اور

صلہ رحمی کرو اور اب اونٹنی کو چھوڑ دو۔

-☆-

بخار پر صبر کرنے والا

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – عَادَ رَجُلًا مِنْ وَعَکٍ کَانَ بِهٖ فَقَالَ:

اَبْشِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ یَقُوْلُ : هِیَ نَارِی اُسَلِّطُهَا عَلٰی عَبْدِی الْمُذْنِبِ لِتَکُوْنَ حَظَّهُ مِنَ النَّارِ.

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۶۳۹)	جلد ۹	صفحہ ۴۷۹
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۴۷۰)	جلد ۴	صفحہ ۱۱۴
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۲۷۷)	جلد ۲	صفحہ ۴۹۵
صحیح الجامع الصغیر والزیادۃ	رقم الحدیث (۳۲)	جلد ۱	صفحہ ۶۸
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۵۲۸)	جلد ۲	صفحہ ۱۷۵
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۵۵۷)	جلد ۲	صفحہ ۹۱

ایک آدمی کی عیادت کی جسے بخار تھا۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

خوش ہو جاؤ بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

بخار میری بھیجی ہوئی آگ ہے جسے میں اپنے گنہگار بندے پر مسلط کر دیتا ہوں تا کہ یہ اس کا حصہ ہو جائے جہنم کی آگ سے۔

-☆-

صبح وشام سید الاستغفار پڑھنے والا

عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ..

اِذَا قَالَ حِيْنَ يُمْسِيْ فَمَاتَ دَخَلَ الْجَنَّةَ اَوْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَاِذَا قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهٖ مِثْلَهٗ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۳۰۶)	جلد۴	صفحہ۱۹۸۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۳۲۳)	جلد۴	صفحہ۱۹۹۰
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۱۷۲)	جلد۷	صفحہ۲۹۲
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۳۹۳)	جلد۳	صفحہ۳۹۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۵۵۳۷)	جلد۳	صفحہ۲۸۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت شداد بن اوس - رضی اللہ عنہ - سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - نے ارشاد فرمایا:

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۰۶۶)	جلد۱۳	صفحہ۲۷۴
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۰۴۷)	جلد۱۳	صفحہ۲۶۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۱۷۳)	جلد۷	صفحہ۲۹۴
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۱۸۵)	جلد۷	صفحہ۲۹۵
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۱۸۷)	جلد۷	صفحہ۲۹۶
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۱۸۹)	جلد۷	صفحہ۲۹۷
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۳۲)	جلد۳	صفحہ۲۱۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۳۳)	جلد۳	صفحہ۲۱۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۰۳۵)	جلد۳	صفحہ۳۰۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۷۴۷)	جلد۴	صفحہ۳۴۷
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۵۰۷۰)	جلد۳	صفحہ۲۴۷
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۷۶۳)	جلد۹	صفحہ۱۳
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۲۵)	جلد۹	صفحہ۱۷۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۲۶)	جلد۹	صفحہ۱۷۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۳۳۱)	جلد۹	صفحہ۲۱۲
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۳۳۲)	جلد۹	صفحہ۲۱۲
صحیح الجامع الصغیر وزیادۃ	رقم الحدیث (۳۶۷۴)	جلد۱	صفحہ۶۸۵
قال الالبانی	صحیح		
مشکاة المصابیح	رقم الحدیث (۲۴۷۵)	جلد۲	صفحہ۲۴۷
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۵۰)	جلد۱	صفحہ۲۱۱
قال الالبانی	صحیح		

سید الاستغفار بخشش کیلئے کی جانے والی دعاؤں کی سردار دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِی وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ ، اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ ، اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ ، وَاَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِی، فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ..

اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں تو نے مجھے پیدا فرمایا، میں تیرا بندہ ہوں میں تیرے عہد و پیمان پر اپنی طاقت کے مطابق قائم ہوں، میں اپنے کیے ہوئے کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، میں اپنے اوپر تیرے انعام کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا معترف ہوں، مجھے معاف فرمادے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخشتا۔

جب کوئی شام کے وقت کہے اور فوت ہو جائے تو وہ جنت میں داخل ہوگا یا جنت والوں میں سے ہوگا اور جب وہ صبح کے وقت کہے اور اس روز فوت ہو جائے تو بھی اسی طرح جنتی ہوگا۔

-☆-

جہنم سے بچنے کی دعا مانگنے والا

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا o اِنَّهَا سَاءَ تْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا o [1]

ترجمة :

اور جو بارگاہ الٰہی میں عرض کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! دور فرما دے ہم سے عذاب جہنم۔ بے شک اس کا عذاب بڑا مہلک ہے۔ بیشک وہ بہت برا ٹھکانہ اور بہت بری جگہ ہے۔

-☆-

عَنْ اَنَسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَا سَاَلَ رَجُلٌ مُسْلِمٌ اَلْجَنَّةَ ثَلاثَ مَرَّاتٍ اِلَّا قَالَتِ الْجَنَّةُ : اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَلَا اسْتَجَارَ رَجُلٌ مُسْلِمٌ مِنَ النَّارِ ثَلاثَ مَرَّاتٍ ، اِلَّا قَالَتِ النَّارُ : اَللّٰهُمَّ اَجِرْهُ مِنِّي .

(۱) سورۃ فرقان: ۶۵، ۶۶

صحیح سنن الترمذی　رقم الحدیث (۲۵۷۲)　جلد ۳　صفحہ ۲۳

قال الالبانی　صحیح

ترجمة الحديث،

حضرت انس بن مالک -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جس بندہ مسلم نے تین مرتبہ جنت کا سوال کیا تو جنت کہتی ہے ۔اے اللہ! اسے جنت میں داخل کردے۔

اور جس بندہ مسلم نے تین مرتبہ آگ سے بچنے کی دعا مانگی تو آگ کہتی ہے: اے اللہ! اسے مجھ سے بچالے۔

-☆-

صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۵۵۳۶)	جلد۳	صفحہ۴۸۰
قال الالبانی	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۴۳۴۰)	جلد۲	صفحہ۵۸۵
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۰۱۴)	جلد۳	صفحہ۲۹۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۰۳۴)	جلد۳	صفحہ۳۰۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۹۶۰)	جلد۱	صفحہ۷۲۶
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط		
صحیح الجامع الصغیر وزیادتہ	رقم الحدیث (۵۶۱۰)	جلد۲	صفحہ۹۸۴
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۲۱۰۹)	جلد۱۰	صفحہ۳۷۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۲۳۷۹)	جلد۱۰	صفحہ۴۵۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۲۵۲۳)	جلد۱۰	صفحہ۵۰۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ضیاء الحدیث

سچ بولنا جنت لے جاتا ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

”سچ بولنے سے متعلق“

چند احادیث مبارکہ ترجمہ پیش خدمت ہیں۔

اللہ تعالٰی ہر مسلمان کو سچ بولنے کی سعادت نصیب فرمائے۔

آمین بہ برکۃ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محمد کریم سلطانی

حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کا ارشاد گرامی

سچ بولیے!

عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ صَخْرِ بْنِ حَرْبٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ – .... قَالَ ھِرَقْلُ: فَمَاذَا یَاْمُرُکُمْ – یَعْنِی النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ اَبُوسُفْیَانَ : قُلْتُ : یَقُوْلُ :

اُعْبُدُوا اللّٰہِ وَحْدَہٗ وَلاَ تُشْرِکُوْا بِہٖ شَیْئًا ، وَاتْرُکُوْا مَا یَقُوْلُ آبَاؤُکُمْ ، وَیَاْمُرُنَا بِالصَّلاۃِ ، وَالصِّدْقِ ، وَالْعَفَافِ ، وَالصِّلَۃِ .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷)	جلد۱	صفحہ۲۳
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۱۷)	جلد۳	صفحہ۸۶
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۵۱۳۶)	جلد۳	صفحہ۲۶۱
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۷۰)	جلد۳	صفحہ۷۹
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۷۱)	جلد۳	صفحہ۸۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابوسفیان صخر بن حرب -رضی اللہ عنہ-..............................بیان فرماتے ہیں:

ہرقل نے پوچھا وہ یعنی نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- تمہیں کس چیز کا حکم دیتے ہیں

ابوسفیان کہتے ہیں میں نے کہا: وہ فرماتے ہیں:

اللہ وحدہٗ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور جو تمہارے اباؤ اجداد شرکیہ باتیں کہتے ہیں انہیں چھوڑ دو۔ اور وہ ہمیں حکم دیتے ہیں نماز کا، سچ کا، پاکدامنی کا اور صلہ رحمی کا۔

-☆-

سچ بولنا اہل ایمان کی نشانی ہے سچ بولنے والا دونوں جہاں کی برکتیں اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے اور اسے عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اسے دیگر فوائد کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد گرامی پر عمل کا اجر وثواب بھی مل جاتا ہے۔

حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی اطاعت واتباع سے بڑھ کر اللہ کے ہاں کسی عمل کا کوئی مقام نہیں۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۷۷۳)	جلد ۳	صفحہ ۱۳۹۳
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۷۲)	جلد ۳	صفحہ ۸۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۸۸۴۲)	جلد ۱۱	صفحہ ۷۰۴
قال المحقق	صحیح		

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا:

قَالَ الْجُنَیْدُ :

حَقِیْقَةُ الصِّدْقِ : اَنْ تَصْدُقَ فِیْ مَوْطِنٍ لَا یُنْجِیْکَ مِنْهُ اِلَّا الْکِذْبُ، وَقَالُوْا : عَلَیْکَ بِالصِّدْقِ حَیْثُ تَخَافُ اَنَّهٗ یَضُرُّکَ ، فَاِنَّهٗ یَنْفَعُکَ ، وَدَعِ الْکِذْبَ حَیْثُ تَرٰی اَنَّهٗ یَنْفَعُکَ ، فَاِنَّهٗ یَضُرُّکَ۔(۱)

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا:

حقیقی سچ یہ ہے کہ تو وہاں سچ بولے جہاں جھوٹ بولنے سے بچ سکتا ہو۔اور ہمارے اسلاف نے ارشاد فرمایا:

سچ کو لازم پکڑو وہاں جہاں تم کو سچ بولنے سے ضرر (تکلیف) کا اندیشہ ہو۔سن لو! سچ فائدہ دے گا۔اور جھوٹ چھوڑ دو جہاں تم یہ سمجھتے ہو یہ فائدہ دے گا سن لو یہ تمہیں نقصان دے گا۔

-☆-

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ :

لَا یَصْلُحُ الْکِذْبُ فِیْ هَزْلٍ وَلَا جِدٍّ ، وَلَا اَنْ یَعِدَ اَحَدُکُمْ حَبِیْبَهٗ شَیْئًا ثُمَّ لَا یُنْجِزُهٗ بِهٖ ۔(۲)

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

جھوٹ مذاق میں اور سنجیدگی میں کسی جگہ میں مناسب نہیں اور نہ ہی یہ مناسب ہے کہ تم میں کوئی اپنے پیارے سے وعدہ کرے اور پھر وہ وعدہ پورا نہ کرے۔

(۱) اصلاح الامۃ صفحہ ۴۲ جلد ۵

(۲) اصلاح الامۃ صفحہ ۴۳ جلد ۵

سچوں کی معیت وصحبت اختیار کیجئے

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ[1]

ترجمۃ :

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور صادقین (سچوں) کے ساتھ ہو جاؤ۔

-☆-

سچا آدمی تنہا نہیں ہوتا اللہ تعالٰی کی دستگیری ومدد اسکے شامل حال ہوتی ہے ۔رحمت خداوندی اسے اپنے حصار میں رکھتی ہے اور اس پر عنایات الہیہ کی مسلسل پھوار برستی ہے۔

سچ بولنے والے کیساتھ سچا اللہ ہوتا ہے اسکے سچے فرشتے ہوتے ہیں اور اسکے سچے رسولوں کی دعائیں اس کے ساتھ ہوتی ہیں تو اسکی معیت وصحبت فائدے سے خالی نہیں اس لئے فرمایا گیا **کُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ** سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔

-☆-

(۱) سورۃ التوبہ آیت ۱۱۹

سچ بولنا اطمینان وسکون ہے

عَنْ اَبِیْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا – قَالَ:
حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – :
دَعْ مَا یُرِیْبُکَ اِلٰی مَا لَا یُرِیْبُکَ ، فَاِنَّ الصِّدْقَ طُمَاْنِیْنَۃٌ ، وَالْکِذْبَ رِیْبَۃٌ.

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۵۹۱)	جلد۲	صفحہ۵۳۵
قال المحقق:	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۱۶)	جلد۳	صفحہ۵۵۷
قال المحقق:	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۳۳۷)	جلد۲	صفحہ۳۲۲
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۳۰)	جلد۳	صفحہ۱۲۳
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۳۷۷)	جلد۱	صفحہ۶۳۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۳۷۸)	جلد۱	صفحہ۶۳۷
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت ابو محمد حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر یہ ارشاد دیا دکیا:

چھوڑ دیجیے جو تمہیں شک میں مبتلا کرے، اسے اختیار کیجئے جو تمہیں شک میں مبتلا نہ کرے کیونکہ سچ اطمینان ہے اور جھوٹ شک اور بے اطمینانی ہے۔

-☆-

اطمینان وسکون وہ دولت ہے جو اللہ تعالیٰ کا خاص عطیہ ہے جسے سکون نہیں اسکی دنیا خراب ہے اسکا مال ومتاع اس کے کسی کام کا نہیں۔

لیکن جسے اطمینان وسکون نصیب ہے وہ چاہے تہی دامن ہوا سے کوئی پرواہ نہیں کیونکہ اللہ

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۵۱۸)	جلد۲	صفحہ۲۱۱
قال الالبانی	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۱۶۹)	جلد۳	صفحہ۸۴۲
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۱۷۰)	جلد۳	صفحہ۸۴۳
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۷۰۴۶)	جلد۷	صفحہ۲۵۱۹
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۱۲)	جلد۱	صفحہ۴۴
قال الالبانی	صحیح		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۳۰۷۴)	جلد۷	صفحہ۱۵۵
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۲۳)	جلد۲	صفحہ۳۳۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۲۷)	جلد۲	صفحہ۳۳۷
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۲۲)	جلد۲	صفحہ۴۹۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۷۰۳)	جلد۳	صفحہ۱۳۵
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۲۰۱)	جلد۵	صفحہ۱۱۷

تعالیٰ کی نظر رحمت اس پر ہے اور اسے سکون کی دولت عطا فرمائی گئی ہے۔

سچ بولنے والا کتنا خوش نصیب ہے کہ اسے سکون کی دولت نصیب ہے سکون صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے وہ جسے چاہتا ہے اسے عطا فرماتا ہے۔

سچ بولنے والے تیرے بختوں کو سلام! اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت تیری طرف متوجہ ہے اب تجھے کوئی فکر نہیں۔

-☆-

سچ بولنے والے
کی تجارت میں برکت

عَنْ اَبِی خَالِدٍ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ و آلِہٖ وَسَلَّمَ – :

اَلْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَا لَمْ یَتَفَرَّقَا ، فَاِنْ صَدَقَا وَبَیَّنَا بُوْرِکَ لَھُمَا فِی بَیْعِھِمَا ، وَاِنْ کَتَمَا وَ کَذَبَا مُحِقَتْ بَرَکَۃُ بَیْعِھِمَا۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۰۷۹)	جلد۲	صفحہ۶۱۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۰۸۲)	جلد۲	صفحہ۶۱۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۱۰۸)	جلد۲	صفحہ۶۲۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۱۱۰)	جلد۲	صفحہ۶۲۸
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۱۱۴)	جلد۲	صفحہ۶۲۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۵۳۲)	جلد۳	صفحہ۱۱۶۴
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۸۹۶)	جلد۱	صفحہ۵۵۹
قال الالبانی	صحیح		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۱۲۸۱)	جلد۵	صفحہ۱۴۴
قال الالبانی	حسن صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو خالد حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

خریدنے اور بیچنے والا جب تک یہ دونوں جدا نہ ہوں انہیں بیع -خرید وفروخت- توڑنے کا اختیار ہے۔ اگر ان دونوں نے سچ بولا اور بیان کردیا (مال میں جو خوبی ونقص ہے) تو ان دونوں کی بیع -خرید وفروخت- میں برکت رکھ دی جاتی ہے۔

اور اگر ان دونوں نے عیب کو چھپایا اور جھوٹ بولا تو ان کی بیع -خرید وفروخت- سے برکت مٹا دی جاتی ہے۔

-☆-

صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۷۸۴)	جلد۲	صفحہ۳۳۲
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۶۵۹)	جلد۲	صفحہ۵۷۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۳۴۶)	جلد۲	صفحہ۳۶
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۳۳۵۹)	جلد۲	صفحہ۳۶۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۴۴۶۹)	جلد۳	صفحہ۳۰۱
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۰۰۶)	جلد۶	صفحہ۸
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۰۱۳)	جلد۶	صفحہ۱۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۲۶۶)	جلد۱۰	صفحہ۳۵۶
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۱۱۵)	جلد۳	صفحہ۱۹۹
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۱۱۶)	جلد۳	صفحہ۱۹۹
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۱۱۷)	جلد۳	صفحہ۱۹۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۳۵۹)	جلد۱۲	صفحہ۱۳۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

کبھی انسان کے پاس مال و دولت کے انبار ہوتے ہیں لیکن اسکی ضروریات زندگی پوری نہیں ہوتیں اسکے اہل وعیال کے مطالبے اور اسکی خواہشات نفس اسکا چین چھین لیتے ہیں ۔

وجہ واضح ہے کہ اس کے مال و دولت میں برکت نہیں ہاں سچ بول کر سودا بیچنے والا، سچا تاجر وہ خوش نصیب ہے جس کے مال میں برکت ہے ۔

تو جس مال میں برکت ہو اگرچہ وہ تعداد میں تھوڑا ہی کیوں نہ ہو پھر بھی پورے گھرانے کو کافی ہوتا ہے اور گھر والوں کی ضروریات پوری ہوتی رہتی ہیں ۔

-☆-

المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۱۱۸)	جلد۳	صفحہ۱۹۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۴۵۱)	جلد۱۲	صفحہ۱۳۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۴۶۲)	جلد۱۲	صفحہ۱۳۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۴۶۴)	جلد۱۲	صفحہ۱۳۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۵۱۳)	جلد۱۲	صفحہ۲۳۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۷۳۱)	جلد۳	صفحہ۱۳۵
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۹۰۴)	جلد۱۱	صفحہ۲۶۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

جس خوش نصیب میں چار وصف
اسے دنیا کے کھو جانے کا کوئی نقصان نہیں

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه و آلهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اَرْبَعٌ إِذَا كُنَّ فِيْكَ فَلا عَلَيْكَ مَا فَاتَكَ فِي الدُّنْيَا :
حِفْظُ اَمَانَةٍ وَصِدْقُ حَدِيْثٍ ، وَحُسْنُ خَلِيْقَةٍ ، وَعِفَّةٌ فِيْ طُعْمَةٍ .

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۵۶۵)	جلد۲	صفحہ۵۴۳
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۷۱۸)	جلد۲	صفحہ۳۱۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۹۲۹)	جلد۳	صفحہ۱۲۲
قال الالبانی:	صحیح لغیرہ		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۸۷۳)	جلد۱	صفحہ۲۱۲
قال الالبانی:	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۶۵۲)	جلد۶	صفحہ۲۰۹
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۶۵۲)	جلد۱۱	صفحہ۲۳۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ ضعیف لانقطاعہ، الحارث بن یزید الحضرمی لا نعرف لہ سماع من عبداللہ بن عمرو		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن عمر بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

چار چیزیں اگر وہ تیرے اندر رہیں تو دنیا کا جو بھی مال تجھ سے چلا جائے تجھے کوئی نقصان نہیں۔

(۱) امانت کی حفاظت

(۲) بات میں سچائی

(۳) اچھا خلق

(۴) پاکیزہ کھانا

-☆-

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۵۱۵۰)	جلد ۵	صفحہ ۲۵
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۷۸۷۶)	جلد ۸	صفحہ ۲۸۰۷
قال الحاکم	سکت عنہ الذہبی		

سچ بولنے والی زبان اللہ تعالیٰ کو بڑی محبوب ہے

حضرت فضیل بن عیاض کا ارشاد:

قَالَ الْفُضَيْلُ بْنُ عَيَاضٍ:

مَا مِنْ مُضْغَةٍ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ لِسَانٍ صَدُوْقٍ ، وَمَا مِنْ مُضْغَةٍ اَبْغَضُ اِلَى اللّٰهِ مَنْ لِسَانٍ كَذُوْبٍ [1]

حضرت فضیل بن عیاض نے فرمایا:

اللہ کے ہاں سچی زبان سے پیارا انسان کا کوئی عضو نہیں

اور اللہ کے ہاں جھوٹی زبان سے برا کوئی عضو نہیں۔

-☆-

آیئے زندگی ایسے گزاریں کہ خالق و مالک راضی ہو جائے اس کا آسان نسخہ یہ ہے کہ سچ بولنا اپنے آپ پر لازم کریں۔

(۱) صلاح الامۃ صفحہ ۳۴۲ جلد ۵

اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ یہ زبان اللہ تعالیٰ کو بڑی پیاری ہوگی تو جس کی زبان اللہ تعالیٰ کو محبوب ہو وہ خود بھی اللہ تعالیٰ کا پیارا اور محبوب ہوگا۔

جس سے اللہ تعالیٰ محبت فرمائے اس پر دنیا و آخرت قابل رشک ہے۔ اور وہ انسانوں میں سے ہوتا ہوا بھی انسانوں سے افضل و اعلیٰ ہے۔

-☆-

سچ بولنے والا تاجر
مقربین میں

عَنْ رِفَاعَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – إِلَى الْمُصَلَّى فَرَأَى النَّاسَ يَتَبَايَعُوْنَ ، فَقَالَ :

يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ ! فَاسْتَجَابُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – ، وَرَفَعُوْا أَعْنَاقَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ إِلَيْهِ فَقَالَ :

إِنَّ التُّجَّارَ يُبْعَثُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا ، إِلَّا مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ وَبَرَّ وَصَدَقَ .

سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (٢١٤٦)	جلد٣	صفحہ٨
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (١٧٨٥)	جلد٢	صفحہ٣٢٢
قال الالبانی	صحیح لغیرہ		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٢٦٦٠)	جلد٢	صفحہ٥٧٣
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (٢١٤٤)	جلد٣	صفحہ٨١٢
قال الحاکم	ھذا الحدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ:

وہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی معیت میں مُصَلّٰی (عید گاہ) کی طرف نکلے تو آپ نے دیکھا لوگ خرید و فروخت کر رہے ہیں ارشاد فرمایا:

اے تاجر لوگو! حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی بات سنو تو تاجروں نے اپنی گردنیں اور آنکھیں اوپر اٹھائیں۔ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

سارے تاجر قیامت کے دن فاجر -اللہ کے نافرمان- اٹھائیں جائیں گے مگر وہ تاجر جو اللہ سے ڈرا، نیکی کی اور سچ بولا یعنی جس تاجر نے تقویٰ اختیار کیا، نیکی کی اور سچ بولتا رہا وہ اللہ کے مقربین میں اٹھایا جائے گا۔

-☆-

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۹۱۰)	جلد ۱۱	صفحہ ۲۷۶
قال شعیب الارنؤوط	اسماعیل بن عبید -ویقال: عبید اللہ- لم یوثقہ غیر المؤلف، ولم یرو عنہ غیر عبد اللہ بن عثمان بن خثیم، وروی لہ ھذا الحدیث الواحد البخاری فی: الادب المفرد- والترمذی وابن ماجہ، وباقی رجالہ ثقات		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۸۹۰)	جلد ۷	صفحہ ۴۵۶
قال الالبانی	صحیح		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۹۹۴)	جلد ۲	صفحہ ۶۹۳
قال الحاکم	صحیح الاسناد		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۰)	جلد ۱	صفحہ ۳۳۹
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۴۵۳۹)	جلد ۵	صفحہ ۴۳
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۴۵۴۰)	جلد ۵	صفحہ ۴۴
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۴۵۴۱)	جلد ۵	صفحہ ۴۴
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۴۵۴۲)	جلد ۵	صفحہ ۴۴
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۴۵۴۳)	جلد ۵	صفحہ ۴۴

سچ بولنے والا
امانت ادا کرنے والا
وعدہ پورا کرنے والا
اعلیٰ درجے کا متقی ہے

قَالَ نَافِعٌ مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ :

طَافَ ابْنُ عُمَرَ سَبْعًا وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ :

مَا اَسْرَعَ مَا طُفْتَ وَصَلَّيْتَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ :

اَنْتُمْ اَكْثَرُ مِنَّا طَوَافًا وَصِيَامًا وَنَحْنُ خَيْرٌ مِنْكُمْ بِصِدْقِ الْحَدِيْثِ وَاَدَاءِ الْاَمَانَةِ وَاِنْجَازِ الْوَعْدِ[1]

ترجمة الحديث،

حضرت نافع رضی اللہ عنہ جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں نے

(۱) مدارج السالکین صفحہ ۲۹۰ جلد ۲

ارشاد فرمایا:

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے خانہ کعبہ کا طواف سات چکر لگا کر کیا اور دو رکعتیں ادا کیں۔تو قریش کے ایک آدمی نے کہا:

اے ابا عبدالرحمٰن آپ نے بڑی جلدی طواف کیا اور بڑی جلدی دو رکعتیں ادا کی۔حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرمایا:

تم ہم سے زیادہ طواف کرتے ہو اور ہم سے زیادہ روزے رکھتے ہو۔اور ہم تم سے بہتر ہیں اس وجہ سے کہ ہم سچ بولتے ہیں امانت ادا کرتے ہیں اور وعدہ پورا کرتے ہیں۔

-☆-

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے دین اسلام کی کیا اعلیٰ تصویر پیش کی ہے۔ہم شاید اسے مقرب بارگاہ الٰہی سمجھتے ہیں جس کے اعمال کی فہرست لمبی چوڑی ہو لیکن حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی کہ

سچ بولنے والا

امانت ادا کرنے والا

وعدہ پورا کرنے والا

اس آدمی سے ہزار درجہ افضل و برتر ہے جس میں یہ خوبیاں نہ ہوں یاد رہے جو ان اوصاف حمیدہ سے متصف ہے اللہ تعالیٰ اسے اپنی بندگی کا وہ کیف عطا فرماتا ہے کہ شاید اس کے دو سجدے جھوٹ بولنے والے خیانت کرنے والے وعدہ توڑنے والے کے بے شمار سجدوں سے افضل و برتر ہوں۔

اے اللہ!

اپنی عنایات کریمانہ کے صدقے ہماری زبانیں جھوٹ سے پاک فرما اور ہمیں ہمیشہ سچ بولنے کی سعادت ارزانی فرما۔

افضل رات

قَالَ یُوْسُفُ بْنُ اَسْبَاطٍ :

لَاَنْ اَبِیْتَ لَیْلَۃً اُعَامِلُ اللہَ بِالصِّدْقِ ، اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَضْرِبَ بِسَیْفِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ۔(۱)

حضرت یوسف بن اسباط رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

اگر میں ایک رات اللہ تعالی سے معاملہ سچائی سے کروں تو مجھے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ میں فی سبیل اللہ اپنی تلوار چلاؤں۔

--☆--

سچی زبان جب سچے اللہ کی تعریف وتوصیف کرتی ہے تو اس کی شان ہی نرالی ہوتی ہے گویا اس سے رحمت الہیہ کے چشمے پھوٹ رہے ہیں جو اللہ کا بندہ سچی زبان سے رات بھر سچے قرآن کی تلاوت کرتا رہا اور اسی سچی زبان سے رات بھر سجدوں میں سبحان ربی الاعلی کہتا رہا اور اسی سچی زبان سے

(۱) اصلاح الامۃ صفحہ ۳۰ جلد۵

سحری کے وقت استغفار کرتا رہا یقیناً وہ اس جہاد کرنے والے سے افضل و برتر ہے جسکی زبان سچی نہیں اور وہ بد دلی سے دشمن سے لڑ رہا ہے۔

یہ دین اسلام ہے، سچوں کا سچا دین ہے۔اس دین حق کے تمام معاملات سچائی پر مبنی ہیں اور جو فرزند آدم سچ کو اپنا شعار بنا تا ہے اسکی زبان جب بھی کھلتی ہو تو اس سے شہد کی بوندوں سے زیادہ میٹھی سچی باتیں نکلتی ہیں تو وہ آدمی یقیناً اسلام کی حقیقی تعلیمات سے آشنا ہے اور اس پر اللہ تعالٰی کی خصوصی رحمت ہے اور جس پر اللہ تعالٰی کی رحمتیں اور برکتیں ہوں یقیناً وہ افضل و اعلیٰ ہے اور اس کا مقام بہت بلند و بالا ہے۔

-☆-

اوصاف حمیدہ سے متصف

کے لئے اہل اسلام محبت کرتے ہیں

انکی زبانیں تعریف کرتی ہیں

اور انکے اجسام انکی مدد کرتے ہیں

قَالَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ :

مَنْ کَانَتْ لَہٗ عِنْدَ النَّاسِ ثَلَاثٌ وَجَبَتْ لَہٗ عَلَیْہِمْ ثَلَاثٌ :

مَنْ اِذَا حَدَّثَہُمْ صَدَقَہُمْ ، وَاِذَا ائْتَمَنُوْہُ لَمْ یَخُنْہُمْ ، وَاِذَا وَعَدَہُمْ وَفّٰی لَہُمْ ،

وَجَبَ لَہٗ عَلَیْہِمْ اَنْ تُحِبَّہٗ قُلُوْبُہُمْ ، وَتَنْطِقَ بِالثَّنَاءِ عَلَیْہِ اَلْسِنَتُہُمْ، وَتَظْہَرَ لَہٗ مَعُوْنَتُہُمْ [1]

ترجمة الحديث:

حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

الاداب الشرعیہ ۲۹/۱

نضرۃ النعیم ۲۵۱۳

جس نے لوگوں کے ساتھ تین چیزیں اختیار کیں تو اس کے لئے لوگوں پر تین چیزیں واجب ہیں:

(۱) جب وہ ان سے بات کرے تو سچ بولے

(۲) جب وہ -لوگ- اسے امین بنائیں تو خیانت نہ کرے

(۳) جب وہ ان -لوگوں- سے وعدہ کرے تو ان سے وعدہ وفا کرے

تو لوگوں پر (اللہ کی طرف سے) ضروری ہو جاتا ہے کہ

(۱) ان کے دل اس سے محبت کریں

(۲) ان کی زبانیں اس کی تعریف میں بولیں

(۳) اور ان کی مدد و اعانت کا اس کے لئے ظہور ہو۔

-☆-

سچ بولنا، امانت پورے طریقے سے ادا کرنا، اور وعدہ پورا کرنا وہ انعامات ہیں جسے یہ نصیب ہو جائیں اس پر اللہ تعالیٰ کا یوں کرم ہوتا ہے کہ لوگوں کے دل اس کی محبت سے لبریز ہو جاتے ہیں۔

انسان اس آدمی سے اتنی محبت کرتے ہیں کہ نفرت کا نام و نشان نہیں رہتا لوگ اس کی تعریف و توصیف کرتے ہیں کہ کیا اچھا آدمی ہے۔ اس تعریف کا فائدہ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائے گا اور اس کے لئے اپنی رحمت کے مزید دروازے کھول دے گا۔

اگر زندگی میں ایسے آدمی پر کوئی مشکل وقت آ جائے تو لوگ اس کی مدد کے لئے خود بخود آ جاتے ہیں اور اسے اسکی تکلیف کا احساس تک نہیں ہونے دیتے بلکہ وہ یوں پیار و محبت سے اسکی اعانت کرتے ہیں کہ وہ سب غم بھول جاتا ہے۔

-☆-

جنت کی ضمانت

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

اضْمَنُوْا لِيْ سِتًّا مِنْ اَنْفُسِكُمْ اَضْمَنْ لَكُمُ الْجَنَّةَ :

اصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ ، وَاَوْفُوْا اِذَا وَعَدْتُمْ ، وَاَدُّوا اِذَا ائْتُمِنْتُمْ ، وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَكُمْ ، وَغُضُّوا اَبْصَارَكُمْ ، وَكُفُّوْا اَيْدِيَكُمْ .

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۴۲)	جلد۲	صفحہ۶۵۴
قال المحقق	حسن بشواھدہ		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۵۶۱)	جلد۳	صفحہ۴۳۶
قال المحقق	حسن بشواھدہ		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۳۱۱)	جلد۳	صفحہ۵۵۵
قال المحقق	حسن بشواھدہ		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۴۰۳)	جلد۳	صفحہ۵۹۴
قال المحقق	حسن بشواھدہ		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۹۰۱)	جلد۲	صفحہ۳۹۷
قال الالبانی	صحیح لغیرہ		

ترجمۃ الحدیث:

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مجھے اپنی طرف سے چھ چیزوں کی ضمانت دے دو تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

(۱) جب بات کرو تو سچ بولو (۲) جب وعدہ کرو تو پورا کرو

(۳) جب امین بنائے جاؤ تو امانت کو صحیح طریقے سے ادا کرو

(۴) اپنے ستر کی حفاظت کرو

(۵) اپنی آنکھیں پست رکھو

(۶) اور اپنے ہاتھوں کو (کسی پر زیادتی سے) باز رکھو۔

صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۱۶)	جلد۲	صفحہ۶۲۰
قال الالبانی	حسن لغیرہ		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۳۵)	جلد۳	صفحہ۱۳۱
قال الالبانی	صحیح لغیرہ		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۹۳)	جلد۳	صفحہ۱۵۱
قال الالبانی	صحیح لغیرہ		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۸۰۶۶)	جلد۸	صفحہ۳۸۶۶
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		
قال الذھبی	فیہ ارسال		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۷۱)	جلد۱	صفحہ۵۰۶
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح ورجالہ ثقات الا ان فیہ انقطاعا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۷۱)	جلد۱	صفحہ۳۴۷
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۷۵۷)	جلد۳۷	صفحہ۴۱۷
قال شعیب الارنؤوط	حسن لغیرہ وھذا اسناد رجالہ ثقات لکن المطلب - وھو ابن عبداللہ ابن المطلب بن حنطب -		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۴۷۰)	جلد۳	صفحہ۴۵۴
قال الالبانی	وھذا اسناد حسن لولا الانقطاع بین المطلب وعبادۃ لذلک لما صححہ الحاکم		

سچ - جنت لے جاتا ہے

سچ بولنے والا - اللہ تعالیٰ کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے

عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - عَنِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ - قَالَ :

اِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِىْ اِلَى الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِىْ اِلَى الْجَنَّةِ ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيْقًا ، وَاِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِىْ اِلَى الْفُجُوْرِ ، وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِىْ اِلَى النَّارِ ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۰۹۴)	جلد۴	صفحہ۱۹۲۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۰۷)	جلد۴	صفحہ۲۰۱۲
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۳۱۹)	جلد۳	صفحہ۵۵۸
قال المحقق:	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۳۲)	جلد۳	صفحہ۱۳۲
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۶۶۵)	جلد۱	صفحہ۳۳۴
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن مسعود-رضی اللہ عنہ- نے بیان فرمایا:حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

بے شک صدق نیکی تک لے جاتا ہے اور بے شک نیکی جنت تک لے جاتی ہے۔آدمی سچ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالی کے ہاں صِدّیق لکھا جاتا ہے۔

اور جھوٹ فجور (اللہ کی نافرمانی) تک لے جاتا ہے اور فجور (اللہ کی نافرمانی) جہنم تک لے جاتی ہے۔آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے ہاں کذاب لکھا جاتا ہے۔

-☆-

صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۴۹۸۹)	جلد۳	صفحہ۲۲۶
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۹۷۱)	جلد۲	صفحہ۳۶۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۷۳)	جلد۱	صفحہ۵۰۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۷۴)	جلد۱	صفحہ۵۰۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۷۵۳)	جلد۳	صفحہ۳۷۷
قال الالبانی	متفق علیہ		

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا فرمان:

وَقَالَ الصِّدِّيْقُ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – :

عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ ،فَإِنَّهُ مَعَ الْبِرِّ ، وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ.[1]

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

سچ کو اپنے اوپر لازم کرو کیونکہ یہ نیکی کیساتھ ہے اور یہ دونوں سچ اور نیکی جنت میں ہیں۔

-☆-

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی:

عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – :

اَنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيْقًا، وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ لِلْفُجُوْرِ فِيْ قَلْبِهٖ مَوْضِعُ إِبْرَةٍ يَسْتَقِرُّ فِيْهِ ، وَاَنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتّٰى مَايَكُوْنُ لِلْبِرِّ فِيْ قَلْبِهٖ مَوْضِعُ إِبْرَةٍ يَسْتَقِرُّ فِيْهِ.[2]

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

بے شک آدمی سچ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے۔

اور سچ کو اتنا تلاش کرتا ہے کہ فجور (اللہ کی نافرمانی) کی اس کے دل میں سوئی کے برابر بھی جگہ نہیں رہتی کہ نافرمانی دل میں قرار پکڑ سکے۔

اور بے شک آدمی جھوٹ بولتا ہے اور جھوٹ کے پیچھے لگا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے دل میں برّ (نیکی) کے لئے سوئی کے برابر بھی جگہ نہیں رہتی کہ وہ وہاں قرار پکڑ سکے۔

-☆-

(۱) صلاح الامۃ صفحہ ۳۰ جلد ۵

(۲) صلاح الامۃ صفحہ ۳۰ جلد ۵

وسط جنت میں گھر

عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – :

أَنَا زَعِيْمٌ بِبَيْتٍ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَإِنْ كَانَ مُحِقًّا ، وَبِبَيْتٍ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَإِنْ كَانَ مَازِحًا ، وَبِبَيْتٍ فِيْ أَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسُنَ خُلُقُهٗ .

صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (٤٨٠٠)	جلد٣	صفحہ١٧٩
قال الالبانی	حسن		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٣٩١٣)	جلد٣	صفحہ٣٨٩
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٢٣٣)	جلد١	صفحہ١٨٠
قال المحقق	صحیح عن معاذ بن جبل		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٢٦٤٨)	جلد٣	صفحہ٩
قال الالبانی	حسن		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (١٣٩)	جلد١	صفحہ١٦٨
قال الالبانی	حسن لغیرہ عن معاذ بن جبل		

ترجمة الحديث،

حضرت ابوامامہ باھلی -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

میں ضامن ہوں اطراف جنت میں گھر کا اس آدمی کے لئے جس نے جھگڑا چھوڑ دیا اگرچہ وہ حق پر ہو اور میں ضامن ہوں وسط جنت میں گھر کا اس آدمی کے لئے جس نے جھوٹ چھوڑ دیا اگرچہ مذاق میں ہی ہو۔

میں ضامن ہوں اعلیٰ جنت میں گھر کا اس آدمی کے لئے جس نے اپنے اخلاق اچھے کیے۔

-☆-

سلسلة الاحاديث الصحيحة	رقم الحديث (۲۷۳)	جلد ۱	صفحہ ۵۵۲
قال الالبانی	وهذا اسناد رجاله ثقات معروفون، غير ايوب بن محمد السعدي		
رياض الصالحين	رقم الحديث (۶۳۰)	جلد ۱	صفحہ ۵۳۲

سچ بولنے والوں کے لئے جنتیں
جن کے نیچے نہریں رواں دواں
سچ بولنے والوں سے
اللہ راضی ،وہ اللہ سے راضی

هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝[1]

ترجمة :

یہ وہ دن ہے کہ صادقین کو ان کا سچ نفع دے گا ان کیلئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں رواں دواں ہیں، ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے ۔اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

-☆-

(۱) سورۃ المائدہ آیت ۱۱۹

سچ بولنے والے کے لئے یہ انعام کیا کم ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے ایسی جنتیں عطا فرمائے گا جن کے نیچے نہریں رواں دواں ہونگی اور اس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے اس سے بھی بڑھ کر انعام کا اعلان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی اور وہ اللہ تعالیٰ کے انعامات واکرامات سے راضی یہ طرفین کی رضا درحقیقت اللہ ہی کی رضا ہے اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

اے اللہ! اے ذاالجلال والاکرام

اپنی عنایات کریمانہ کے صدقے ہمیں ہمیشہ سچ بولنے کی سعادت نصیب فرما اور ہمیں بھی ان انعامات سے سرفراز فرما جن کا تو نے اپنے پیارے بندوں سے وعدہ فرمایا ہے۔ ہمیں اپنی گرفت اورعذاب سے بچا کر اپنی رحمت و جنت میں جگہ مرحمت فرما اور ہمیں محض اپنے فضل وکرم سے ایسی جنتیں عطا فرما جن کے نیچے نہریں رواں دواں ہوں اور اپنی رضا کا پروانہ بھی مرحمت فرما۔

–☆–

سچ بولنے والے کا انعام

اللہ تعالیٰ کی رضا

حضرت ابوسلیمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

وَقَالَ اَبُوْ سُلَیْمَانَ :

مَنْ کَانَ الصِّدْقُ وَسِیْلَتَہٗ ، کَانَ الرِّضَا مِنَ اللّٰہِ جَائِزَتَہٗ ۔[1]

حضرت ابوسلیمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

سچ بولنا جس کا وسیلہ ہو اللہ کی رضا اس کا انعام ہے۔

-☆-

اللہ تعالیٰ کی رضا سب سے بڑی دولت ہے

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰہِ اَکْبَرُ

سچ بولنے والا سچ بولتا جاتا ہے زندگی کے ہر موڑ پر سچ کا دامن نہیں چھوڑتا پھر جب اس کا

(۱) اصلاح الامۃ صفحہ ۴۳ جلد ۵

وقت رخصتی آتا ہے دنیا چھوڑنے کا لمحہ آتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوتا ہے۔

جس سے اللہ راضی ہو اسکی قبر جنت کا باغ ہے اور میدان حشر میں رحمت الٰہی کا سایہ نصیب ہوگا اور حوض کوثر کے جام اس کے لبوں پر ہونگے۔

–☆–

جو سچ نہیں بولتا
اس کا کوئی فرض قبول نہیں

قَالَ بَعْضُهُمْ :

مَنْ لَمْ يُؤَدِّ الْفَرْضَ الدَّائِمَ ، لَمْ يُقْبَلْ مِنْهُ الْفَرْضُ الْمُؤَقَّتُ . قِيْلَ :

وَمَا الْفَرْضُ الدَّائِمُ ؟ قَالَ :

الصِّدْقُ [1]

اسلاف میں سے بعض نے ارشاد فرمایا:

جس نے دائمی فرض ادا نہ کیا اس کا وقتی فرض قبول نہیں۔ عرض کی گئی:

دائمی فرض کونسا ہے؟ ارشاد فرمایا:

سچ بولنا۔

-☆-

(۱) صلاح الامۃ صفحہ ۳۱ جلد ۵

آیئے اپنی زبانیں سچ سے تر و تازہ رکھیں ایسا نہ ہو کہ جھوٹ سے داغدار زبان ہماری نمازیں ہمارے روزے خراب کر دے۔ جسکی زبان سچی ہے اسے سچے اللہ کی سچی بندگی وعبادت کا سچا مزہ آتا ہے اور اسکی تمام عبادات بارگاہ الٰہی میں مقبول و منظور ہیں۔

-☆-

حضرت عمر بن عبدالعزیز کا ارشادگرامی:

كَلَّمَ عُمَرَ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْوَلِيْدَ فِيْ شَيْيءٍ ، فَقَالَ لَهُ : كَذَبْتَ ، فَقَالَ عُمَرُ : مَاكَذَبْتُ مُذْ عَلِمْتُ اَنَّ الْكِذْبَ يَشِيْنُ صَاحِبَهُ [1]

حضرت عمر بن عبدالعزیز نے ولید سے کسی معاملے پر بات کی تو اس نے آپ سے کہا:
تو نے جھوٹ بولا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
جب سے مجھے پتا چلا کہ جھوٹ انسان کی شخصیت کو داغدار کرتا ہے میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔

-☆-

(۱) اصلاح الامۃ صفحہ ۳۴ جلد ۵

ضیاء الحدیث

کلمات طیبات

جن سے

اجر و ثواب کا لامحدود خزانہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ۔

امابعد:

کلمات طیبات

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر

کے فضائل کے متعلق چند احادیث مبارکہ مع ترجمہ پیش خدمت ہیں۔

اللہ تعالیٰ اپنی یاد کی توفیق عطا فرمائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کلمات طیبات ادا کرنا دنیا کی ہر چیز سے محبوب ہے

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

لَاَنْ اَقُوْلَ : سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۸۴۷)	جلد۴	صفحہ۲۲۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۹۵)	جلد۴	صفحہ۲۰۷۲
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۳۹۰)	جلد۲	صفحہ۴۰۶
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۵۴۵)	جلد۲	صفحہ۲۳۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۰۳۷)	جلد۲	صفحہ۸۹۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۹۷)	جلد۳	صفحہ۴۷۵
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اگر میں یہ کہوں: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَر.

تو یہ مجھے ہر اس چیز سے زیادہ محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے۔

-☆-

سورج جب چمکتا ہے تو اس زمین کو منور کر دیتا ہے۔ اس کی روشنی پہاڑوں پر، دریاؤں پر، صحراؤں پر، باغوں پر اور مرغزاروں پر پڑتی ہے۔ جب سورج طلوع ہوتا ہے تو اس کی روشنی چار سو پھیل جاتی ہے۔ زمین اور زمین کے ذخائر چمکنے لگتے ہیں۔ سونا چاندی، ہیرے جواہرات، جانور و غذائی اجناس، فلک بوس عمارتیں سب روشن ہو جاتی ہیں۔

اب غور کیجئے! یہ کلمات طیبات کتنے قیمتی ہیں، دنیا کی کوئی دولت، کوئی سرمایہ، کوئی خزانہ ان کی قیمت نہیں بن سکتا۔ پہاڑوں کے پہاڑ سونا بنا کر رکھ دیئے جائیں پھر بھی وہ کلمات طیبات کی قیمت نہیں بن سکتے۔ کیونکہ یہ دنیا، دنیا کے ذخائر، دنیا کی بہاریں سب فانی ہیں۔ باقی اللہ حی وقیوم ہے اور اس کی بنائی ہوئی جنت اور اس کے انعامات باقی ہیں۔ فانی اور باقی کا کوئی موازنہ نہیں۔ فانی فانی ہے ایک دم ختم ہو جائے گا اس کا نام ونشان مٹ جائے گا۔ باقی باقی ہے اس نے رہنا ہے اور تا ابد رہنا ہے۔ ابدی ولا فانی چیز بہر حال فانی سے بدرجہا بہتر وافضل ہے۔

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۳۵)	جلد۲	صفحہ۲۳۳
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۲۲)	جلد۴	صفحہ۳۱۹
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۳۳)	جلد۳	صفحہ۱۱۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۰۳)	جلد۹	صفحہ۳۰۷

اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ کلام

عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلِهِ وَسَلَّمَ – :

اَحَبُّ الْكَلَامُ اِلَی اللّٰهِ اَرْبَعٌ :

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، لَا یَضُرُّكَ بِاَیِّهِنَّ بَدَأْتَ .

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۶۰۱)	جلد۳	صفحہ۴۲۵
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۱۳۷)	جلد۳	صفحہ۱۶۸۵
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۲۹۱)	جلد۲	صفحہ۴۰۶
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۴۶)	جلد۲	صفحہ۲۳۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۷۳)	جلد۱	صفحہ۹۶
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۱۴)	جلد۹	صفحہ۳۱۲
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۱۵)	جلد۹	صفحہ۳۱۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۲۲۴)	جلد۲	صفحہ۴۳۲

ترجمة الحديث،

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ کو چار کلمات بہت زیادہ پسند ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ،

ان میں سے جس سے مرضی آغاز کرلے۔

-☆-

بندہ، حقیقی بندہ اللہ تعالیٰ کے احکامات پر دل وجان سے عمل کرتا ہے۔وہ قول وفعل میں دیکھتا ہے کہ کیا ایسا کہنے سے یا ایسا کرنے سے خالق ومالک راضی ہوتا ہے یا نہیں۔اگر اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کا اسے علم ہوتو وہ اس کو دل وجان سے سرانجام دیتا ہے۔

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۳۵)	جلد۳	صفحہ۱۱۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۳۹)	جلد۳	صفحہ۱۲۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۹۸۹)	جلد۱۵	صفحہ۱۲۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۰۰۷)	جلد۱۵	صفحہ۱۳۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۱۰۰)	جلد۱۵	صفحہ۱۵۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۱۱)	جلد۴	صفحہ۲۹۰
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۱۶)	جلد۹	صفحہ۳۱۲

یہ کلمات طیبات:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ،

اللہ تعالیٰ کو بڑے محبوب ہیں اور خدائے ذوالجلال ان کلمات کے ادا کرنے والے سے بھی محبت فرماتا ہے۔ جو فرد ہمیشہ خلوص دل سے ان کلمات طیبات کا ورد کرتا ہے خالق و مالک اس سے راضی ہوتا ہے۔ اس سے خوش ہوتا ہے اور اسے اپنا محبوب بنالیتا ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ اپنا پیارا بنالے وہ دونوں جہاں میں سرفراز ہے اور فیروز بختی اس کے ماتھے کی زینت ہے۔

-☆-

افضل الکلام

عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَفْضَلُ الْكَلَامِ : سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ.

ترجمة الحديث،

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک صحابی سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

سب سے افضل کلام سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ،وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ،وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ہے۔

-☆-

السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۱۰)	جلد۹	صفحہ۳۱۰
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۲۹۲)	جلد۲	صفحہ۳۰۷
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۴۸)	جلد۲	صفحہ۲۳۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۱۲۷)	جلد۱	صفحہ۲۵۲
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۶۳۶۳)	جلد۱۳	صفحہ۸
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
سلسلة الاحادیث الصحیحة	رقم الحدیث (۱۴۹۸)	جلد۳	صفحہ۴۸۵

جنت کے پودے

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – مَرَّ بِهٖ وَهُوَ یَغْرِسُ غَرْسًا فَقَالَ:

یَا اَبَا هُرَیْرَةَ مَا الَّذِی تَغْرِسُ ؟ قُلْتُ : غِرَاسًا قَالَ:

اَدُلُّکَ عَلٰی غِرَاسٍ خَیْرٍ مِنْ هٰذَا ؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ تُغْرَسُ لَکَ بِکُلِّ وَاحِدَةٍ شَجَرَةٌ فِی الْجَنَّةِ.

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۲۹۳)	جلد ۲	صفحہ ۴۰۷
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۴۹)	جلد ۲	صفحہ ۲۳۱
قال الالبانی	حسن لغیرہ		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۰۷)	جلد ۴	صفحہ ۴۸۸
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۶۱۳)	جلد ۱	صفحہ ۵۱۰
قال الالبانی	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۸۷)	جلد ۲	صفحہ ۱۹۷
قال الحاکم	ھٰذا حدیث صحیح الاسناد		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس سے گزرے اور وہ پودے لگا رہے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے ابو ہریرہ! تو کیا بو رہا ہے؟'' میں نے عرض کیا: پودے لگا رہا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں تجھے اس سے بہتر چیز ی بتاؤں؟ وہ ہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ .

ان میں سے ہر ایک کے بدلے تیرے لیے جنت میں ایک درخت لگایا جائے گا۔

-☆-

حضرت ابراہیم علیہ السلام
کا ارشاد گرامی

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

لَقِیْتُ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَیْلَةَ اُسْرِیَ بِیْ فَقَالَ :

یَا مُحَمَّدُ اَقْرِئْ اُمَّتَکَ مِنِّی السَّلَامَ وَ اَخْبِرْهُمْ اَنَّ الْجَنَّةَ طَیِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ الْمَاءِ وَاَنَّهَا قِیْعَانٌ وَ اَنَّ غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ.

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۲۹۴)	جلد۲	صفحہ۴۰۷
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۴۸)	جلد۲	صفحہ۲۳۱
قال الالبانی	حسن لغیرہ		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۱۵۲)	جلد۲	صفحہ۹۱۶
قال الالبانی	حسن		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۶۲)	جلد۳	صفحہ۴۲۸
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اسراء کی رات -معراج کی رات- میری ملاقات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی۔ انہوں نے فرمایا:

اے محمد! اپنی امت کو میری طرف سے سلام کہنا اور انہیں بتانا کہ جنت کی مٹی زرخیز ہے، اس کا پانی میٹھا ہے، اور وہ چٹیل میدان ہے اور اس کی پنیری:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ہے۔

-☆-

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۱۵)	جلد۲	صفحہ۴۳۹
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۲۸)	جلد۴	صفحہ۳۲۲
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۰۵)	جلد۱	صفحہ۱۲۵

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادگرامی

جنت میں کثرت سے پودے لگاؤ

عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِی – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ و آلِہٖ وَسَلَّمَ – یَقُوْلُ:

اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ قِیْعَانًا فَاَکْثِرُوامِنْ غِرَاسِھَا ، قَالُوا : یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا غِرَاسُھَا ؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ.

ترجمة الحديث،

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۳۹۴)	جلد۲	صفحہ۴۰۸
قال المحقق	حسن بشواہدہ		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۵۵۱)	جلد۲	صفحہ۳۳۲
قال الالبانی	حسن لغیرہ		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۶۸۵۴)	جلد۱۰	صفحہ۷۶

وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

جنت میں چٹیل میدان ہیں، ان میں زیادہ سے زیادہ پودے لگاؤ۔ صحابہ کرام۔ رضی اللہ عنہم۔ نے عرض کی:

یا رسول اللہ!۔ جنت۔ کے پودے کیا ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

-☆-

ہر کلمہ کے بدلے
جنت میں ایک درخت

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – :

مَنْ قَالَ : سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، غُرِسَ لَهٗ بِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ شَجَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ.

ترجمة الحديث،

حضرت ابن عباس –رضی اللہ عنہما– سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ –صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم– نے ارشاد فرمایا:

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۹۵)	جلد۲	صفحہ۴۰۸
قال المحقق	حسن بالشاہد والمتقدم		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۵۴)	جلد۲	صفحہ۲۳۲
قال الالبانی	حسن لغیرہ		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۶۸۶۳)	جلد۱۰	صفحہ۷۹

جس نے کہا:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ.

ان میں سے ہر ایک کے بدلے اس کے لیے جنت میں ایک درخت لگایا جاتا ہے۔

-☆-

سبحان اللہ کہنا- غلام آزاد کرنے کے برابر
الحمد للہ کہنا- فی سبیل اللہ زین والا گھوڑا بھیجنے کے برابر
اللہ اکبر کہنا- اللہ کی بارگاہ میں مقبول قربانی کے اونٹ بھیجنے کے برابر
لا الہ الا اللہ کہنا- زمین وآسمان کے درمیان بھر دیتا ہے

عَنْ اُمِّ هَانِیءٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا –قَالَتْ:

مَرَّ بِي رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَقُلْتُ : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! قَدْ كَبِرْتُ وَضَعُفْتُ اَوْكَمَا قَالَتْ – فَمُرْنِي بِعَمَلٍ اَعْمَلُهُ وَ اَنَا جَالِسَةٌ قَالَ :

سَبِّحِي اللّٰهَ مِائَةَ تَسْبِيْحَةٍ فَاِنَّهَا تَعْدِلُ لَكِ مِائَةَ رَقَبَةٍ تُعْتِقِيْنَهَا مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيْلَ ، وَاحْمَدِي اللّٰهَ مِائَةَ تَحْمِيْدَةٍ فَاِنَّهَا تَعْدِلُ لَكِ مِائَةَ فَرَسٍ مُسْرَجَةٍ مُلْجَمَةٍ تَحْمِلِيْنَ عَلَيْهَا فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ ، وَكَبِّرِی اللّٰهَ مِائَةَ تَكْبِيْرَةٍ فَاِنَّهَا تَعْدِلُ لَكِ مِائَةَ بَدَنَةٍ مُقَلَّدَةٍ مُتَقَبَّلَةٍ ، وَهَلِّلِی اللّٰهَ مِائَةَ تَهْلِيْلَةٍ ، قَالَ اَبُوْخَلَفٍ :

اَحْسِبُهُ قَالَ : تَمْلَأُ مَابَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَلَا يُرْفَعُ يَوْمَئِذٍ لِاَحَدٍ عَمَلٌ اَفْضَلُ

مِمَّا يُرْفَعُ لَكَ إِلَّا أَنْ يَأْتِيَ بِمِثْلِ مَا أَتَيْتِ .

وَالْحَاكِمُ زَادَ فِيهِ :

قُوْلِي : لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ لَا تَتْرُكُ ذَنْبًا وَلَا يُشْبِهُهَا عَمَلٌ .

ترجمة الحديث،

حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے۔میں نے عرض کیا:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! میں بوڑھی اور کمزور ہوگئی ہوں یا اسی طرح کا کوئی لفظ کہا آپ مجھے ایسا عمل بتائیں جسے میں بیٹھ کر کرتی رہوں۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ایک سو دفعہ سبحان اللہ کہیے، یہ تمہارے لیے اولاد اسماعیل میں سے ایک سو غلام آزاد کرنے کے برابر ہوگا۔

ایک سو دفعہ الحمد للہ کہیے یہ تمہارے لیے ایک سو کاٹھی اور لگام والے گھوڑوں کے برابر ہوگا جنہیں تم اللہ کی راہ میں سواری کے لیے دو۔

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٢٣٩٧)	جلد٢	صفحہ٤٠٩
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (١٥٥٣)	جلد٢	صفحہ٤٣٣
قال الالبانی	حسن		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (١٦٨٦٧)	جلد١٠	صفحہ٨٠
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (١٨٩٣)	جلد٢	صفحہ٧٢١
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (٣٨١٠)	جلد٢	صفحہ٤٩٠
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢٦٧٩٠)	جلد١٨	صفحہ٣٦٢
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (١٠٦١٣)	جلد٩	صفحہ٣١١

اور ایک سو دفعہ اللہ اکبر کہیئے یہ تمہارے لیے ایک سو قربانی کے اونٹ دینے کے برابر ہوگا جو پٹے والے اور اللہ کے ہاں مقبول بھی ہوں۔

اور ایک سو دفعہ لا الہ الا اللہ کہیئے۔

ابو خلف کہتا ہے میرا خیال ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یہ آسمان و زمین کے خلا کو بھر دیگا اور تمہارے عمل سے بڑھ کر کسی آدمی کے عمل آسمان کی طرف نہیں اٹھیں گے، مگر یہ کہ کوئی شخص تم جیسا عمل کرے۔

اور امام حاکم نے اس میں یہ اضافہ کیا ہے:

تم لاحول ولاقوۃ الا باللہ بھی کہو یہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کہنا کوئی گناہ نہیں چھوڑتا اور اس کی مثل کوئی عمل نہیں ہے۔

-☆-

اللہ تعالیٰ کے منتخب
چار کلمات

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ وَاَبِی سَعِیْدٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی مِنَ الْكَلَامِ اَرْبَعًا:

سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، فَمَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ كُتِبَتْ لَهٗ عِشْرُوْنَ حَسَنَةً، وَحُطَّتْ عَنْهُ عِشْرُوْنَ سَيِّئَةً، وَمَنْ قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ فَمِثْلُ ذٰلِكَ وَمَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمِثْلُ ذٰلِكَ، وَمَنْ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِهٖ كُتِبَتْ لَهٗ ثَلَاثُوْنَ حَسَنَةً وَحُطَّتْ عَنْهُ ثَلَاثُوْنَ سَيِّئَةً.

ترجمة الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے چار کلمات منتخب کیے ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ،

جو آدمی سبحان اللہ کہتا ہے: اس کیلئے بیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور بیس گناہ ختم ہوتے ہیں۔ اور جو آدمی اللہ اکبر کہتا ہے: اسے بھی اس کی مثل ثواب ملتا ہے۔ اور جو لا الہ الا اللہ کہتا ہے: اسے بھی اس کی مثل ثواب ملتا ہے۔ اور جو الحمد للہ کے ساتھ رب العلمین اپنی طرف سے کہتا ہے: اس کیلئے تیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور تیس گناہ مٹا دیے جاتے ہیں۔

-☆-

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۹۹)	جلد۲	صفحہ۴۱۰
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۵۴)	جلد۲	صفحہ۲۴۳
قال الالبانی	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۸۶)	جلد۲	صفحہ۷۱۹
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۶۸۳۷)	جلد۱۰	صفحہ۳۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۹۹۹)	جلد۷	صفحہ۱۴۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۳۴۳)	جلد۱۰	صفحہ۱۱۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۳۶۶)	جلد۱۰	صفحہ۱۲۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۷۸)	جلد۹	صفحہ۳۰۹
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۷۱۸)	جلد۱	صفحہ۳۵۳
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۳۷)	جلد۴	صفحہ۳۲۵
قال المحقق	اسنادہ صحیح		

قیامت کے دن میزان میں بھاری

عَنْ اَبِیْ سَلْمٰی – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – رَاعِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ و آلہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – یَقُوْلُ:

بَخٍ بَخٍ وَاَشَارَ بِیَدِہٖ لِخَمْسٍ مَا اَثْقَلَهُنَّ فِی الْمِیْزَانِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ، وَالْوَلَدُ الصَّالِحُ یُتَوَفّٰی لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فَیَحْتَسِبُہٗ .

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۰۳)	جلد۲	صفحہ۴۱۲
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۸۳)	جلد۲	صفحہ۱۵۷
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۲۰۴)	جلد۳	صفحہ۲۰۲
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۹۲۳)	جلد۹	صفحہ۴۷
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۶۸۳۵)	جلد۱۰	صفحہ۵۷
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۰۰۹)	جلد۲	صفحہ۳۲۷
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۵۷)	جلد۲	صفحہ۲۳۵
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		

ترجمة الحديث،

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چرواہے حضرت ابو سلمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

آپ ہاتھ سے پانچ کا اشارہ دے کر فرما رہے تھے:

واہ واہ یہ چیزیں ترازو میں کتنی وزنی ہونگی۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اور مسلمان کا نیک فوت شدہ بچہ جس کی وفات پر اس نے ثواب کی نیت سے صبر کیا ہو۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۹۹۳)	جلد ۱۴	صفحہ ۲۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۸۵)	جلد ۲	صفحہ ۱۸۷
صحیح الجامع والصغیر	رقم الحدیث (۲۸۱۷)	جلد ۱	صفحہ ۵۴۴
قال الالبانی	صحیح		

جہنم کی آگ سے دور کرنے والے اعمال

عَنْ عَائِشَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – : اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

خُلِقَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِنْ بَنِي آدَمَ عَلَى سِتِّيْنَ وَثَلَاثِمِائَةِ مَفْصِلٍ ، فَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ ، وَحَمِدَ اللّٰهَ ، وَهَلَّلَ اللّٰهَ ، وَسَبَّحَ اللّٰهَ ، وَاسْتَغْفَرَ اللّٰهَ ، وَعَزَلَ حَجَرًا عَنْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ ، اَوشَوْكَةً اَوْ عَظْمًا عَنْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ ، وَاَمَرَ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ نَهٰى عَنْ مُنْكَرٍ ، عَدَدَ تِلْكَ السِّتِّيْنَ وَالثَّلَاثِمِائَةِ السُّلَامٰى فَاِنَّهُ يُمْسِيْ يَوْمَئِذٍ وَقَدْ زَحْزَحَ نَفْسَهُ عَنِ النَّارِ .

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۳۳۰)	جلد۲	صفحہ۹۹
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۰۲)	جلد۲	صفحہ۴۱۳
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۶۰)	جلد۲	صفحہ۲۳۶
قال الالبانی	حذا حدیث صحیح		
صحیح الجامع الصغیر وزیادتہ	رقم الحدیث (۲۳۹۱)	جلد۱	صفحہ۴۷۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ہر انسان کے تین سو ساٹھ جوڑ پیدا کیے گئے ہیں۔

پس جس نے اللہ اکبر کہا

الحمد للہ کہا

لا الہ الا اللہ کہا

سبحان اللہ کہا

استغفر اللہ کہا

راستہ سے کوئی پتھر ہٹایا یا کوئی کانٹا یا ہڈی راستے سے دور کر دی

اور کسی نیکی کا حکم دیا یا کسی برائی سے روکا۔

ان تین سو ساٹھ جوڑوں کی تعداد میں تو اس کی اس دن یہ حالت ہو گی کہ اس نے اپنے نفس کو جہنم کی آگ سے دور کر لیا ہے۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۰۰۷)	جلد۱	صفحہ۶۹۸
سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ	رقم الحدیث (۱۷۱۷)	جلد۴	صفحہ۳۹۵
السنن الکبیر	رقم الحدیث (۶۸۶۱)	جلد۳	صفحہ۱۵۵۰

جو آدمی قرآن کریم نہیں پڑھ سکتا
اس کیلئے کلمات طیبات

عَنِ ابْنِ اَبِی اَوْفٰی – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ اَعْرَابِیٌّ :

یَـارَسُوْلَ اللّٰہِ ! اِنِّی قَدْ عَالَجْتُ الْقُرْآنَ ، فَلَمْ اَسْتَطِعْہُ فَعَلِّمْنِي شَیْئًا یُجْزِئُ مِنَ الْقُرْآنِ ، قَالَ :

قُلْ : سُبْحَانَ اللّٰہِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ، وَلَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ، فَقَالَھَا وَاَمْسَکَھَا بِاَصَابِعِہِ فَقَالَ : یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ! ھٰذَا لِرَبِّي فَمَا لِيْ ؟ قَالَ : تَقُوْلُ :

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَأَحْسِبُہُ قَالَ : وَاھْدِنِي ، وَمَضَی الْاَعْرَابِیُّ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – :

ذَھَبَ الْاِعْرَابِیُّ وَ قَدْ مَلَأَ یَدَیْہِ خَیْرًا .

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۰۵)	جلد ۲	صفحہ ۴۱۳
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۶۱)	جلد ۲	صفحہ ۲۳۶
قال الالبانی	حسن		

ترجمۃ الحدیث:

حضرت (عبداللہ) بن ابی اوفی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں نے قرآن مجید پڑھنے کی کوشش کی لیکن میں اسے پڑھ نہیں سکا، آپ مجھے ایسی چیز سکھائیں جو میرے لیے اس کی جگہ کافی ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھ۔

اس نے یہ الفاظ پڑھے اور انگلیوں سے گن کر کہنے لگا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ تو میرے رب کیلئے ہیں میرے لیے کیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تو یہ دعا کر۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي وَارْحَمْنِي وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

میرا خیال ہے کہ آپ نے یہ بھی کہا: وَاهْدِنِي۔

اے اللہ مجھے بخش دے، مجھ پر رحم کر، مجھے صحت دے، مجھے رزق دے اور مجھے ہدایت دے۔

جب دیہاتی چلا گیا تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

دیہاتی اپنے ہاتھ بھلائی کے ساتھ بھر کر لے گیا ہے۔

-☆-

کلمات طیبات کے بعد دعا قبول ہے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ – قَالَ:

جَاءَ رَجُلٌ بَدوِیٌّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – فَقَالَ : یَارَسُوْلَ اللّٰہ ! عَلِّمْنِیْ خَیْرًا ؟ قَالَ:

قُلْ : سُبْحَانَ اللّٰہِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ، قَالَ : وَعَقَدَ بِیَدِہٖ اَرْبَعًا ، ثُمَّ ذَھَبَ فَقَالَ:

سُبْحَانَ اللّٰہِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ، ثُمَّ رَجَعَ فَلَمَّا رَآہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – تَبَسَّمَ وَقَالَ :

تَفَکَّرَ الْبَائِسُ ، فَقَالَ : یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ! سُبْحَانَ اللّٰہِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ، ھٰذَا کُلُّہٗ لِلّٰہِ ، فَمَا لِیْ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – :

اِذَا قُلْتَ : سُبْحَانَ اللّٰهِ ، قَالَ اللّٰهُ : صَدَقْتَ ، وَاِذَا قُلْتَ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، قَالَ اللّٰهُ : صَدَقْتَ ، وَاِذَا قُلْتَ : لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، قَالَ اللّٰهُ : صَدَقْتَ ، وَاِذَا قُلْتَ : اللّٰهُ اَكْبَرُ قَالَ اللّٰهُ : صَدَقْتَ ، فَتَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ، فَیَقُوْلُ اللّٰهُ : قَدْ فَعَلْتُ ، فَتَقُوْلُ : اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ ، فَیَقُوْلُ اللّٰهُ : قَدْ فَعَلْتُ ، وَتَقُوْلُ : اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ ، فَیَقُوْلُ اللّٰهُ : قَدْ فَعَلْتُ.

قَالَ : فَعَقَدَ الْاَعْرَابِیُّ سَبْعًا فِیْ یَدَیْهِ .

ترجمة الحديث:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا:

ایک دیہاتی نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی:

یا رسول اللہ! مجھے کوئی کلمہ خیر سکھا دیجئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کہئے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ.

انہوں نے یہ الفاظ کہے اور اپنے ہاتھوں کی گرہوں پر چار دفعہ گنے۔ پھر واپس چلے گئے اور جا کر پڑھا:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ.

پھر واپس آئے۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب واپس آتے دیکھا تو تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا:

بے چارہ فکر مند ہو گیا۔ انہوں نے آ کر عرض کی: یا رسول اللہ!

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۰۷)	جلد۲	صفحہ۴۱۴
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۶۴)	جلد۲	صفحہ۲۳۸
قال الالبانی	حسن لغیرہ		

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔

یہ سب تو اللہ تعالیٰ کیلئے ہوا اور میرا حصہ کیا ہے؟ اس پر حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم نے سبحان اللہ کہا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

تم نے سچ کہا۔ جب الحمد للہ کہا: تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

تم نے سچی بات کہی ۔ جب تم نے لا الہ الا اللہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

تم نے سچ کہا۔ اور جب تم نے اللہ اکبر کہا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

تم نے بالکل صحیح کہا۔

اس کے بعد تم کہو: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ اے اللہ! مجھے بخش دے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔

تم کہو: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ اے اللہ! مجھ پر رحم فرما تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا:

میں نے تجھ پر رحم فرما دیا۔

جب تم کہو: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ اے اللہ مجھے رزق عطا فرما تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا:

جا میں نے تجھے رزق دے دیا۔

راوی کہتے ہیں کہ اس اعرابی نے سات دفعہ یہ الفاظ ہاتھ کی گرہوں پر گن کر کہے۔

-☆-

تکبیر و تسبیح کے بعد دعا قبول ہے

عَنْ سَلْمٰی اُمِّ بَنِی اَبِی رَافِعٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا – مَوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ و آلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّہَا قَالَتْ :

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ! أَخْبِرْنِی بِکَلِمَاتٍ وَّلَا تُکْثِرْعَلَيَّ ؟ فَقَالَ:

قُوْلِي : اَللّٰہُ اَکْبَرُ عَشْرَ مَرَّاتٍ ، یَقُوْلُ اللّٰہُ : ھٰذَا لِيْ، وَقُوْلِي :

سُبْحَانَ اللّٰہِ عَشْرَ مَرَّاتٍ ، یَقُوْلُ اللّٰہُ : ھٰذَا لِيْ ، وَقُوْلِي :

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِي ، یَقُوْلُ اللّٰہُ : قَدْ فَعَلْتُ ، فَتَقُوْلِیْنَ عَشْرَ مَرَّاتٍ ، وَ یَقُوْلُ :

قَدْ فَعَلْتُ .

الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (٢٣٠٨)	جلد٢	صفحہ٤١٥
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (١٥٦٦)	جلد٢	صفحہ٢٣٩
قال الالبانی	صحیح لغیرہ		

ترجمة الحديث،

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خادمہ سلمٰی رضی اللہ عنہا ابو رافع کے بیٹوں کی والدہ سے روایت ہے: انہوں نے عرض کی:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے کچھ دعائیہ الفاظ سکھائیں، زیادہ نہ بتانا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تم دس دفعہ اللہ اکبر کہو، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: یہ میرے لیے ہے تم دس دفعہ سبحان اللہ کہو، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: یہ بھی میرے لیے ہے پھر تم کہو:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ اے اللہ مجھے بخش دے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے کردیا۔ میں نے بخش دیا۔ تم یہ الفاظ دس دفعہ کہو اللہ تعالیٰ دس دفعہ فرمائے گا میں نے کردیا۔ میں نے بخش دیا۔

-☆-

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۶۸۶۸)	جلد ۱۰	صفحہ ۸۱
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۶۶)	جلد ۲۴	صفحہ ۳۰۲

جہنم سے ڈھال اور
باقیات صالحات

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

خُذُوْا جُنَّتَكُمْ ، قَالُوْا : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! عَدُوٌّ حَضَرَ ؟ قَالَ :
لَا وَلٰكِنْ جُنَّتُكُمْ مِنَ النَّارِ ، قُوْلُوْا : سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، فَاِنَّهُنَّ يَاْتِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُجَنِّبَاتٍ وَمُعَقِّبَاتٍ وَهُنَّ الْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ.

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۱۰)	جلد۲	صفحہ۴۱۶
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۶۷)	جلد۲	صفحہ۲۳۹
قال الالبانی	حسن		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۶۸۳۸)	جلد۱۰	صفحہ۷۵
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۹۸۵)	جلد۲	صفحہ۷۵۵
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۱۷)	جلد۹	صفحہ۳۱۳

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

اپنی ڈھال لے لو۔ صحابہ کرام -رضی اللہ عنہم- نے عرض کی:

یا رسول اللہ! کیا دشمن آ گیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

نہیں بلکہ جہنم سے بچانے والی ڈھال لے لو کہو:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔

یہ کلمات قیامت کے دن تمہارے آگے چلنے والے اور پیچھے رہنے والے ہیں اور یہی باقیات صالحات باقی رہنے والی نیکیاں ہیں۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر رقم الحدیث (۳۲۱۴) جلد ۱ صفحہ ۶۱۲
قال الالبانی صحیح

کلمات طیبات عرش الٰہی کے گرد پڑھنے والے کا ذکر کرتے رہتے ہیں

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ مِمَّا تَذْكُرُوْنَ مِنْ جَلَالِ اللّٰهِ التَّسْبِيْحَ وَالتَّهْلِيْلَ وَالتَّحْمِيْدَ يَنْعَطِفْنَ حَوْلَ الْعَرْشِ لَهُنَّ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ تُذَكِّرُ بِصَاحِبِهَا اَمَا يُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَكُونَ لَهٗ اَوْ لَا يَزَالُ لَهٗ مَنْ يُذَكِّرُ بِهٖ .

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٢٣١٢)	جلد٢	صفحہ٤١٧
قال المحقق	حسن بشواھدہ		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (١٥٦٨)	جلد٢	صفحہ٤٣٠
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٨٢٧٨)	جلد١٤	صفحہ١٥٠
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٨٣٠١)	جلد١٤	صفحہ١٥٨
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالٰی کے جلال کے اظہار کیلئے تم جو کلمات تسبیح تہلیل اور تحمید کی صورت میں ادا کرتے ہو یہ عرش کے اردگرد اکٹھے ہو جاتے ہیں اور شہد کی مکھیوں کی طرح ان کی آواز کی بھنبھناہٹ ہوتی ہے۔

یہ اپنے پڑھنے والے کی یاد دلاتے رہتے ہیں۔ کیا تم میں سے کوئی شخص پسند نہیں کرتا کہ کوئی ایسی چیز ہو جو اسے یاد کراتی رہے یا فرمایا جو اسے ہمیشہ یاد کراتی رہے۔"

-☆-

المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۴۱)	جلد ۲	صفحہ ۷۰۲
قال الحاکم	ھذا الحدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۰۹)	جلد ۴	صفحہ ۲۱۹
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		

سمندر کی جھاگ کے برابر
گناہ معاف

عَنِ ابْنِ عُمَرَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَا عَلَى الْأَرْضِ أَحَدٌ يَقُوْلُ : لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ، إِلَّا كُفِّرَتْ عَنْهُ خَطَايَاهُ ، وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ .

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۶۳۶)	جلد۲	صفحہ۹۸۵
قال الالبانی	ھذا حدیث حسن		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۱۴)	جلد۲	صفحہ۴۱۸
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۶۰)	جلد۳	صفحہ۴۲۷
قال الالبانی	ھذا حدیث حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۶۹)	جلد۲	صفحہ۲۴۱
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۹۷۴)	جلد۶	صفحہ۴۲۶
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

زمین پر جو فرد بشر یہ کہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

تو اس کے گناہوں کو مٹا دیا جاتا ہے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۹۵۹)	جلد ۶	صفحہ ۳۲۰
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۵۳)	جلد ۲	صفحہ ۷۰۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۴۷۹)	جلد ۶	صفحہ ۳۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۵۸۹)	جلد ۹	صفحہ ۳۰۳
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۸۷۵)	جلد ۹	صفحہ ۵۳
شرح السنۃ	رقم الحدیث (۱۲۷۴)	جلد ۳	صفحہ ۹۱
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۴۳۳)	جلد ۴	صفحہ ۳۲۴

گناہوں کو ایسے گرانا جیسے درخت خشک پتے گراتا ہے

عَنْ أَنَسٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – اَخَذَ غُصْنًا فَنَفَضَهُ فَلَمْ يَنْتَفِضْ ، ثُمَّ نَفَضَهُ فَلَمْ يَنْتَفِضْ ، ثُمَّ نَفَضَهُ فَانْتَفَضَ ، فقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

إِنَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ، تَنْفُضُ الْخَطَايَا كَمَا تَنْفُضُ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۰۸۹)	جلد۱	صفحہ۴۲۰
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۱۵)	جلد۲	صفحہ۲۱۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۳۳)	جلد۳	صفحہ۴۵۱
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ٹہنی پکڑی اور سے ہلایا لیکن اس سے کوئی پتہ نہ گرا۔ پھر ہلایا پھر پتے نہ گرے۔ پھر ہلایا تو اس سے پتے گر گئے۔ پھر حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

کہنا یہ گناہوں کو ایسے گرا دیتے ہیں جیسے درخت اپنے پتے گرا دیتا ہے۔

-☆-

صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۷۰)	جلد ۲	صفحہ ۲۴۱
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۲۴۷۳)	جلد ۱۰	صفحہ ۴۹۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۵۸)	جلد ۲	صفحہ ۴۴۰

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

اَنَّ ثَلاثَةَ رَهْطٍ مِنْ عُذْرَةَ جَاؤُوا اِلَی النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَاَسْلَمُوْا، فَخَرَجَ اَحَدُهُمْ اِلَی الْجِهَادِ فَاسْتُشْهِدَ وَخَرَجَ الثَّانِی بَعْدَهُ فَاسْتُشْهِدَ وَبَقِیَ الثَّالِثُ حَتّٰی مَاتَ عَلٰی فِرَاشِهٖ، قَالَ اَبُو طَلْحَةَ:

فَرَاَیْتُ فِی النَّوْمِ کَاَنِّی اُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ فَرَاَیْتُهُمْ اَعْرِفُهُمْ بِاَسْمَائِهِمْ وَسِیْمَاهُمْ قَالَ: فَاِذَا الَّذِیْ مَاتَ عَلَی الْفِرَاشِ دَخَلَ اَوَّلَهُمْ وَاِذَا الثَّانِی مِنَ الْمُسْتَشْهِدَیْنِ عَلٰی اَثَرِهٖ، وَاِذَا اَوَّلُهُمْ آخِرُهُمْ، قَالَ:

فَدَخَلَنِیْ مِنْ ذٰلِکَ، فَاَتَیْتُ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

لَیْسَ اَحَدٌ اَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ مُؤْمِنٍ یُعَمَّرُ فِی الْاِسْلَامِ لِتَکْبِیْرِهٖ وَتَسْبِیْحِهٖ وَتَحْمِیْدِهٖ وَتَهْلِیْلِهٖ.

مشکاة المصابیح	رقم الحدیث (۵۲۲۳)	جلد۵	صفحہ۵۱
قال الالبانی	حدیث حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۰۱)	جلد۲	صفحہ۱۸۰
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
سلسلة الاحادیث الصحیحة	رقم الحدیث (۶۵۴)	جلد۲	صفحہ۲۵۷
قال الالبانی	اسنادہ حسن وهو صحیح علی شرط مسلم		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۰۶)	جلد۹	صفحہ۳۰۹
الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۳۹۳۹)	جلد۴	صفحہ۱۵۰
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۳۳۶۷)	جلد۳	صفحہ۳۱۴
قال الالبانی	حسن صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۳۷۱)	جلد۲	صفحہ۹۲۷
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

قبیلہ عذرہ کے تین آدمی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کیا۔ان میں سے ایک جہاد کو نکلا پس وہ شہید ہوگیا ۔اس کے بعد دوسرا جہاد کو نکلا وہ بھی شہید ہوگیا اور تیسرا باقی رہا یہاں تک کہ اس کا بستر پر انتقال ہوا۔حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں نے خواب میں دیکھا گویا مجھے جنت میں داخل کیا جا رہا ہے ۔پس میں نے انہیں بھی دیکھا میں انہیں ان کے ناموں سے اور شکل وصورت سے پہچانتا ہوں ۔حضرت ابوطلحہ۔رضی اللہ عنہ۔ نے فرمایا:

ان میں سے جس کا بستر پر انتقال ہوا وہ ان میں سے سب سے پہلے جنت میں داخل ہوا اور دوشہید ہونے والوں میں سے دوسرا اس کے بعد داخل ہوا اور سب سے پہلے شہید ہونے والا آخر میں داخل ہوا۔پس یہ چیز میرے دل میں بیٹھ گئی یہ کیا ہوا پس میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں داخل ہوا تو میں نے اس کا ذکر آپ سے کر دیا تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالٰی کے ہاں کوئی بھی افضل نہیں اس مومن سے جسے اسلام میں لمبی عمر دی گئی اس کے اللہ اکبر کہنے کی وجہ سے،اس کے سبحان اللہ کہنے کی وجہ سے،اس کے الحمد للہ کہنے کی وجہ سے اور اس کے لا الہ الا اللہ کہنے کی وجہ سے۔

-☆-

عَنْ جُوَيْرِيَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – : اَنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلہٖ وَسَلَّمَ – خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا بُكْرَةً حِينَ صَلَّى الصُّبْحَ ثُمَّ رَجَعَ بَعْدَ اَنْ اَضْحَى وَهِيَ جَالِسَةٌ فَقَالَ : مَازِلْتِ عَلَى الْحَالِ الَّتِي فَارَقْتُكِ عَلَيْهَا ؟ قَالَتْ : نَعَمْ ، قَالَ النَّبِيُّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلہٖ وَسَلَّمَ – :

لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ اَرْبَعَ كَلِمَاتٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمَ لَوَزَنَتْهُنَّ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ.

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح فجر کی نماز پڑھ کر ان کے پاس سے چلے گئے۔ پھر واپس تشریف لائے تو چاشت کا وقت ہو چکا تھا اور وہ بیٹھی ہوئی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس حالت میں میں تجھے چھوڑ کر گیا تھا تو اسی حالت میں ذکر الٰہی میں مصروف رہی ہے؟

انہوں نے عرض کی: ہاں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں نے تیرے بعد چار کلمات تین دفعہ کہے ہیں اگر تیرے آج کے پورے وظیفے کے ساتھ انکا وزن کیا جائے تو وہ اس سے بھاری ہو جائیں، وہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ .

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۳۹)	جلد ۳	صفحہ ۲۳۳
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۷۴)	جلد ۲	صفحہ ۲۳۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۲۶)	جلد ۲	صفحہ ۲۰۹۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۹۱۳)	جلد ۲	صفحہ ۳۵۲

میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتا ہوں اور اس کی تسبیح بیان کرتا ہوں اس کی حمد کے ساتھ اس کی مخلوق کی تعداد، اس کی اپنی رضا، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات طیبات کی روشنائی کے برابر۔

-☆-

عَنْ جُوَيْرِيَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – قَالَتْ :

مَرَّ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – حِيْنَ صَلَّى الْغَدَاةِ ، اَوْبَعْدَ مَا صَلَّى الْغَدَاةَ ، فَذَكَرَنَحْوَهُ ، غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ :

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ.

ترجمة الحديث:

ام المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کی نماز پڑھنے کے وقت یا فجر کی نماز پڑھنے کے بعد ان کے پاس سے گزرے۔ اور اسی طرح بیان کیا مگر آپ نے یہ کلمات ارشاد فرمائے:

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۳۹)	جلد۳	صفحہ۴۲۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۷۴)	جلد۲	صفحہ۴۲۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۲۶)	جلد۴	صفحہ۲۰۹۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۹۱۳)	جلد۴	صفحہ۲۵۱۴
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۰۸)	جلد۴	صفحہ۲۸۸
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۳۴)	جلد۳	صفحہ۶۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۲۸)	جلد۳	صفحہ۱۱۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ.

میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتحمید بیان کرتا ہوں اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتحمید بیان کرتا ہوں اس کی اپنی رضا کے مطابق ، میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتحمید بیان کرتا ہوں اس کے عرش کے وزن کے برابر اور میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتحمید بیان کرتا ہوں اس کے کلمات طیبات کی روشنائی کے برابر۔

-☆-

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – قَالَ :

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – مِنْ عِنْدِ جُوَيْرِيَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – وَكَانَ اِسْمُهَا بَرَّةَ فَحَوَّلَ اِسْمَهَا – فَخَرَجَ وَهِيَ فِي مُصَلَّاهَا ، وَدَخَلَ وَهِيَ فِي مُصَلَّاهَا ، فَقَالَ :

أَلَمْ تَزَالِيْ فِي مُصَلَّاكِ هٰذَا ؟ قَالَتْ : نَعَمْ ، قَالَ :

قَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ أَرْبَعَ كَلِمَاتٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ لَوَزَنَتْهُنَّ :

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ.

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۳۹)	جلد۳	صفحہ۴۴۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۷۴)	جلد۲	صفحہ۴۴۲
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۱۷)	جلد۹	صفحہ۷۱
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۱۵۰۳)	جلد۱	صفحہ۴۱۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۳۲)	جلد۳	صفحہ۱۱۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے ہاں سے نکلے۔ پہلے ان کا نام برہ تھا اور آپ نے ان کا نام تبدیل کر دیا۔ آپ ان کے ہاں سے نکلے اور وہ اپنے مصلے ہی پر تھیں۔ پھر واپس تشریف لائے تو دیکھا کہ وہ اپنے مصلے ہی پر ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا:

کیا تم اس وقت سے اپنے مصلے پر ذکر الٰہی میں مصروف ہو؟ انہوں نے عرض کی: ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں نے تمہارے ہاں سے جانے کے بعد چار کلمات تین دفعہ کہے ہیں۔ اگر تیرے آج کے پورے وظیفے کے ساتھ انکا وزن کیا جائے تو وہ اس سے بھاری ہو جائیں، وہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ.

میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتحمید بیان کرتا ہوں اور اس کی تسبیح بیان کرتا ہوں اس کی حمد کے ساتھ اس کی مخلوق کی تعداد، اس کی اپنی رضا، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات طیبات کی روشنائی کے برابر۔

-☆-

عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – اَنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – مَرَّ عَلَيْهَا وَهِيَ فِي مَسْجِدِهَا، ثُمَّ مَرَّ النَّبِيُّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ – بِهَا قَرِيبًا مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ فَقَالَ لَهَا:

مَا زِلْتِ عَلَى حَالِكِ؟ فَقَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ:

اَلَا اُعَلِّمُكِ كَلِمَاتٍ تَقُوْلِيْنَهَا؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهِ،

سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ .

ترجمة الحديث،

سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم ۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس سے گزرے اور وہ اپنے مصلے پر تھیں ۔پھر حضور سیدنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصف النہار کے قریب ان کے پاس سے گزرے اور ان سے ارشاد فرمایا:

تم اپنی اسی حالت پر ہو؟ انہوں نے عرض کی:

ہاں ۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں جنہیں تم پڑھتی رہو؟

میں اللہ کی تسبیح کرتا ہوں اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، میں اللہ کی تسبیح کرتا ہوں اس کی

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۳۹)	جلد۳	صفحہ۳۳۳
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۷۴)	جلد۲	صفحہ۳۳۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۵۵)	جلد۳	صفحہ۳۶۳
قال الالبانی	صحیح والفظ لہ		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۲۷۷)	جلد۲	صفحہ۱۰۲
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۹۱۶)	جلد۹	صفحہ۷۰
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۹۱۸)	جلد۹	صفحہ۷۱
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۹۱۹)	جلد۹	صفحہ۷۲
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۹۲۰)	جلد۹	صفحہ۷۲
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۶۶۳۷)	جلد۱۸	صفحہ۳۱۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۷۳۹۳)	جلد۱۸	صفحہ۵۳۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

مخلوق کی تعداد کے برابر، میں اللہ کی تسبیح کرتا ہوں اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر۔

میں اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہوں اس کی ذات کی رضا کے مطابق، میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتا ہوں اس کی ذات کی رضا کے مطابق، میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتا ہوں اس کی ذات کی رضا کے مطابق۔

میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا ہوں اس کے عرش کے وزن کے برابر، میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا ہوں اس کے عرش کے وزن کے برابر، میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا ہوں اس کے عرش کے وزن کے برابر۔

میں اللہ کی تسبیح کرتا ہوں اس کے کلمات کی روشنائی کے برابر، میں اللہ کی تسبیح کرتا ہوں اس کے کلمات کی روشنائی کے برابر، میں اللہ کی تسبیح کرتا ہوں اس کے کلمات کی روشنائی کے برابر۔

-☆-

ضیاء الحدیث

صلاۃ التہجد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اَمَّابَعْدُ!

"صلاۃ التہجد"

پر چند احادیث مبارکہ اور اقوال سلف صالحین مع ترجمہ پیش خدمت ہیں۔

محمد کریم سلطانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نماز تہجد ادا کیجئے

اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْهُوْدًا o وَمِنَ الَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّکَ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا o [1]

ترجمۃ:

قائم کیجئے نماز سورج ڈھلنے کے بعد رات کے تاریک ہونے تک نیز ادا کیجیے نماز صبح ۔ بلاشبہ نماز صبح کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔

اور رات کے بعض حصہ میں اٹھئے اور نماز تہجد ادا کیجئے تلاوت قرآن کے ساتھ یہ نماز زائد ہے آپ کیلئے یقیناً فائز فرمائے گا آپ کو آپ کا رب مقام محمود پر۔

-☆-

رات نیند سے بیدار ہو کر اللہ کے حضور کھڑے ہو جانا ۔نماز ادا کرنا ۔تہجد کہلاتا ہے۔

رات یہ وقت بڑا سہانا ہوتا ہے لوگ اپنے اپنے بستروں پر محو خواب ہوتے ہیں لیکن اللہ سے

(۱) بنی اسرائیل ۷۹

محبت رکھنے والا بندہ اپنا آرام، اپنا بستر چھوڑ کر وضو کرتا ہے پھر بارگاہ ایزدی میں کھڑا ہو جاتا ہے۔اس کا یہ کھڑا ہونا، حالت قیام میں تلاوت قرآن کریم کرنا اللہ تعالیٰ کو بڑا محبوب ہے۔جس چیز سے اللہ تعالیٰ کو محبت ہو اہل ایمان بھی اس چیز سے والہانہ لگاؤ رکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا لطف و کرم ملاحظہ ہو۔

حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات اٹھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ہائے بندگی کرتے طویل قیام میں تلاوت قرآن وکریم کا کیف لیتے اللہ رب العزت نے وعدہ فرمایا:

اے میرے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم !وہ وقت دور نہیں جب آپ کو آپ کا رب مقام محمود پر فائز فرمائے گا۔یہ مقام محمود مقام شفاعت ہے جہاں پر آپ اللہ کے حضور اپنی امت کی شفاعت فرمائیں گے۔

اب آپ کا جو امتی -جو مسلمان- رات کی تنہائی میں اٹھ کر اللہ جل جلالہ کے حضور سر بندگی جھکاتا ہے، نماز تہجد ادا کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اسے امیدوار رہنا چاہئے کہ وہ قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت سے ضرور بہرہ ور ہوگا اور اسے حضور سید المرسلین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔روز محشر قیامت کے دن جسے اللہ تعالیٰ کے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوا سے اور کیا چاہئے وہ یقیناً ابدی انعامات سے سرفراز ہوگا اور اللہ الکریم کے کرم سے مالا مال ہوگا۔

اے اہل اسلام! آیئے ہم بھی عادت بنائیں رات کی تاریکی میں اٹھیں اور رحیم وکریم اللہ کو یاد کریں یقیناً جو آج رات کی تاریکی میں اٹھتا ہے اس کیلئے کل قیامت کی تاریکی ختم کردی جائے گی اور وہ انوار الٰہیہ کی بارش میں جنت میں داخل ہوگا۔

آج جو خوش نصیب رات کے وقت اللہ جل شانہ کو یاد کرتا ہے اس کے بارے میں امید کی جاسکتی ہے کہ کل اسے اس کا خالق وما لک یاد کرے گا اور اسے ہر قسم کے غم واندوہ سے نجات عطا فرمائے گا۔

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ۔ ؎۱

ترجمۃ:

اور رات کے وقت بھی اسکی پاکی بیان کیجئے اور نمازوں کے بعد بھی۔

-☆-

وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا۔ ؎۲

ترجمۃ:

رات کی تنہائیوں میں بھی اس کو سجدہ کیجئے۔ اور رات کافی وقت اس کی تسبیح کیا کیجئے۔

-☆-

(۱) سورۃ ق ۴۰

(۲) سورۃ الدہر ۲۶

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ترغیب دلانا

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – أَنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ – اسْتَيْقَظَ لَيْلَةً فَقَالَ:

سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتْنَةِ ، مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْخَزَائِنِ ، مَنْ يُوقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ ، رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْآخِرَةِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۵۹۹)	جلد۳	صفحہ۱۱۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۱۵)	جلد۱	صفحہ۲۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۱۲۶)	جلد۱	صفحہ۳۳۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۸۴۴)	جلد۴	صفحہ۱۸۶۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۲۱۸)	جلد۴	صفحہ۱۹۵۵
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۱۷۹)	جلد۲	صفحہ۴۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۶۹)	جلد۴	صفحہ۲۲۱۳
کنز العمال	رقم الحدیث (۳۱۲۱۰)	جلد۱	صفحہ۷۸۶
کنز العمال	رقم الحدیث (۳۰۸۴۳)	جلد۱	صفحہ۱۱۴
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۵۹۹)	جلد۱	صفحہ۶۷۳
قال الالبانی	حذا الحدیث صحیح		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۱۱۳۳۰)	جلد۲	صفحہ۸۱

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ - رضی اللہ عنہا - نے فرمایا کہ حضور نبی کریم - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - ایک رات بیدار ہوئے اور ارشاد فرمایا:

سبحان اللہ آج رات کتنے فتنے نازل ہوئے، آج رات کتنے خزانے نازل ہوئے۔ حجروں والیوں کو کون جگائے گا۔ بہت سی دنیا میں لباس پہننے والیاں آخرت میں بے لباس ہونگی۔

-☆-

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم وہ رات کیسی رات ہوگی جس رات فتنے بھی نازل ہوئے اور اس زمین پر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے خزانے بھی کھول دیئے گئے۔ حضور نبی عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس رات خصوصیت کے ساتھ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو جگانے کا حکم ارشاد فرمایا۔

بات واضح ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کی طرف آزمائشوں کا سلسلہ ہو یا رحمت الٰہی کا نزول ہو بندہ مومن ہر حالت میں بارگاہ الٰہی میں سربسجود ہو جاتا ہے۔ حالت خوشی یا حالت غمی میں اس کیلئے ایک ہی در ہے وہ در رب العلمین ہے۔ اللہ تعالیٰ کا در وہ در ہے کہ اس پر جھکنے والا محروم نہیں رہتا بلکہ ابدی وسرمدی انعامات سے مالا مال ہو جاتا ہے۔

آج ہمیں چاہئے کہ اہتمام کے ساتھ صلاۃ تہجد ادا کریں۔ رات کی تاریکی میں اٹھ کر جب سب لوگ سو رہے ہوں اللہ الکریم کو یاد کریں، اسی کے حضور سر بندگی جھکا دیں۔ اگر توفیق الٰہی شامل حال ہو تو اللہ کی بارگاہ میں آنسوؤں کا نذرانہ بھی پیش کریں، سحری کے وقت کے آنسو بارگاہ خداوندی میں بڑے مقبول ہوتے ہیں۔

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٦٩١)	جلد٢	صفحہ٣٦٦
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الصحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (٢١٩٦)	جلد٢	صفحہ٣٧٣
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		

وہ آنسو، یادِالٰہی میں بہنے والے آنسو، ندامت وشرمندگی کی آمیزش لئے آنسو، جب آنکھوں سے نکلتے ہیں تو وہ جہنم کی آگ کے دریا سرد کر دیتے ہیں، وہ جہنم کے شعلے سرد کرنے میں بے مثال تریاق ہیں۔

اللہ تعالیٰ کسی کو انعام سے سرفراز کرے، اپنی رحمت کا کوئی دروازہ کھول دے یا دین ودنیا کی کوئی خوشی نصیب ہو تو نماز تہجد ادا کرنی چاہئے اور خصوصیت کے ساتھ ادا کرنی چاہئے۔ سر بندگی جھکانے سے بڑھ کر اور کونسا طریقہ شکر ہوگا۔ اسی خالق ومالک کا ارشاد ہے:

وَلَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ ۔اگر تم شکر کروگے میں تمہیں اور دوں گا۔

اللہ تعالیٰ جب ایک کرم فرمائے تو بطور شکرانہ نماز تہجد ادا کریں وہ اپنے وعدہ کے مطابق مزید عطا فرمائے گا۔ پھر اس مزید کے شکرانے کے طور پر نماز تہجد ادا کریں اللہ تعالیٰ اور عطا فرمائے گا۔ ہم نہ ہار جائیں اللہ الکریم کا کرم کبھی ختم نہیں ہوگا۔ اس کی عنایات لامحدود، اس کی کرم نوازیاں لامتناہی اور اس کا لطف بےحد وبےحساب ہے۔

اسی طرح اگر وہ کوئی دینی وایمانی نعمت عطا فرمائے پھر بھی اس کے حضور بطور شکرانہ نماز تہجد ادا کرنی چاہئے جس سے اس کا کرم مزید ہوگا اور وہ اپنے خزانوں کے منہ کھول دے گا۔

مثال کے طور پر اگر اللہ تعالیٰ تلاوت قرآن کی توفیق دے یا ذکر کی سعادت سے بہرہ ور فرمائے یا تسبیحات کی مٹھاس سے زبان کو شیریں کرے تو اس کے شکرانے کے طور پر نماز تہجد ادا کرنی چاہئے۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ بندہ جب اس دنیا سے رخصت ہو رہا ہوگا اللہ الکریم اس کی زبان کو کلمہ طیبہ کے انوار سے منور کردے گا وہ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہوگا اور نعمت ایمان کے ساتھ عالم آخرت میں قدم رکھے گا۔

-☆-

سنتِ مصطفیٰ - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم -

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ اَبِیْ قَیْسٍ - رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ - قَالَ : قَالَتْ عَائِشَۃُ - رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا - :

لَا تَدَعْ قِیَامَ اللَّیْلِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ - کَانَ لَا یَدَعُہٗ وَکَانَ اِذَامَرِضَ اَوْکَسِلَ صَلّٰی قَاعِدًا۔

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۳۸)	جلد۱	صفحہ۴۹۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۳۲)	جلد۱	صفحہ۴۰۳
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۱۳۰۷)	جلد۱	صفحہ۳۵۸
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۵۹۹۲)	جلد۱۸	صفحہ۱۳۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۱۵۸)	جلد۲	صفحہ۴۲۷

ترجمۃ الحدیث:

حضرت عبداللہ بن ابی قیس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے نصیحت کی کہ قیام اللیل -نماز تہجد- نہ چھوڑنا کیونکہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس نماز تہجد کو کبھی ترک نہ فرمایا کرتے تھے۔ جب آپ بیمار ہو جاتے یا کمزور ہو جاتے تو بیٹھ کر پڑھ لیتے۔

-☆-

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز تہجد سے خصوصی لگاؤ تھا، رات اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جو مناجات کا کیف نصیب ہوتا تھا سبحان اللہ اسے کیف لینے والے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بخوبی جانتے ہیں کہ وہ کیسا کیف ہوتا تھا۔ بہر حال آپ زندگی بھر اس نماز کے پابند رہے رات کو اٹھ اٹھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور سر بندگی جھکاتے رہے اگر کوئی عارضہ بھی لاحق ہو جاتا پھر بھی اس نماز تہجد کو نہ چھوڑتے۔

آج ہر کلمہ گو کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک عادات کو اپنانا چاہیے، یہ نماز تہجد آپ کو بڑی محبوب تھی اس لئے ہمیں بھی اس نماز تہجد سے محبت کرنی چاہیے کیونکہ قاعدہ ہے کہ محبوب کا محبوب بھی محبوب ہوتا ہے۔

قیامت کا دن حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے کتنا مسرت سے لبریز دن ہوگا جب آپ کی امت کے برگزیدہ افراد اپنی اپنی قبروں سے اٹھیں گے تو ان کے اعضاء وضو چودھویں کے چاند کی طرح نور برساتے ہوں گے پھر اس پر مستزادیہ کہ ان کے ابدان سے تہجد کا نور چھن چھن کر باہر آ رہا ہوگا گویا تمام محشران کی اس شان کو دیکھ کر رشک کر رہا ہوگا۔

حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ان امتیوں سے کس درجہ خوش ہوں گے جن کے نامہ اعمال نماز تہجد سے بھرے پڑے ہوں گے۔ آپ کی خوشی دیدنی ہوگی، آپ کیوں نہ خوش ہوں گے

جبکہ یہ نماز آپ کے معبود حقیقی اللہ جل جلالہ کو بڑی پسند ہے اور تہجد گزار آدمی اللہ تعالیٰ کا پیارا بن جاتا ہے اور جس سے خدائے بزرگ و برتر محبت فرمائے اس کے بختوں تک کس کی رسائی ہے۔ تو ایسے خوش بخت کیلئے ان شاء اللہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی چادر رحمت پھیلا دیں گے جس میں تہجد گزاروں کو چھپنے کا موقع ملے گا تو جو اس دن چادر رحمت میں چھپ گیا سمجھ لیجئے وہ ہر قسم کے انعامات و اعزازات سے مالا مال ہو گیا۔

-☆-

اللہ تعالیٰ کے خاص بندے

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ ھَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَھُمُ الْجٰھِلُوْنَ
قَالُوْا سَلٰمًا o وَالَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّھِمْ سُجَّدًا وَّقِیَامًا o
وَالَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَھَنَّمَ اِنَّ عَذَابَھَا کَانَ غَرَامًا o اِنَّھَا
سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا o
وَالَّذِیْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ یُسْرِفُوْا وَ لَمْ یَقْتُرُوْا وَکَانَ بَیْنَ ذٰلِکَ قَوَامًا o وَالَّذِیْنَ
لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا یَزْنُوْنَ وَ
مَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِکَ یَلْقَ اَثَامًا o
یُضٰعَفْ لَہُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَیَخْلُدْ فِیْہٖ مُھَانًا o اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا
صَالِحًا فَاُولٰٓئِکَ یُبَدِّلُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِھِمْ حَسَنٰتٍ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا o
وَمَنْ تَابَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّہٗ یَتُوْبُ اِلَی اللّٰہِ مَتَابًا o وَالَّذِیْنَ لَا یَشْھَدُوْنَ
الزُّوْرَ وَ اِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا کِرَامًا o وَالَّذِیْنَ اِذَا ذُکِّرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّھِمْ لَمْ یَخِرُّوْا عَلَیْھَا

صُمًّا وَّ عُمْيَانًا o

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا o

اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا o خٰلِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا o [1]

ترجمہ:

اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر آہستہ آہستہ اور جب گفتگو کرتے ہیں ان سے جاہل تو وہ صرف یہ کہتے ہیں کہ تم سلامت رہو۔

اور جو رات بسر کرتے ہیں اپنے رب کے حضور سجدہ کرتے ہوئے اور کھڑے ہوئے۔ اور جو بارگاہ الٰہی میں عرض کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! دور فرما دے ہم سے عذاب جہنم بے شک اس کا عذاب بڑا مہلک ہے۔ بے شک وہ بہت بُرا ٹھکانا اور بہت بُری جگہ ہے۔ اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ کنجوسی بلکہ ان کا خرچ کرنا اسراف اور بخل کے بین بین اعتدال سے ہوتا ہے۔

اور جو نہیں پوجتے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور خدا کو اور نہیں قتل کرتے اس نفس کو جس کو قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے مگر حق کے ساتھ، اور نہ بدکاری کرتے ہیں۔ اور جو یہ کام کرے گا تو وہ پائے گا اس کی سزا۔ دوگنا کر دیا جائے گا اس کیلئے عذاب روز قیامت اور ہمیشہ رہے گا اس میں ذلیل وخوار ہو کر۔

مگر وہ جس نے توبہ کی اور ایمان لے آیا اور نیک عمل کیے تو یہ وہ لوگ ہیں بدل دے گا اللہ تعالیٰ ان کی برائیوں کو نیکیوں سے اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ اور جس نے توبہ کی اور نیک کام کیے تو اس

(۱) الفرقان ۶۳ تا ۷۶ ے

نے رجوع کیا اللہ تعالیٰ کی طرف جیسے رجوع کا حق ہے ۔اور جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب گزرتے ہیں کسی لغو چیز کے پاس سے تو بڑے باوقار ہو کر گزر جاتے ہیں۔

اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے ان کے رب کی آیات سے تو نہیں گر پڑتے ان پر بہرے اور اندھے ہو کر۔اور وہ جو عرض کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! مرحمت فرما ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور بنا ہمیں پرہیز گاروں کیلئے پیشوا۔یہی وہ -خوش نصیب- ہیں جن کو بدلہ میں ملے گا جنت کا بالا خانہ ان کے صبر کرنے کے باعث اور ان کا استقبال کیا جائے گا وہاں دعا اور سلام سے۔وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اس میں بہت عمدہ ٹھکانا اور قیام گاہ ہے۔

-☆-

تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ o (۱)

ترجمة:

دور رہتے ہیں ان کے پہلو اپنے بستروں سے پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈرتے ہوئے اور امید رکھتے ہوئے اور ان نعمتوں سے جو ہم نے ان کو دی ہیں خرچ کرتے ہیں۔

-☆-

(۱) السجدة ۱۵

شکر ادا کرنے کا طریقہ

عَنْ عَائِشَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا – :

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلهٖ وَسَلَّمَ – كَانَ یَقُوْمُ مِنَ اللَّیْلِ حَتّٰی تَتَفَطَّرَ قَدَمَاهُ ، فَقُلْتُ لَهٗ :

لِمَ تَصْنَعُ هٰذَا وَقَدْ غُفِرَ لَکَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَأَخَّرَ ؟ قَالَ :

اَفَلَا اُحِبُّ اَنْ اَكُوْنَ عَبْدًا شَكُوْرًا .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۱۳۰)	جلد۱	صفحہ۳۳۸
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۴۸۳۶)	جلد۳	صفحہ۱۵۳۵
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۴۷۱)	جلد۴	صفحہ۲۰۳۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۸۱۹)	جلد۴	صفحہ۲۱۷۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۸۲۰)	جلد۴	صفحہ۲۱۷۲
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۰۲)	جلد۱	صفحہ۲۸۰
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۲۱)	جلد۱	صفحہ۳۹۸
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۶۳۳)	جلد۲	صفحہ۲۵۸

ترجمة الحديث،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں:

کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو اس قدر قیام فرماتے کہ آپ کے دونوں قدم پھٹ جاتے ۔میں نے عرض کیا:

آپ ایسے کیوں کرتے ہیں جبکہ آپ کے سبب آپکے اگلے اور پچھلے متبعین کو معاف کر دیا گیا ہے؟تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کیا مجھے یہ پسند نہیں کہ میں شکر کرنے والا بندہ بنوں۔

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۶۳۴)	جلد۲	صفحہ۴۵۸
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۶۳۵)	جلد۲	صفحہ۴۵۸
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۶۳۶)	جلد۲	صفحہ۴۵۸
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۳۲۷)	جلد۲	صفحہ۱۲۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۳۴۷)	جلد۱۰	صفحہ۴۶۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۷۵۵)	جلد۱۰	صفحہ۳۷۵
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۴۱۹)	جلد۲	صفحہ۱۹۴
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۴۲۰)	جلد۲	صفحہ۱۹۴
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۴۱۲)	جلد۱	صفحہ۴۳۶
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۳۱۱)	جلد۲	صفحہ۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۱۷۷)	جلد۲	صفحہ۴۳
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۴۳)	جلد۱	صفحہ۵۳۳
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۴۴)	جلد۱	صفحہ۵۳۴
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		

خیر و بھلائی کا دروازہ

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

قُلْتُ : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – اَخْبِرْنِيْ بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ وَيُبَاعِدُنِيْ مِنَ النَّارِ ، قَالَ:

لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْ عَظِيْمٍ وَاِنَّهٗ لَيَسِيْرٌ عَلٰى مَنْ يَسَّرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ، وَتُقِيْمُ الصَّلَاةَ ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ ، وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ وَتَحُجُّ الْبَيْتَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا . ثُمَّ قَالَ:

اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى اَبْوَابِ الْخَيْرِ ؟ اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِيءُ الْخَطِيْئَةَ كَمَا يُطْفِيءُ الْمَاءُ النَّارَ ، وَصَلَاةُ الرَّجُلِ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ . ثُمَّ تَلَا:

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ ، حَتّٰى بَلَغَ ، يَعْمَلُوْنَ.

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (١٠٩٦)	جلد١	صفحہ ٥١٨
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٢٢٣٠)	جلد٣	صفحہ ٥١
قال المحقق	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت معاذ بن جبل - رضی اللہ عنہ - فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! مجھے ایسا عمل بتائیں جو مجھے جنت میں داخل کر دے اور آگ - جہنم - سے دور کر دے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تم نے بڑی بات پوچھی ہے مگر یہ اس کے لئے آسان ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ آسان بنا دے۔

اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے رہنا، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا، نماز کی پابندی کرنا، زکوۃ ادا کرنا، رمضان کے روزے رکھنا، اگر استطاعت ہو تو بیت اللہ کا حج کرنا۔ پھر ارشاد فرمایا:

کیا میں تمہیں نیکی کے دروازے نہ بتاؤں؟

روزہ ڈھال ہے صدقہ گناہ کو ایسے مٹا دیتا ہے جیسے پانی آگ کو، اور آدمی کا رات کو نماز تہجد ادا

الترغيب والترهيب	رقم الحديث (١٢٧٠)	جلد١	صفحہ٢٢٣
قال المحقق	صحيح		
صحيح سنن الترمذي	رقم الحديث (٢٦١٦)	جلد٣	صفحہ٣٢
قال الالباني	هذا الحديث صحيح		
مسند الامام احمد	رقم الحديث (٢١٩١٥)	جلد١٦	صفحہ١٦٧
قال حمزة احمد الزين	اسناده صحيح		
سنن ابن ماجه	رقم الحديث (٣٩٧٣)	جلد٤	صفحہ٣٨٢
قال محمود محمد محمود	الحديث صحيح		
صحيح الجامع الصغير	رقم الحديث (٥١٣٦)	جلد٢	صفحہ٩١٣
قال الالباني	هذا الحديث صحيح		
صحيح الترغيب والترهيب	رقم الحديث (٧٣٩)	جلد١ صفحہ٢٥٦	
قال الالباني	هذا الحديث حسن		
صحيح الترغيب والترهيب	رقم الحديث (٢٨٦٦)	جلد٣	صفحہ٨٨
قال الالباني	هذا الحديث حسن		
مشكاة المصابيح	رقم الحديث (٢٨)	جلد١	صفحہ٧٠
السنن الكبرى	رقم الحديث (١١٣٣٠)	جلد١٠	صفحہ٢١٤

کرنا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت آخر تک تلاوت فرمائی:

ان کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں۔

-☆-

مِقدامُ العلماء، محبوب رسول عربی حضرت معاذ بن جبل -رضی اللہ عنہ- کس درجہ بیدار بخت تھے وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت جیت چکے تھے اس کے باوجود عرض کرتے ہیں:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! ایسا عمل بتایئے جو مجھے جنت کے قریب کردے اور جہنم سے دور کردے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تو نے ایک بہت بڑی بات کے بارے میں پوچھا ہے لیکن جس پر عنایات الٰہیہ کے دروازے کھل چکے ہوں اس کے لئے یہ بات بڑی آسان ہے یعنی یہ مرتبہ ہر آدمی کے مقدر میں نہیں ۔

جہنم سے دوری اور جنت سے قرب نصیب والوں کو نصیب ہوتا ہے۔ انسان ہزار جتن کرتا رہے اس وقت تک اس نعمت سے سرفراز نہیں ہوسکتا جب تک اللہ تعالیٰ کی توفیق و اعانت اس کے شامل حال نہ ہو۔

توفیق خداوندی سے انسان ارکان اسلام بجالاتا ہے یعنی توحید و رسالت کا اقرار کرتا ہے، نماز پابندی سے ادا کرتا ہے، زکوٰۃ دیتا ہے، ماہ رمضان کے روزے رکھتا ہے اور اگر اس کے پاس استطاعت ہو تو حج بیت اللہ سے بہرہ ور ہوتا ہے۔

اس نادر موقع پر حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دریائے رحمت جوش پر تھا آپ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہوئے فرمایا:

اے معاذ! میں تمہیں خیر و بھلائی کے دروازے نہ بتاؤں

عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! ضرور بتایئے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

(۱)- روزہ ڈھال ہے۔

روزہ خیر و بھلائی کا دروازہ ہے روزہ رکھنے والا خیرات و برکات سے معمور ہو جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے اور اللہ کے کرم کے حصار میں رہتا ہے جس سے شیطان کے اثرات بد سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔

(۲)- صدقہ گناہوں کو یوں مٹا دیتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھا دیتا ہے۔

گناہ کرنے سے انسان اپنے حصہ کی آگ روشن کر لیتا ہے،اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے جلائی گئی آگ بے قرار ہوتی ہے کہ کب نافرمانی کرنے والا آئے اور میں اس کے جسم کے رنگ انگ کو جلا دوں لیکن رحیم و کریم اللہ کا کرم ملاحظہ ہو۔

اگر بندہ گنہگار صدقہ و خیرات کرے تو یہ صدقہ گناہوں کی آگ کو مٹا دیتا ہے ان کا نام و نشان ختم کر دیتا ہے جیسے پانی آگ کو ختم کر دیتا ہے۔ظاہر ہے کہ جتنا زیادہ پانی ہوگا اتنی ہی آگ ٹھنڈی ہوگی،اسی طرح جس خلوص و محبت سے انسان راہ حق میں اپنا مال خرچ کرتا ہے اتنی ہی اس کی آگ بجھ جاتی ہے یہاں تک کہ ایک وہ وقت آتا ہے کہ آگ کا نام و نشان تک نہیں رہتا۔

(۳)- رات کی تاریکی میں-رات کے وسط میں-نماز تہجد ادا کرنا یہ بھی خیر و بھلائی کا دروازہ ہے۔

نماز تہجد وہ دروازہ ہے جب یہ وا ہوتا ہے تو اس کے ذریعے خیر و بھلائی نازل ہوتی ہے جو تہجد گزار کو سر سے پاؤں تک سیراب کر جاتی ہے اس کا جسم،اس کا قلب و روح سب خیر و بھلائی سے معطر ہو جاتے ہیں۔

وہ آدمی بڑا خوش نصیب ہے جس کیلئے خیر و بھلائی کا دروازہ کھل جائے ایسے آدمی کیلئے ہر وقت خیر کی نسیم جان افزا آتی رہتی ہے اس سے رنج و محن ختم ہو جاتے ہیں۔اس کا وجود خود سراپا خیر و برکت بن جاتا ہے بلکہ یہ خیر و بھلائی کا دروازہ اسے اتنی خیر سے مالا مال کرتا ہے کہ اس کے پاس آنے والا بھی محروم نہیں رہتا بلکہ وہ بھی اپنے دامن کو خیر و برکت سے لبریز کر کے جاتا ہے۔

نماز تہجد ادا کرنے والا
کامیاب وکامران

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ○[1]

ترجمۃ:

بھلا جو شخص عبادت میں بسر کرتا ہے رات کی گھڑیاں کبھی سجدہ کرتے ہوئے کبھی کھڑے ہوئے (بایں ہمہ) ڈرتا ہے آخرت سے اور امید رکھتا ہے اپنے رب کی رحمت کی۔

آپ پوچھئے کیا کبھی برابر ہو سکتے ہیں علم والے اور جاہل، البتہ صرف عقل مند ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔

-☆-

(۱) الزمر　۸

صلاۃ اللیل کا اجر

درپردہ صدقہ جیسا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – :

فَضْلُ صَلَاةِ اللَّيْلِ عَلٰی صَلَاةِ النَّهَارِ كَفَضْلِ صَدَقَةِ السِّرِّ عَلٰی صَدَقَةِ الْعَلَانِيَةِ.

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

رات کی نماز (نماز تہجد) کی دن کی نماز پر اتنی فضیلت ہے جتنی درپردہ-چھپ کر-صدقہ کرنے کی سرِ عام صدقہ کرنے پر فضیلت ہے۔

کنز العمال	رقم الحدیث (۲۱۴۱۱)	جلد۱	صفحہ۷۸۶
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۱۴)	جلد۱	صفحہ۴۸۳
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۰۳۸۴)	جلد۱۰	صفحہ۱۷۹
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۱۸)	جلد۲	صفحہ۲۳۱

دل کی دوا

كَانَ يَحْيَى بْنُ مُعَاذٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَقُوْلُ:

دَوَاءُ الْقَلْبِ خَمْسَةُ اَشْيَاءٍ.

قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ بِالتَّفَكُّرِ ، وَخَلَاءُ الْبَطْنِ ، وَقِيَامُ اللَّيْلِ وَالتَّضَرُّعِ عِنْدَ السَّحْرِ وَمُجَالَسَةُ الصَّالِحِيْنَ .

ترجمہ:

حضرت یحییٰ بن معاذ رازی - رحمۃ اللہ علیہ - فرماتے ہیں ۔

دل کی بیماری کے لئے دوا پانچ چیزیں ہیں ۔

غور وتدبر سے تلاوت قرآن کریم

روزہ رکھنا

صلاۃ تہجد ادا کرنا

صفۃ الصفوۃ ۴-۸۵

دلیل الصالحین ۱۹۰

سحری کے وقت اللہ کی بارگاہ میں آہ وزاری کرنا

صالحین کی صحبت اختیار کرنا۔

-☆-

دل بھی بیمار ہوتا ہے دل کے روگ الگ نوعیت کے ہیں۔حسد، کینہ۔بغض،تکبر، ریاکاری اورعجب وغیرہ یہ سب دل کی بیماریاں ہیں۔اگر دل بیماریوں میں جکڑا ہوا ہے تو سمجھ لیجئے !وہ انسان سارے کا سارا بیماریوں میں جکڑا ہوا ہے۔اگر دل بیماریوں سے صحیح سلامت ہے تو یقین جانئے وہ آدمی صحیح وسالم ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ فِی الْجَسَدِلَمُضْغَۃًاِنْ صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ وَاِنْ فَسَدَتْ فَسَدَالْجَسَدُ کُلُّہٗ اَلاَوَھِیَ الْقَلْبُ [1]

جسم انسانی میں گوشت کا ایک ٹکرا ہے اگر وہ درست ہے تو تمام جسم درست ہے اگر وہ فاسد ہے تو تمام جسم فاسد ہے۔سن لیجئے !وہ گوشت کا ٹکڑا دل ہے۔

-☆-

۱؎ صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۹۷)	جلد۱	صفحہ۵۳۲
قال شعیب الارنووط:	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۸۲۸۸)	جلد۱۴	صفحہ۱۵۴
قال حمزہ احمد الزین:	اسنادہ صحیح		
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۲)	جلد۱	صفحہ۲۸
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۵۸۵)	جلد۲	صفحہ۵۴۲
قال المحقق:	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۷۳۱)	جلد۲	صفحہ۳۴۱
قال الالبانی:	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۸۴)	جلد۴	صفحہ۳۸۸
قال محمود محمد محمود:	الحدیث صحیح		

حضرت امام یحیی رازی رحمۃ اللہ علیہ نے دل کے علاج بتائے ہیں۔

(۱)- قراءۃ القرآن بالتفکر:

غور وفکر سے قرآن کریم کی تلاوت کرنا۔قرآن کریم کی تلاوت کسی بھی رنگ میں فائدہ سے خالی نہیں لیکن اگر یہی تلاوت غور وتدبر سے ہوگی تو یہ انسانی دل کو طیب وطاہر کر دیتی ہے۔قرآن کریم انسان کے اللہ سے ٹوٹے ہوئے رشتہ کو جوڑتا ہے۔

جب انسان غور وفکر سے تلاوت کرے گا تو اس کے سامنے اپنی تخلیق کا بھی منظر ہوگا۔اللہ تعالیٰ نے اسے کس چیز سے پیدا کیا ہے جب اس پر غور کرے گا تو ریا کاری وتکبر خاک میں مل جائیں گے۔جنت وجہنم کا ذکر پڑھے گا تو دل جہنم سے بچنے کیلئے دعا کرے گا۔اور جنت میں داخلہ کی سعادت کیلئے تڑپے گا۔یہی چیز انسان کو رذائل سے پاک کر دے گی پھر اسے ہر خیر وخوبی سے آراستہ کر دے گی جس سے صرف دل ہی نہیں بلکہ انسان کی ہر چیز طیب وطاہر ہو جائے گی۔

(۲)- پیٹ کا خالی ہونا:

جب انسان کا پیٹ بھر جاتا ہے تو پیٹ سے اٹھنے والے غبارات اس کے فکر وتدبر کا راستہ بند کرنے کی سعی کرتے ہیں۔جب فکر وتدبر کے دریچے بند ہو گئے تو پھر انسان اور حیوان میں کیا فرق رہ جاتا ہے۔بلکہ انسان حیوانوں سے بدتر بن جاتا ہے،غرور وتکبر اس کا شیوہ بن جاتا ہے،مخلوق خدا کو حقارت سے دیکھتا ہے،اور جب اس کا بس چلتا ہے تو مخلوق خدا پر ظلم وستم کرتا ہے۔

فرعون جس نے ظلم وستم کی انتہا کر دی،غرور وتکبر کا پیکر بن کر خدائی دعوی کر گیا۔اگر اسے دو وقت کی روٹی میسر نہ ہوتی،اس کا پیٹ ہی نہ بھرتا تو وہ کبھی بھی ان حدود کو نہ پھلانگتا۔تو گویا خالی پیٹ انسان کو انسانیت کے دائرہ سے باہر نکلنے سے روکتا ہے۔

ہمارے اسلاف، ہمارے بزرگان دین اسی لئے روزوں کا التزام کرتے تاکہ نفس سے غرور وتکبر کا مادہ ختم ہو،اس کی انانیت زائل ہو اور اللہ تعالیٰ کی بندگی کیلئے تیار ہو۔

(۳)- صلاۃ التہجد - قیام اللیل:

رات کو اٹھنا نفس پر بڑا شاق گزرتا ہے، پھر رات کو اٹھ کر وضو کرنا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کھڑا ہونا معمولی بات نہیں ہے ۔اس عمل سے بندہ اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی اسے اپنی رحمتوں سے لبریز کرتا جاتا ہے۔جس کا فائدہ یہ ہے کہ دل کی بیماریاں دور ہوتی جاتی ہیں ۔ جیسے جیسے دل کی بیماریاں دور ہوں گی قلبِ مومن طیب وطاہر ہوگا، اسے اللہ تعالیٰ کا قرب نصیب ہوگا پھر وہ وقت آئے گا کہ بندہ مومن اللہ تعالیٰ کی محبت کو جیت لے گا اور جو محبت الٰہی کو جیت لے، اس کا خالق و مالک جب اس سے پیار کرے تو بھلا اسے اور کیا چاہئے، جس سے اللہ تعالیٰ محبت کرے شیطان اور اس کے حواری اس کے نزدیک نہیں آسکتے بلکہ وہ تو اس کے سایہ سے بھی بھاگتے ہیں ۔جب شیطان سے چھٹکارا ہوگا تو دل بیماریوں سے مکمل پاک ہوگا، وہ آئینہ کی طرح چمکے گا اور چاند کی طرح روشن ہوگا۔پھر وہ صاحب دل جہاں جہاں سے گزرے گا قدسی اس کے استقبال کیلئے کھڑے ہوں گے۔

-☆-

توبہ کا ذریعہ

عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

قِيْلَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنَّ فُلَانًا يُصَلِّي اللَّيْلَ كُلَّهُ ، فَإِذَا أَصْبَحَ سَرَقَ ، فَقَالَ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

سَيَنْهَاهُ مَاتَقُوْلُ.

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۶۰)	جلد۶	صفحہ۳۰۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۷۳۰)	جلد۹	صفحہ۳۰۹
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۵۰۰)	جلد۲	صفحہ۴۸۲
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۵۵)	جلد۲	صفحہ۴۳۰
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۵۶)	جلد۲	صفحہ۴۳۰

عرض کیا گیا یا رسول اللہ! فلاں آدمی ساری ساری رات نماز پڑھتا ہے اور جب صبح ہوتی ہے تو وہ چوری کرتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

عنقریب جو تم کہتے ہو اس کو چوری سے روک دے گی۔

-☆-

تہجد کا وقت اللہ تعالیٰ کی رحمت سے لبریز وقت ہے اس وقت اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کی موسلا دھار بارش نازل ہوتی ہے۔ اس سہانے وقت میں جو بھی بارگاہ ایزدی میں اپنے ہاتھ پھیلائے گا رحیم وکریم اللہ فوراً اس کے ہاتھوں کو اپنی رحمتوں سے بھر دے گا۔

یہ وقت محرومیوں کو ختم کرنے کا وقت ہے، یہ وقت گناہوں کے مٹانے کا وقت ہے۔ یہ وقت اللہ تعالیٰ سے بُعد کو قرب میں بدلنے کا وقت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے انوار وتجلیات کی برسات ہو اس کے رحم وکرم کا دریا موجزن ہو، اس کی عنایات خسروانہ نازل ہو رہی ہوں بھلا اس وقت اپنے ہاتھ پھلانے والا کیسے محروم رہ سکتا ہے۔ کسی بھی وقت کسی کے ہاتھوں کو خالی لوٹانا ویسے ہی اللہ تعالیٰ کی شان کریمی سے بعید ہے تو اس نور بھرے وقت میں اٹھے ہوئے ہاتھ کیسے خالی رہ سکتے ہیں۔

زیر نظر حدیث پاک میں غور کیجئے

ایک آدمی اس قرب الٰہی کے وقت نماز تہجد ادا کرتا ہے، اپنی آنکھوں سے آنسو بہاتا ہے، دل سے اپنے پروردگار کو یاد کرتا ہے، اخلاص ومحبت کے ساتھ اپنے پروردگار کے در رحمت پر دستک دیتا ہے اور صبح کو اٹھتا ہے تو رات کی ساری باتیں فراموش کر دیتا ہے، شیطان کا آلہ کار بن کر چوری کرتا ہے۔ بھلا ایسا آدمی جو رات بھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سربسجود رہا ہو وہ کتنی دیر شیطان کے شکنجے میں رہ سکتا ہے۔ وہ جلد بہت جلد شیطان کے اثرات بد سے باہر نکلنے والا ہے اور عنقریب اللہ تعالیٰ اس پر یوں نظر لطف وعنایت فرمانے والا ہے کہ پھر وہ دن رات اسی کا ہو رہے گا۔ صبح وشام اسی قادر مطلق کے حضور سر بندگی جھکائے گا۔ اللہ تعالیٰ کی اس پر عنایات یوں ہوں گی کہ اس کا شیطان کی اتباع کرنا تو

درکنار خود شیطان اس کے سایہ سے بھاگے گا۔اس کی زبان سے نکلنے والے دعائیہ کلمات شیطان کی کمر توڑ دیں گے اور اس کا ہر سانس شیطان کی ذلت ورسوائی کا سامان ہوگا۔

نیکی وبدی اکٹھے نہیں چل سکتے۔آخر ایک دن ایک کو غالب آنا ہے تو بات واضح ہے۔نیکی کا تعلق خدائے رحمان کے لطف وکرم سے ہے اور بدی شیطان کے اثرات سے ہے۔بہر حال اللہ جل شانہ کا لطف وکرم غالب ہے، غالب رہتا ہے اور غالب رہے گا۔

وَمَا ذَالِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ

-☆-

تقویٰ سے آراستہ

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ۝ اٰخِذِیْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِیْنَ ۝ كَانُوْا قَلِیْلًا مِّنَ الَّیْلِ مَا یَهْجَعُوْنَ ۝ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ ۝ وَفِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝ (1)

ترجمہ:

البتہ اللہ سے ڈرنے والے (اس روز) باغات اور چشموں میں ہوں گے۔ (بصد شکر) لے رہے ہوں گے جو ان کا رب انہیں بخشے گا، بے شک یہ لوگ اس سے پہلے بھی نیکوکار تھے۔

یہ لوگ رات کو بہت کم سویا کرتے تھے۔ اور سحری کے وقت اپنی خطاؤں کی بخشش طلب کرتے تھے۔ اور ان کے اموال میں حق تھا سائل کیلئے اور محروم کیلئے۔"

تقویٰ سے آراستہ لوگ قیامت کے دن بڑے مزے سے ہوں گے، عنایات ربانیہ انہیں چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوگا۔

(1)　الذاریات　15 تا 19

اللہ تعالیٰ جب راضی ہوتا ہے تو پھر اس کے عطا کرنے کے انداز نرالے ہوتے ہیں، پھر اس عنایات کے برسنے کا طریقہ انوکھا ہوتا ہے۔ درج بالا آیات کریمہ میں دیکھئے:

یہ متقی و نیکوکار لوگ اپنے رب سے لے رہے ہوں گے ان کا رب جو بھی انہیں عطا فرمائے گا۔ یہاں اللہ تعالیٰ نے اپنے عطا فرمانے کو کسی فرشتے سے وابستہ نہیں کیا بلکہ فرمایا:

ان کا رب انہیں دے رہا ہوگا۔ سبحان اللہ! جب اللہ الکریم خوش ہو کر کسی کو دیتا ہے تو پھر بلا واسطہ دیتا ہے، اپنے ہاتھوں سے عطا فرماتا ہے اور اسے خوش قسمت ترین فرد بنا دیتا ہے۔

جن متقی لوگوں کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن عطا فرما رہا ہوگا ان کی خصوصیت کیا ہے؟

كَانُوْا قَلِيْلًا مِنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ o وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ o وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ o

وہ خوش قسمت افراد رات کو بہت کم سوتے ہیں، رات کو نماز تہجد ادا کرتے ہیں، اپنی پیشانی بارگاہ ذوالجلال میں جھکا کر سبحان ربی الاعلیٰ کا ترانہ گاتے ہیں۔ اپنے آنسوؤں سے فرش زمین کو تر کر کے بدبختی کے جملہ داغ مٹا دیتے ہیں۔

وقت سحر وہ پرنم آنکھوں سے اپنے اللہ کے حضور اپنے گناہوں، اپنی کوتاہیوں اور اپنی غفلتوں کی معافی مانگتے ہیں۔ یہ وقت سحر ان کا مانگنا اللہ الکریم کو اتنا پسند ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنا محبوب بنا لیتا ہے۔ اپنی محبت والفت کی چادر میں انہیں چھپا لیتا ہے۔

ان خوش قسمت افراد کو اللہ جل شانہ نے اگر مال و دولت سے نوازا ہے تو وہ اس کا مال اس کی راہ میں بے دریغ لٹاتے ہیں۔ انہیں اپنے پاس موجود مال پر اتنا بھروسہ نہیں ہوتا جتنا رحیم و کریم اللہ کے خزانوں پر بھروسہ ہوتا ہے۔ ان کا ایمان بڑا قوی ہوتا ہے۔ یہی ایمان انہیں ازلی سعید لوگوں میں نمایاں کر دیتا ہے۔

-☆-

مومنین کے لئے قابلِ رشک

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلِہٖ وَسَلَّمَ – :

لَا حَسَدَ اِلَّا فِیْ اثْنَتَیْنِ : رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ یَقُوْمُ بِهَا آنَاءَ اللَّیْلِ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ یُنْفِقُهُ آنَاءَ اللَّیْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۳)	جلد۱	صفحہ۵۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۸۱۵)	جلد۱	صفحہ۵۵۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۲۵)	جلد۳	صفحہ۱۲۱۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۵۲۹)	جلد۴	صفحہ۲۳۵۲
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۳)	جلد۱	صفحہ۱۲۷
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۳۱)	جلد۱	صفحہ۴۹۳
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۷۳۵)	جلد۱	صفحہ۴۰۵
قال الالبانی	حدیث صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۲۳)	جلد۱	صفحہ۵۵۰
قال الالبانی	حدیث صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۲۸۷)	جلد ۲	صفحہ ۱۳۲۶
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۴۰۹)	جلد ۴	صفحہ ۵۱۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۹۳۶)	جلد ۲	صفحہ ۳۵۵
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۸۱۰)	جلد ۵	صفحہ ۳۵۸
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۰۱۸)	جلد ۷	صفحہ ۲۸۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۰۱۹)	جلد ۷	صفحہ ۲۸۰
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۲۵)	جلد ۱	صفحہ ۳۳۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۲۶)	جلد ۱	صفحہ ۳۳۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۹۲۳)	جلد ۴	صفحہ ۲۵۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۵۵۰)	جلد ۴	صفحہ ۳۰۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۱۰۹)	جلد ۴	صفحہ ۱۴۶
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۶۵۱)	جلد ۳	صفحہ ۵۳۰
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۵۶۱۸)	جلد ۵	صفحہ ۱۴۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۱۶۷)	جلد ۵	صفحہ ۴۰۷
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۳۱۶۴)	جلد ۱۲	صفحہ ۲۲۹
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۳۳۵۱)	جلد ۱۲	صفحہ ۲۷۸
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۴۳)	جلد ۲	صفحہ ۳۳۷

وسلم نے ارشادفرمایا:

رشک دوآدمیوں پر کرنا چاہئے۔ایک وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید عطا کیا ہواور وہ رات کی گھڑیوں اوردن کے مختلف حصوں میں اس کے ساتھ قیام کرتا ہے۔

دوسرا وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطافرمایا پس وہ اسے رات کی گھڑیوں اوردن کے مختلف حصوں میں خرچ کرتا ہے۔

-☆-

حضورنبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادگرامی کے پیش نظر دوآدمی قابل رشک ہیں وہ اس قابل ہیں کہ ان کی پیروی کی جائے۔وہ اس درجہ سعید ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے:

اے اللہ! محض اپنے لطف وکرم سے ہم پربھی وہ عنایات نازل فرماجوتو نے ان پر نازل فرمائی ہیں۔ان سے یہ انعام چھینے بغیر ہمیں بھی اس انعام واکرام سے مالامال فرما۔

وہ آدمی بڑا سعید ہے جورات کی تاریکی میں اٹھ کرتلاوت قرآن کریم کرتا ہے۔نمازتہجد میں بڑی محبت سے اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کو پڑھتا ہے۔یہی وہ وقت-وقت تہجد-ہے جب انسان کی زبان سے نکلے ہوئے کلمات تقدیر بدل دیتے ہیں۔بدبختی کے داغ مٹادیتے ہیں اورسعیدلوگوں میں نام نمایاں کردیتے ہیں۔

قرآن کریم سراپانور ہے اورجوآدمی رات تہجد میں اس کی تلاوت کرتا ہے وہ اس کے کیف سے مکیف ہوجاتا ہے،یقیناًوہ بھی نوربن جاتا ہے۔اس کی روح نور کے دریا میں غسل کرتی ہے۔نور کی بارش اس روح کومزید اجلااورنکھراہوا کردیتی ہے۔پھراس کی زبان قلب وقالب سے نکلے ہوئے کلمات تقدیر بدل دیتے ہیں۔

اے اللہ کے بندو!

آیئے اس نوربھرے وقت کی قدرکریں جتنا قرآن کریم یادہواس کی نمازتہجد میں تلاوت

کریں ہوسکتا ہے کریم اللہ کا کرم ہماری طرف متوجہ ہواور دنیا وآخرت کے انعامات سے سرفراز فرمادے۔

وہ آدمی بھی بڑا سعید ونیک بخت ہے جسے اللہ ذوالجلال نے ظاہری مال ودولت سے نوازا۔ اس کے پاس اللہ تعالٰی کے دیئے ہوئے ظاہری خزانے ہیں ۔پھر رب تعالٰی نے اس پر یہ کرم کیا کہ اسے سخی دل دے دیا وہ راہ حق میں، دین کے کاموں میں بے دریغ لٹاتا ہے جس سے خالق ومالک راضی وخوش ہوجاتا ہے۔

یاد رہے جس فرزند آدم سے اللہ الکریم راضی ہوجائے اس کے دونوں جہاں سنور جاتے ہیں اوروہ انسانوں میں ہوتے ہوئے بھی انسان سے ممتاز بلکہ بلند بہت بلند ہوجاتا ہے۔

اللہ الکریم سے یہ دعا بھی مانگنی چاہئے کہ

اے رحیم وکریم جیسے تو نے فلاں آدمی کو مال ودولت سے نوازا اوروہ تیری راہ میں بے دریغ لٹاتا ہے ایسے مجھے بھی مال ودولت عطا فرماتا کہ میں بھی تیری راہ میں اسے خرچ کروں اور تیرا محبوب بن جاؤں۔

یہ دعا تب ہی فائدہ مند ہے جب ساتھ یہ کہا جائے کہ اے اللہ! اس خوش نصیب کے مال ودولت میں کمی کیے بغیر، اس کے جذبہ صادقہ میں کمی کیے بغیر، مجھے یہ نعمت عطا فرما۔ اگر دل میں یہ آگیا کہ اس سے نعمت چھین لے تو یاد رہے اس کا تو شاید کچھ نہ بگڑے اپنی زندگی کی ساری نیکیاں جل کر خاکستر ہوجائیں گی اورقیامت کے دن مفلس لوگوں میں اٹھنا ہوگا۔

العیاذ باللہ من ذلک۔

-☆-

قبولیت کی گھڑی

عَنْ جَابِرٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – یَقُوْلُ:

اِنَّ فِی اللَّیْلِ لَسَاعَۃً لَا یُوَافِقُھَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ یَسْأَلُ اللّٰہَ خَیْرًا مِنْ خَیْرِ الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ اِلَّا اَعْطَاہُ اِیَّاہُ ، وَذَالِکَ کُلَّ لَیْلَۃٍ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۵۷)	جلد۱	صفحہ۵۲۱
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۰۲)	جلد۱	صفحہ۴۸۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۳۳)	جلد۱	صفحہ۳۹۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۱۳۰)	جلد۱	صفحہ۴۲۷
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۲۹۱)	جلد۱۱	صفحہ۴۲۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۴۸۰)	جلد۱۱	صفحہ۴۸۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۶۱)	جلد۶	صفحہ۳۰۱
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمارہے تھے:

بیشک رات میں ایک گھڑی ایسی ہے جس میں کوئی مسلمان اللہ عزوجل سے دنیا وآخرت کی بھلائیوں میں سے کوئی بھی بھلائی وخیر مانگے اللہ تعالیٰ اسے وہی خیر عنایت فرما دیتا ہے اور یہ خیر والی گھڑی ہر رات ہوتی ہے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۶۸۴)	جلد ۱۱	صفحہ ۵۳۱
قال حمزة احمد الزين	اسنادہ حسن		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۱۸۱)	جلد ۲	صفحہ ۴۳

فرض نمازوں کے بعد سب سے افضل نماز

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَفْضَلُ الصِّیَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ وَاَفْضَلُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْفَرِیْضَةِ صَلَاةُ اللَّیْلِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۱۶۳)	جلد ۲	صفحہ ۸۲۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۵۵)	جلد ۲	صفحہ ۳۰۱
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۸۹۵)	جلد ۱	صفحہ ۳۷۶
قال المحقق	صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۷۲۵۵)	جلد ۴	صفحہ ۱۲۲۶
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۵۰۰)	جلد ۲	صفحہ ۳۵
قال المحقق	صحیح		
شرح السنۃ	رقم الحدیث (۹۱۸)	جلد ۲	صفحہ ۳۵۸
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۲۴۲۹)	جلد ۲	صفحہ ۷۶
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

رمضان کے بعد افضل روزے اللہ کے ماہ محرم کے روزے ہیں اور فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز تہجد کی نماز ہے۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۴۳۰)	جلد۱	صفحہ۳۹۳
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن		
شرح السنۃ	رقم الحدیث (۱۷۸۲)	جلد۳	صفحہ۵۱۸
مسند الدارمی	رقم الحدیث (۱۷۹۸،۱۷۹۹)	جلد۲	صفحہ۱۱۰۳
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۷۴۲)	جلد۲	صفحہ۳۶۰
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۲۰۹۹)	جلد۷	صفحہ۱۸۸
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۴۸۸)	جلد۸	صفحہ۳۳۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۸۵۷)	جلد۹	صفحہ۲۰۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۱۳)	جلد۱	صفحہ۵۲۶
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۳۱۵)	جلد۲	صفحہ۱۲۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۲۹۱۷)	جلد۳	صفحہ۲۵۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۲۹۱۸)	جلد۳	صفحہ۲۵۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۲۹۱۹)	جلد۳	صفحہ۲۵۴
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۱۵۵)	جلد۲	صفحہ۴۴۶
قال الحاکم	ھذا الحدیث صحیح		
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (۳۴۹۵،۳۴۹۶)	جلد۵	صفحہ۳۲۰
قال المحقق	اسنادہ رجالہ ثقات		

صلاۃ الابرار

عَنْ أَنَسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:
كَانَ النَّبِيُّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – إِذَا اجْتَهَدَ لِأَحَدٍ فِي الدُّعَاءِ قَالَ:
جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ صَلَاةَ قَوْمٍ أَبْرَارٍ، يَقُوْمُوْنَ اللَّيْلَ وَيَصُوْمُوْنَ النَّهَارَ، لَيْسُوا بِأَثَمَةٍ وَلَا فُجَّارٍ.

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۰۹۷)	جلد ۱	صفحہ ۵۹۴	
قال الالبانی	صحیح			
کنز العمال	رقم الحدیث (۲۵۹۳۶)	جلد ۱	صفحہ ۹۳۷	
سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ	رقم الحدیث (۱۸۱۰)	جلد ۴	صفحہ ۴۲۵	
الاحادیث المختارہ	رقم الحدیث (۱۷۰۰)	جلد ۵	صفحہ ۷۵	
قال عبد الملک بن عبد اللہ دہیش اسنادہ صحیح				
عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی	رقم الحدیث (۲۰۲)		صفحہ ۲۱۳	
قال علی بن محمد الرشیدی	صحیح			
مسند عبد بن حمید	رقم الحدیث (۱۳۶۱)	جلد ۳	صفحہ ۲۰۵	واللفظ لہ
قال احمد بن ابراہیم	صحیح موقوفا			

ترجمة الحديث،

حضرت انس -رضی اللہ عنہ- سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- جب کسی کیلئے دعا مانگنے میں کوشش فرماتے تو فرماتے!

اللہ تعالیٰ تم پر قوم ابرار -نیک لوگوں- کی رحمتیں نازل فرمائے۔

جو رات کو قیام کرتے ہیں اور دن کو روزہ رکھتے ہیں۔ وہ نہ حکمران ہیں اور نہ فاجر۔

-☆-

صحابہ کرام-رضی اللہ عنہم-
کی دعا

عَنْ ثَابِتٍ قَالَ : كَانَ أَنَسٌ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – اِذَا دَعَا لِاَخِيْهِ يَقُوْلُ :
جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ صَلَاةَ قَوْمٍ اَبْرَارٍ لَيْسُوا بِظَلَمَةٍ وَلَا فُجَّارٍ، يَقُوْمُوْنَ اللَّيْلَ وَيَصُوْمُوْنَ النَّهَارَ.

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ثابت بنانی-رحمۃ اللہ علیہ-نے فرمایا:
سیدنا انس بن مالک-رضی اللہ عنہ-جب اپنے کسی بھائی کیلئے دعا مانگتے تو کہتے:
اللہ تعالی اس پر قوم ابرار-نیک لوگوں-جیسی رحمتیں نازل فرمائے جو نہ ظالم ہیں اور نہ فاسق وفاجر-جو رات کو قیام کرتے ہیں-نماز تہجد ادا کرتے ہیں-اور دن کو روزہ رکھتے ہیں۔

حلیۃ الاولیاء صفحہ۳۳ جلد۲
صحیح الادب المفرد رقم الحدیث ۶۳۱
مجمع الزوائد صفحہ۱۸۲ جلد۱۰
الادب المفرد رقم الحدیث ۶۳۳ صفحہ۱۶۹
قال احمد عبدالرزاق البکری صحیح الاسناد موقوفا وقد صح مرفوعا

صالحین کی سنت
گناہوں کا کفارہ
بیماریاں دور کرنے والی

عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كِلَاهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ فَإِنَّهُ دَابُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ وَمَقْرَبَةٌ اِلٰى رَبِّكُمْ وَمَكْفَرَةٌ لِلسَّيِّئَاتِ وَمَطْرَدَةٌ لِلدَّاءِ عَنِ الْجَسَدِ.

المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۱۵۶)	جلد ۲	صفحہ ۴۳۶
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۴۰۷۹)	جلد ۲	صفحہ ۷۵۲
قال الالبانی	صحیح		
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۱۸۴)	جلد ۲	صفحہ ۳۵
ارواء الغلیل	رقم الحدیث (۴۵۲)	جلد ۲	صفحہ ۱۹۹
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۰۸)	جلد ۱	صفحہ ۴۸۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۴۹)	جلد ۳	صفحہ ۴۶۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تم پر قیام اللیل لازم ہے یہ تم سے پہلے صالحین کی سنت ہے اور تمہارے رب کے ہاں تمہارے قرب کا ذریعہ ہے۔ برائیوں کا کفارہ اور جسم سے بیماریوں کو دور رکھنے کا ذریعہ ہے۔

-☆-

شرح السنة	رقم الحدیث (۹۱۷)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۸
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۴۰)	جلد ۲	صفحہ ۴۳۱
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۲۱۵۴)	جلد ۲	صفحہ ۲۵۸

قرب الٰہی کا ذریعہ
گناہوں سے روکنے والی

عَنْ اَبِیْ اَمَامَۃَ الْبَاھِلِیِّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

عَلَیْکُمْ بِقِیَامِ اللَّیْلِ فَاِنَّہٗ دَأْبُ الصَّالِحِیْنَ قَبْلَکُمْ، وَقُرْبَۃٌ اِلٰی رَبِّکُمْ، وَ مَکْفَرَۃٌ لِلسَّیِّئَاتِ، وَمَنْھَاۃٌ عَنِ الْاِثْمِ.

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۰۷)	جلد۱	صفحہ۴۸۱
قال المحقق	حسن		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۴۹)	جلد۳	صفحہ۴۶۰
قال الالبانی	حسن صحیح		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۱۹)	جلد۲	صفحہ۴۳۱
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۴۶۶)	جلد۸	صفحہ۹۲
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۲۴)	جلد۱	صفحہ۳۹۹
قال الالبانی	حسن		

ترجمة الحديث:

حضرت ابوامامہ باھلی -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

اپنے اوپر رات کا قیام لازم کرو کیونکہ یہ تم سے پہلے صالحین کا طریقہ ہے، تمہارے لئے تمہارے رب کے ہاں قرب کا ذریعہ ہے، گزشتہ گناہوں کا کفارہ اور آئندہ گناہوں سے روکنے کا ذریعہ ہے۔

-☆-

فرشتوں کی حاضری
اور کمال شفقت

عَنْ عَلِيٍّ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا تَسَوَّكَ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي قَامَ الْمَلَكُ خَلْفَهُ فَيَسْتَمِعُ لِقِرَاءَتِهِ ، فَيَدْنُوْ مِنْهُ حَتّٰى يَضَعَ فَاهُ عَلٰى فِيْهِ ، فَمَا يَخْرُجُ مِنْ فِيْهِ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا صَارَ فِي جَوْفِ الْمَلَكِ فَطَهِّرُوْا أَفْوَاهَكُمْ لِلْقُرْآنِ.

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۳۵)	جلد ۱	صفحہ ۲۳۰
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۳۱۳)	جلد ۳	صفحہ ۲۱۴
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۱۵)	جلد ۱	صفحہ ۲۰۴
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۲۵۶۳)	جلد ۲	صفحہ ۲۱۶
کنز العمال	رقم الحدیث (۲۶۹۸۳)	جلد ۱	صفحہ ۹۶۷

ترجمة الحديث،

حضرت علی -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

بندہ جب مسواک کرتا ہے پھر نماز پڑھنے کیلئے کھڑا ہوجاتا ہے تو فرشتہ اس کے پیچھے کھڑا ہوجاتا ہے اور اس کی قرات سنتا ہے۔اور اس کے بہت قریب آجاتا ہے یہاں تک کہ اپنا منہ اس پڑھنے والے کے منہ پر رکھ دیتا ہے۔

قرآن کریم کا جو بھی کلمہ اس نمازی کے منہ سے نکلتا ہے فرشتے کے پیٹ میں پہنچتا ہے۔اس لئے تم اپنے مونہوں کو پاک وصاف رکھو تلاوت قرآن کے لئے۔

-☆-

شرفِ مؤمن

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ – رَضِیَ اللّٰہ عَنْهُ – قَالَ :

جَاءَ جِبْرِیْلُ اِلَی النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – فَقَالَ :

یَا مُحَمَّدُ عِشْ مَا شِئْتَ فَاِنَّکَ مَیِّتٌ ، وَاعْمَلْ مَا شِئْتَ فَاِنَّکَ مَجْزِیٌّ بِهٖ ، وَاَحْبِبْ مَنْ شِئْتَ فَاِنَّکَ مُفَارِقُهٗ ، وَاعْلَمْ اَنَّ شَرَفَ الْمُؤْمِنِ قِیَامُ اللَّیْلِ ، وَعِزُّهٗ اسْتِغْنَاءُ هٗ عَنِ النَّاسِ ۔

المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۷۹۲۱)	جلد ۸	صفحہ ۲۸۲
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۱۸)	جلد ۱	صفحہ ۲۸۵
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		
کنز العمال	رقم الحدیث (۴۲۱۱۴)	جلد ۲	صفحہ ۱۲۰۴
المعجم الاوسط	رقم الحدیث (۴۲۷۸)	جلد ۳	صفحہ ۱۸۸
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۲۷)	جلد ۱	صفحہ ۴۰۱
قال الالبانی	حسن		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۶۳۴)	جلد ۱۰	صفحہ ۲۶۸

ترجمة الحديث،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی:

یا محمد! یا رسول اللہ! جتنا عرصہ آپ چاہیں زندہ رہیں بالآخر ایک دن آپ کو جانا ہے، آپ جو چاہیں عمل کریں اس کا آپ کو اجر وثواب ملنا ہے اور آپ جس سے چاہیں محبت کریں بالآخر ایک دن اس سے جدائی ہے۔

اور جان لیجئے! کہ مومن کا شرف قیام اللیل میں ہے اور اس کی عزت لوگوں سے استغناء میں ہے۔

-☆-

شرف المؤمن:-

مومن کی عزت وشرف رات اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہونے میں ہے رات کے طویل لمحات میں اللہ کی بارگاہ میں کبھی قیام کبھی رکوع کبھی سجود یہ چیزیں مومن کیلئے وجہ افتخار ہیں۔

مومن کی عزت مال ودولت میں نہیں، اس کی بزرگی جاہ واقتدار میں نہیں۔ اس کا مرتبہ کثرت احباب واعوان میں نہیں بلکہ اس کی بزرگی اس کی عزت اس کا شرف تعلق باللہ میں ہے۔ جتنا مومن کا اللہ تعالیٰ سے تعلق گہرا ہوگا اتنا ہی اسے عزت وکرامت سے سرفراز فرمایا جائے گا۔

رات کی تاریکی میں جب لوگ خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہوں اٹھ کر اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا، اس کے حضور آنسوؤں کا نذرانہ پیش کرنا ان لمحات میں اس کریم جل جلالہ کی بارگاہ دست بدعا ہونا عزت وسرفرازی ہے۔

یہ امت اس اعتبار سے بڑی مالدار امت ہے کہ اس کے بے شمار افراد رات کی تنہائی میں اٹھ کر خدائے لم یزل سے مناجات کا کیف لیتے ہیں۔ اسے یاد کر کے اس کے انعامات کے مستحق ٹھہرتے

ہیں اور اس کے حضور سر جھکا کر سبحان ربی الاعلیٰ کا ورد کر کے مقامات رفیعہ پر فائز ہوتے ہیں۔

اے اللہ! اے ارحم الراحمین!

رات کی تاریکی میں اٹھ کر جو خوش قسمت تیری بارگاہ میں سر بسجود ہوتے ہیں، بڑی دلجمعی سے نماز تہجد ادا کرتے ہیں، سحری کے وقت استغفار کرتے ہیں، ان کی اس مناجات واستغفار کے صدقے ہمیں بھی راتوں کو اٹھ کر اپنے حضور سجدوں کی لذت عطا فرما۔ہم سے ہمارے غفلت کے پردے ختم کر دے، کاہلی وسستی کی جو موٹی موٹی چادریں تان کر سوئے ہوئے ہیں ہمیں اس خواب غفلت سے بیدار کر دے۔تیری طرف سے ایک نظر کرم ہوگی ہمارے مقدر چمک اٹھیں گے۔تیری ایک نظر رحمت ہم سب کے دردوں کا مداوا ہے۔

اے رحیم وکریم اللہ! ہمیں اپنی یاد سے محروم نہ فرمانا بلکہ اپنی یاد کی وہ مے پلا دے کہ دنیا سے رخصتی کے وقت ہم لا الہ الا اللہ کہتے ہوئے رخصت ہوں۔

-☆-

اللہ کا بہت زیادہ ذکر کرنے والا

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَاَبِیْ سَعِيْدٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – قَالَا : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – :

مَنِ اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ وَاَيْقَظَ اَهْلَهٗ فَصَلَّيَا رَكْعَتَيْنِ جَمِيْعًا كُتِبَا مِنَ الذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَالذَّاكِرَاتِ.

صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۳۰۹)	جلد ۱	صفحہ ۳۵۸
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۴۵۱)	جلد ۱	صفحہ ۳۹۹
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۱۸۲)	جلد ۵	صفحہ ۵۲
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۳۵)	جلد ۲	صفحہ ۱۳۵
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۶۸)	جلد ۶	صفحہ ۳۰۷
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۱۸۹)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۸

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ دونوں سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی رات کو بیدار ہوا اور اس نے اپنی اہلیہ کو بیدار کیا پھر دونوں نے دو رکعت نماز اکھٹے ادا کی تو ان دونوں کو

اَلذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَالذَّاكِرَاتِ

اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ ذکر کرنے والے مرد اور ذکر کرنے والی عورتوں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

-☆-

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۶۹)	جلد۶	صفحہ۳۰۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۱۱)	جلد۱	صفحہ۳۸۲
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۲۶)	جلد۱	صفحہ۴۰۰
قال الالبانی	حدیث صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۰۳۰)	جلد۲	صفحہ۱۰۳۲
قال الالبانی	حدیث صحیح		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۵۳۹)	جلد۲	صفحہ۴۹۲
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۳۱۲)	جلد۲	صفحہ۱۱۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۱۳۳۲)	جلد۱۰	صفحہ۳۱۹

غافلین کے دیوان سے نام خارج

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
مَنْ صَلّٰی فِیْ لَیْلَةٍ بِمِائَةِ آیَةٍ لَمْ یُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِیْنَ، وَمَنْ صَلّٰی فِیْ لَیْلَةٍ بِمِائَتَیْ آیَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِیْنَ الْمُخْلِصِیْنَ.

ترجمة الحدیث:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے رات تہجد کی نماز میں سو آیات کی تلاوت کی اسے غافلین میں نہیں لکھا جاتا۔

اور جس نے رات تہجد کی نماز میں دو سو آیات کی تلاوت کی اسے قانتین و مخلصین میں لکھ دیا

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۳۷)	جلد ۱	صفحہ ۴۹۶
قال المحقق	صحیح		
کنز العمال	رقم الحدیث (۲۱۴۵۲)	جلد ۱	صفحہ ۷۸۷
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۱۶۱)	جلد ۲	صفحہ ۴۲۸
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۸۹۶)	جلد ۲	صفحہ ۲۰۱
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۶۱۰)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۳

جاتا ہے۔

-☆-

اس بندہ خاکی پر اللہ تعالیٰ کا کرم کس درجہ ہے، دن اس کا جیسے بھی گزر جائے رات کیوقت نماز تہجد ادا کرے اور نماز تہجد میں ایک سو آیات قرآنیہ کی تلاوت کرے اللہ تعالیٰ اس کا نام غافلین کی فہرست سے خارج کر دیتا ہے۔ جس آدمی کا نام غافلین کی فہرست سے خارج ہوگیا اسے اور کیا چاہئے۔ رحیم وکریم اللہ ذاکرین پر جو نوازشات نازل فرماتا ہے وہ انسانی احاطہ سے وراء ہیں تو جو آدمی نماز تہجد میں صرف ایک سو آیت پڑھ گیا اسے ان نوازشات سے وافر حصہ عطا فرمایا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ذکر کرنے والوں سے راضی ہوتا ہے اور غافلین سے ناراض ہوتا ہے تو گویا رات تہجد میں قرآن کریم کی تلاوت کرنے والا ان لوگوں میں نہیں ہے جن سے خالق ومالک ناراض ہوتا ہے بلکہ ان لوگوں میں سے ہے جس پر نوازشات ربانیہ ہوا کرتی ہیں۔

غفلت انسان کو کسی کام کا نہیں چھوڑتی، انسان سے انسانیت کا حسن چھین لیتی ہے۔ جس خالق ومالک نے پیدا فرمایا، جس نے بے پناہ کرم نوازیوں سے مالا مال کیا اس کے ذکر سے غافل ہوجانا پرلے درجے کی بدنصیبی ہے۔

آیئے اس بدنصیبی کے داغ کو مٹانے کی کوشش کریں اس کا ایک بڑا ہی آسان طریقہ ہے کہ بندہ نماز تہجد کا پابند بن جائے۔ انسان جب تہجد پابندی سے ادا کرے گا تو غافلین سے نکل جائے گا۔ جب غافلین سے نکلے گا تو جس رنگ سے بھی اللہ تعالیٰ کو یاد کرے گا اس کی یاد قبول ہوگی۔ جس رنگ سے اسے پکارے گا اس کی پکار سنی جائے گی۔ بلکہ وہ رحمات الہیہ سے یوں گھرا ہوگا کہ جہاں جہاں سے گزرتا جائے گا اللہ تعالیٰ کی رحمتیں بانٹتا جائے گا۔ اور جسے اللہ تعالیٰ اپنی رحمتیں بانٹنے والا کر دے وہ دونوں جہاں میں سرخرو ہوا کرتا ہے۔

-☆-

رات کو صلاۃ تہجد میں سو آیتوں کی تلاوت کرنے سے غافلین کی فہرست سے اگر نام خارج ہوتا ہے تو گناہ کرنے کے سبب سے بسا اوقات تہجد کی توفیق بھی چھن جاتی ہے۔

قَالَ سُفيان الثَّورِی :

حرمت قِيَام اللَّيْلِ بِسَبَبِ ذَنْبٍ أَذْنَبْتُهُ .

سیدنا سفیان ثوری -رحمۃ اللہ علیہ- نے ارشاد فرمایا:

ایک گناہ جو مجھ سے سرزد ہو گیا اس کی وجہ سے مجھے نماز تہجد سے محروم کر دیا گیا۔

-☆-

تو انسان کو اللہ کی بارگاہ میں اس کی بے نیازی سے ہر وقت ڈرتے رہنا چاہئے، اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہنا چاہئے اس سے اللہ مہربانی فرماتا ہے اور عبادت کی لذت عطا فرماتا ہے ورنہ گناہ کی تاریکی ایسی ہے کہ وہ انسان سے عبادت کی لذت چھین لیتی ہے۔

سئل وهيب بن الورد فقيل له :

متى يفقد العبد لذة العبادة ؟ اذا وقع في المعصية ، او اذا فرغ منها ؟ قال :

يفقد لذة العبادة اذا هم بالمعصية .

حضرت وھیب بن ورد -رحمۃ اللہ علیہ- سے عرض کی گئی: بندہ عبادت کی لذت کب کھوتا ہے؟ جب گناہ کرتا ہے یا جب گناہ سے فارغ ہوتا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا:

بندہ جب گناہ کا ارادہ ہی کرتا ہے تو عبادت کی لذت اس سے چھین لی جاتی ہے۔

قال احد السلف :

رَاحَةُ الْقَلْبِ فِي قِلَّةِ الآثَامِ ، وَرَاحَةُ الْبطنِ فِي قِلَّةِ الطَّعَامِ ، وَرَاحَةُ اللِّسَانِ فِي

الدرر المنتقاۃ من الکلمات الملقاۃ جلد۱ صفحہ۳۹۲

الدرر المنتقاۃ من الکلمات الملقاۃ جلد۱ صفحہ۳۹۲

قِلَّةِ الْكَلَامِ ۔

ہمارے ایک بزرگ ارشاد فرماتے ہیں:

دل کی راحت گناہوں کی قلت میں ہے، بدن کی راحت کم کھانے میں ہے اور زبان کی راحت کم بولنے میں ہے۔

-☆-

الدرر المنتقاۃ من الکلمات الملتقاۃ جلد ۱ صفحہ ۳۹۲

قانتین کے دیوان میں شامل

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَنْ قَامَ بِعَشْرِ آيَاتٍ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ ، وَمَنْ قَامَ بِمِائَةِ آيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِيْنَ ، وَمَنْ قَامَ بِأَلْفِ آيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْمُقَنْطَرِيْنَ.

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۳۴)	جلد۱	صفحہ۴۹۴
قال المحقق	حسن		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۵۰۷)	جلد۲	صفحہ۴۸۴
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۳۹)	جلد۱	صفحہ۴۰۶
قال الالبانی	حذا حدیث صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۷۴۸)	جلد۸	صفحہ۱۸۰
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۱۵۸)	جلد۲	صفحہ۳۵
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۰۴۲)	جلد۲	صفحہ۷۷۵
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۷۲)	جلد۶	صفحہ۳۱۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۳۹۸)	جلد۱	صفحہ۳۸۷
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس آدمی نے دس آیات کے ساتھ قیام کیا اسکا نام غافلین میں نہیں لکھا جاتا۔

اور جس آدمی نے سو آیات کے ساتھ قیام کیا اسکا نام قانتین میں لکھ دیا جاتا ہے۔

اور جس آدمی نے ہزار آیات کے ساتھ قیام کیا تو اس کا نام قنطار لینے والوں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

-☆-

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

اَلْقِنْطَارُ اِثْنَا عَشَرَ اَلْفَ اُوْقِيَةٍ وَالْاُوْقِيَةُ خَيْرٌ مِّمَّا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ۔ [1]

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قنطار بارہ ہزار اوقیہ کا ہوتا ہے ایک اوقیہ زمین وآسمان کے درمیان پائی جانے والی تمام چیزوں سے بہتر ہے۔

(۱) الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۳۵)	جلد ۱	صفحہ ۴۹۵
قال المحقق	حسن		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۶۶۰)	جلد ۴	صفحہ ۴۱۳
کنز العمال	رقم الحدیث (۲۸۹۱)	جلد ۱	صفحہ ۱۳۶
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۵۰۸)	جلد ۲	صفحہ ۴۸۴
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۷۳۱)	جلد ۳	صفحہ ۱۰۳۲
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۷۳)	جلد ۶	صفحہ ۳۱۱
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۷۴۳)	جلد ۸	صفحہ ۴۱۱
تحفۃ الاشراف	رقم الحدیث (۱۲۸۱۵)	جلد ۹	صفحہ ۴۲۹

ناکامی ونامرادی

سے مامون ومحفوظ

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – :

مَا خَیَّبَ اللّٰہُ امْرَأً قَامَ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ فَافْتَتَحَ سُوْرَۃَ الْبَقَرَۃِ وَآلِ عِمْرَانَ۔

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ ایسے آدمی کو کبھی ناکام ورسوا نہیں کرتا جو رات کے وقت قیام کرتے ہوئے تلاوت سورۃ البقرہ اورآل عمران سے شروع کرے۔

کنزالعمال	رقم الحدیث (۲۵۴۲۶)	جلد ۱	صفحہ ۱۳۶
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۲۳)	جلد ۱	صفحہ ۲۸۹
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۳۱)	جلد ۲	صفحہ ۲۳۵
المعجم الاوسط	رقم الحدیث (۱۷۷۲)	جلد ۱	صفحہ ۲۸۰

قربِ الٰہی

عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَقُوْلُ:

اَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الرَّبُّ جَلَّ جَلَالُهُ مِنَ الْعَبْدِ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ الْآخِرِ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَكُوْنَ مِمَّنْ يَذْكُرُ اللّٰهَ فِيْ تِلْكَ السَّاعَةِ فَكُنْ.

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۷۹)	جلد۳	صفحہ۴۷۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۸۷۵)	جلد۱	صفحہ۴۲۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۱۷۳)	جلد۱	صفحہ۲۵۹
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۶۲۸)	جلد۱	صفحہ۲۰۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۶۲۸)	جلد۲	صفحہ۲۸۳
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۲۲)	جلد۱	صفحہ۲۸۸
قال المحقق	حسن		

ترجمة الحديث،

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ انہوں نے سنا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

رب تعالیٰ جل جلالہ اپنے بندے کے سب سے زیادہ قریب رات کے آخری حصہ میں ہوتا ہے اگر تو اس وقت ان خوش نصیبوں میں ہو سکتا ہے جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں تو ہو جا۔

-☆-

رات کا آخری حصہ اللہ تعالیٰ کی رحمات سے لبریز حصہ ہے اس حصہ میں انوار ربانیہ کی موسلا دھار بارش ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لطف وکرم یوں ہوتا ہے کہ جو مرد مومن ان گھڑیوں میں اپنے بخت سنوارنا چاہے اس کیلئے یہ سنہری گھڑیاں ہیں۔

آسمان دنیا پر اللہ جل شانہ تشریف لاتا ہے جیسے اسے زیبا ہے پھر اہل ارض سے مخاطب ہوتا ہے:

ہے تم میں کوئی مغفرت طلب کرنے والا میں اس کی زندگی بھر کے گناہ معاف کردوں۔

ہے تم میں کوئی رزق مانگنے والا میں اس کے کاسہ گدائی کو بھر دوں۔

اللہ جل شانہ کی یہ ندا فجر تک جاری رہتی ہے۔ اہل ایمان ان نورانی گھڑیوں کے قدر دان ہوتے ہیں۔ وہ رات کے اس حصہ میں بستر کو خیر باد کہتے ہوئے مصلی بندگی پر آجاتے ہیں اپنے دونوں ہاتھوں کا کاسہ بنا کر اس کی بارگاہ لم یزل میں سوالی بن جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ان پر یوں لطف وکرم ہوتا ہے کہ ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب امڈ آتا ہے جس کا ایک ایک قطرہ بارگاہ خداوندی میں بڑا قیمتی ہے۔

اے اہل ایمان!

رات کا آخری حصہ قرب الٰہی کا وقت ہے۔اس سہانے وقت میں اللہ تعالیٰ کے جتنا قریب ہو سکتے ہو ہو جاؤ۔اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کسی چیز کی کمی نہیں کمی ہے تو صرف ہمارے اندر ہے۔ہمارے اندر وہ اخلاص نہیں، وہ للہیت نہیں جو رحمت الٰہی کو متوجہ کر سکے لیکن اس کے باوجود اس رحیم وکریم کے کرم کی بارش یوں نازل ہوتی ہے کہ اگر کوئی اس کی بارگاہ میں آ جائے چاہے جیسے بھی آ جائے اپنے آنسوؤں کا نذرانہ پیش کر دے۔اگر آنسو نہ ہی تو روتی صورت ہی بنا لے وہ رحمان ورحیم اللہ اس ادا کو بھی پسند فرمالیتا ہے اس حالت کو بھی اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نواز دیتا ہے۔اس لئے ان نورانی لمحات کی قدر کرنی چاہئے اور اپنے دامن کو پھیلا کر اس سے اس کے کرم کا سوالی ہونا چاہئے۔

زندگی ناپائیدار ہے ہر روز زندگی کا ایک دن ختم ہو رہا ہے۔بالآخر ایک دن حیات مستعار کے لمحات مکمل ہو جائیں گے۔پھر ہمیں ہمارے ہی اعزہ واقارب گورستان چھوڑ آئیں گے اس وقت ہماری آنکھیں کھلیں گی لیکن اس وقت کی ندامت کا کیا فائدہ۔

آج وقت ہے ہم قدر کر لیں رات کی تنہائی میں اٹھ کر اپنے خالق ومالک کو راضی کر لیں اگر در رحمت پر دل کے ہاتھوں سے دستک دے لیں، ان شاء اللہ وہ کرم فرمائے گا اور ضرور کرم فرمائے گا۔

ہوسکتا ہے ہماری دستک سے پہلے ہی ادھر سے دستگیری ہو جائے۔

ہوسکتا ہے ہمارے آنسو بہانے سے پہلے ہی ہمیں مغفرت وبخشش کی خلعت زیبا سے سرفراز فرما دیا جائے۔

ہوسکتا ہے ہماری زبان سے دعائیہ کلمات نکلنے سے پہلے ہی ہمارے بختوں کو اوج ثریا پر پہنچا دیا جائے اور کریم اللہ فرما دے:

اے میرے فرشتو! گواہ ہو جاؤ آج میں نے ان کی زندگی کی جملہ تقصیرات کو معاف کر کے انہیں سزاوار جنت ٹھہرا دیا ہے اور اپنی عنایات کریمانہ سے انہیں مالا مال کر دیا ہے۔

-☆-

شیطان کی گرفت سے
آزادی دلانے والی

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

یَعْقِدُ الشَّیْطَانُ عَلٰی قَافِیَةِ رَأْسِ اَحَدِکُمْ اِذَا هُوَ نَامَ ثَلاَثَ عُقَدٍ یَضْرِبُ عَلٰی کُلِّ عُقْدَةٍ: عَلَیْکَ لَیْلٌ طَوِیْلٌ فَارْقُدْ فَاِنِ اسْتَیْقَظَ فَذَکَرَ اللّٰهَ اِنْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ تَوَضَّاَ اِنْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ صَلّٰی اِنْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاَصْبَحَ نَشِیْطًا طَیِّبَ النَّفْسِ وَاِلَّا اَصْبَحَ خَبِیْثَ النَّفْسِ کَسْلَانَ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۱۴۲)	جلد۱	صفحہ۳۴۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۶۹)	جلد۲	صفحہ۱۰۰۸
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۲۹)	جلد۲	صفحہ۱۴۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۷۶)	جلد۱	صفحہ۵۳۸
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۳۰۶)	جلد۱	صفحہ۳۵۷
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی شخص سوجاتا ہے تو شیطان اس کے سر کے پچھلے حصے پر تین گرہیں لگاتا ہے اور ہر گرہ کو ان لفظوں سے بند کرتا ہے۔ تیرے سامنے بہت لمبی رات ہے سوجا۔

اگر وہ بیدار ہو پھر وہ اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے اس کے بعد اگر وضو کرے تو ایک اور گرہ کھل جاتی ہے اور پھر اگر وہ نماز پڑھے تو اس کی ایک اور گرہ، آخری گرہ کھل جاتی ہے اور وہ صبح کو ہوشیار اور پاکیزہ نفس ہوتا ہے۔ ورنہ وہ صبح کو خبیث النفس اور سست ہوتا ہے۔

-☆-

صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۰۶)	جلد ۱	صفحہ ۵۲۳
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۴۳۳)	جلد ۷	صفحہ ۴۳۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۳۰۶)	جلد ۷	صفحہ ۱۳۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۸۱۰۷)	جلد ۲	صفحہ ۱۳۲۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۱۷۹)	جلد ۵	صفحہ ۴۹
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۸۹۳)	جلد ۱	صفحہ ۴۷۵
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۴۳)	جلد ۱	صفحہ ۴۹۹
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۱۳)	جلد ۱	صفحہ ۳۹۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۲۷)	جلد ۱	صفحہ ۴۰۹
قال الالبانی	صحیح		

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۱۷۶)	جلد۲	صفحہ۴۳
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۵۳)	جلد۶	صفحہ۲۹۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۴۴)	جلد۴	صفحہ۴۲۸
قال الالبانی	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۴۹)	جلد۲	صفحہ۳۶۵
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۴۹)	جلد۲	صفحہ۴۶۵
قال الدکتور بشار عواد معروف	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۴۹)	جلد۲	صفحہ۲۹۵
قال زبیر علی زئی	صحیح انگلش		

ہر دعا قبول

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ يَقُوْلُ:

لاَ اَقُوْلُ الْيَوْمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – مَا لَمْ يَقُلْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَقُوْلُ :

مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّداً فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنْ جَهَنَّمَ ، وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَقُوْلُ:

رَجُلٌ مِنْ اُمَّتِيْ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ يُعَالِجُ نَفْسَهٗ اِلَى الطُّهُوْرِ وَعَلَيْكُم عُقَدٌ ، فَإِذَا وَضَّأَ يَدَيْهِ اِنحَلَّتْ عُقْدَةٌ ، فَإِذَا وَضَّأَ وَجْهَهٗ اِنْحَلَتْ عُقْدَةٌ ، وَاِذَا مَسَحَ رَأْسَهٗ اِنْحَلَّتْ عُقْدَةٌ وَاِذَا وَضَّا رِجلَيْهِ اِنْحَلَّتْ عُقْدَةٌ ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلا لِلَّذِى وَرَاءَ الْحِجَابِ

اُنْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ هٰذَا يُعَالِجُ نَفْسَهٗ يَسْأَلُنِي ، مَا سَأَلَنِيْ عَبْدِيْ هٰذَا فَهُوَ لَهٗ مَاسَأَلَنِيْ عَبْدِيْ هٰذَا فَهُوَ لَهٗ .

ترجمة الحديث،

حضرت عقبہ بن عامر- رضی اللہ عنہ - نے فرمایا:

میں اپنی زندگی کے دنوں میں حضور رسول اللہ - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - کے بارے میں وہ بات نہیں کہہ سکتا جو آپ نے ارشاد نہ فرمائی ہو۔ کیونکہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمارہے تھے۔

جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانا جہنم بنالے۔ میں نے سنا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمارہے تھے:

میری امت کا کوئی بھی فرد رات اٹھ کر اپنے نفس کو وضو کی طرف لے جاتا ہے اسے وضو کی عادت ڈالتا ہے۔

تم پر گرہیں ہوتی ہیں:

جب وہ اپنے ہاتھ دھوتا ہے ایک گرہ کھل جاتی ہے۔

جب وہ اپنا چہرہ دھوتا ہے ایک گرہ کھل جاتی ہے۔

جب وہ سر کا مسح کرتا ہے ایک گرہ کھل جاتی ہے۔

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۲۶)	جلد ۱	صفحہ ۴۹۰
قال المحقق	صحیح		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۸۰)	جلد ۲	صفحہ ۴۳۶
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۸۷)	جلد ۲	صفحہ ۴۳۸
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۲۲۸)	جلد ۱	صفحہ ۳۶۷
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۱۳۴۳)	جلد ۱	صفحہ ۵۲۳
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۰۵۲)	جلد ۳	صفحہ ۳۲۹
قال شعیب الارنووط	اسنادہ صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۲۳)	جلد ۱۷	صفحہ ۳۰۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۳۸۸)	جلد ۱۳	صفحہ ۳۷۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ حسن		

اور جب وہ اپنے پاؤں دھوتا ہے ایک گرہ کھل جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ وراء الحجاب میں فرشتوں سے فرماتا ہے:

میرے اس بندے کو دیکھو اپنے نفس کو مجھ سے مانگنے کی عادت ڈال رہا ہے۔

میرے بندے نے جو کچھ مانگا وہ اس کا ہے

میرے بندے نے جو کچھ مانگا وہ اس کا ہے

-☆-

اللہ تعالیٰ کا رحم و کرم فرمانا

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلّٰى وَاَيْقَظَ امْرَأَتَهٗ فَصَلَّتْ فَاِنْ اَبَتْ نَضَحَ فِيْ وَجْهِهَا الْمَاءَ ، رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأَةً قَامَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّتْ وَاَيْقَظَتْ زَوْجَهَا ، فَاِنْ اَبٰى نَضَحَتْ فِيْ وَجْهِهِ الْمَاءَ.

صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۱۳۰۸)	جلد۱	صفحہ۳۵۸
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۰۹)	جلد۱	صفحہ۵۲۳
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۱۱۸۱)	جلد۵	صفحہ۵۱
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۱۴۵۰)	جلد۱	صفحہ۳۹۹
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۳۶)	جلد۲	صفحہ۱۳۵
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالی اس شخص پر رحمت فرمائے جو رات کو بیدار ہو کر نماز پڑھتا ہے اور اپنی اہلیہ کو بیدار کرتا ہے تا کہ وہ نماز تہجد ادا کرے۔ اگر وہ انکار کرے تو اس کے چہرے پر پانی کے چھینٹے ڈالتا ہے۔

اس طرح اللہ اس عورت پر رحمت فرمائے جو رات کو بیدار ہو کر خود نماز پڑھے اور اپنے خاوند کو بیدار کرے، اگر وہ انکار کرے تو اسکے چہرے پر پانی کے چھینٹے ڈالے۔

-☆-

السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۳۰۲)	جلد ۲	صفحہ ۱۱۵
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۰۹)	جلد ۱	صفحہ ۳۸۲
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵٦۷)	جلد ٦	صفحہ ۳۰٦
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۱٦۴)	جلد ۲	صفحہ ۴۴۹
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٦۲۵)	جلد ۱	صفحہ ۳۹۹
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۴۹۴)	جلد ۱	صفحہ ٦۵۷
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۴۰۴)	جلد ۷	صفحہ ۲۱۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۳٦۳)	جلد ۷	صفحہ ۱۸۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۵۹۳)	جلد ۹	صفحہ ۲٦۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۵۸)	جلد ۴	صفحہ ۲۵٦
قال الالبانی	حسن صحیح		

اللہ تعالیٰ کا راضی ہونا

عَنْ اَبِیْ الدَّرْدَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
ثَلاثَۃٌ یُحِبُّھُمُ اللّٰہُ وَیَضْحَکُ اِلَیْھِمْ وَیَسْتَبْشِرُھُمُ الَّذِیْ انْکَشَفَتْ فِئَۃٌ قَاتَلَ وَرَائَھَا بِنَفْسِہٖ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ، فَاِمَّا اَنْ یُقْتَلَ، وَاِمَّا اَنْ یَنْصُرُہُ اللّٰہُ وَیَکْفِیْہِ، فَیَقُوْلُ:
اُنْظُرُوا اِلٰی عَبْدِیْ ھٰذَا کَیْفَ صَبَرَ لِیْ بِنَفْسِہٖ وَالَّذِیْ لَہٗ امْرَأَۃٌ حَسَنَۃٌ وَفِرَاشٌ لَیِّنٌ حَسَنٌ فَیَقُوْمُ مِنَ اللَّیْلِ فَیَقُوْلُ: یَذَرُ شَھْوَتَہٗ وَیَذْکُرُنِیْ، وَلَوْ شَاءَ رَقَدَ، وَالَّذِیْ اِذَا کَانَ فِیْ سَفَرٍ وَکَانَ مَعَہٗ رَکْبٌ فَسَھِرُوْا ثُمَّ ھَجَعُوْا فَقَامَ مِنَ السَّحَرِ فِیْ ضَرَّاءِ وَسَرَّاءِ۔

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۳۶)	جلد۲	صفحہ۴۳۶
المستدرک للحاکم مختصرا	رقم الحدیث (۶۸)	جلد۱	صفحہ۴۲
الدر المنثور		جلد۲	صفحہ۱۰۰
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۴۳)	جلد۱	صفحہ۴۸۹
قال المحقق	حسن		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۰۶۳)	جلد۲	صفحہ۳۰۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۲۹)	جلد۱	صفحہ۴۰۱

ترجمة الحديث،

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تین آدمیوں سے اللہ تعالی محبت کرتا ہے،انہیں دیکھ کر مسکراتا ہے اور دوسروں کو ان کی بشارت سناتا ہے۔ایک وہ شخص جو دشمن کا لشکر معلوم ہونے پر میدان جنگ میں آجاتا ہے اور اللہ کے لئے اپنی جان کے ساتھ جہاد کرتا ہے،وہ یا تو شہید ہوجاتا ہے یا اللہ تعالی اس کی مدد فرماتا ہے اور وہ اسے کافی ہوجاتا ہے۔اور اللہ تعالی فرماتا ہے:

میرے اس بندے کو دیکھو،اس نے کیسے اپنی جان کے ساتھ میرے لئے صبر کیا۔

دوسرا وہ شخص جس کی خوبصورت بیوی ہے اور خوبصورت،نرم بستر ہے لیکن وہ رات کو قیام کرتا ہے۔اللہ تعالی فرماتا ہے:

وہ اپنی شھوت کو ترک کرتا ہے اور میرا ذکر کرتا ہے اگر وہ چاہتا تو سو سکتا تھا۔

تیسرا وہ آدمی جو کسی سفر میں ہو اور اس کے ساتھ قافلہ ہو قافلہ والے بیدار رہیں پھر نیند کے غلبہ سے وہ بھی سو جائیں۔وہ سحری کو اٹھے-تنگی ہو یا آسانی -وہ صلاۃ تہجد ادا کرے۔

-☆-

اللہ تعالیٰ کا
خوش ہونا

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

عَجِبَ رَبُّنَا مِنْ رَجُلَیْنِ رَجُلٌ ثَارَ عَنْ وَطَائِہٖ وَلِحَافِہٖ مِنْ بَیْنِ اَھْلِہٖ وَحِبِّہٖ اِلٰی صَلَاتِہٖ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ جَلَّ وَعَلَا:

اُنْظُرُوْا اِلٰی عَبْدِیْ ثَارَ عَنْ فِرَاشِہٖ وَوَطَائِہٖ مِنْ بَیْنِ حِبِّہٖ وَاَھْلِہٖ اِلٰی صَلَاتِہٖ رَغْبَۃً فِیْمَا عِنْدِیْ وَشَفَقَۃً مِمَّا عِنْدِیْ ، وَرَجُلٌ غَزَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَانْھَزَمَ اَصْحَابُہٗ فَعَلِمَ مَا عَلَیْہِ فِی الْاِنْھِزَامِ وَمَالَہٗ فِی الرُّجُوْعِ فَرَجَعَ حَتّٰی یُھْرِیْقَ دَمَہٗ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ:

اُنْظُرُوْا اِلٰی عَبْدِیْ رَجَعَ رَجَاءً فِیْمَا عِنْدِیْ وَشَفَقَۃً مِمَّا عِنْدِیْ حَتّٰی یُھْرِیْقَ دَمَہٗ.

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۳۵)	جلد۱	صفحہ۳۸۹
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۳۰)	جلد۱	صفحہ۴۰۲
قال الالبانی	حذا حدیث حسن		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۲۰۷)	جلد۲	صفحہ۵۲

ترجمۃ الحدیث:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ہمارا رب دو آدمیوں پر بڑا خوش ہے۔ایک وہ شخص جو اپنے بستر اپنے لحاف سے اپنی بیوی اور محبوب کے پہلو سے اٹھ کھڑا ہوا صلاۃ ادا کرنے لگا تو اللہ جل وعلا فرماتا ہے:

میرے بندے کو دیکھو اپنے بستر اور بچھونے سے اپنے محبوب اور بیوی سے اٹھ کر اپنی نماز ادا کرتا ہے میرے انعامات کی رغبت کرتے ہوئے اور میرے عذاب سے ڈرتے ہوئے۔

دوسرا وہ شخص جس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور اس کے ساتھی شکست کھا گئے اسے معلوم ہے کہ شکست کھانے میں اس پر کیا وبال ہے اور واپس پلٹ کر اپنی جان قربان کرنے میں اس کے لئے کتنا اجر وثواب ہے پس وہ میدان جہاد میں لوٹ آیا یہاں تک کہ اس نے اپنا خون بہا دیا۔

اللہ فرماتا ہے دیکھو اس بندے کو یہ لوٹ آیا ہے جو میرے پاس اجر وثواب ہے اس کی امید کرتے ہوئے اور میرے عذاب سے ڈرتے ہوئے یہاںتک کہ اس نے خون بہا دیا ہے۔

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۹۴۹)	جلد ۲	صفحہ ۹۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۹۸۱)	جلد ۲	صفحہ ۷۳۷
قال الالبانی	ھذا حدیث حسن		
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۲۵۳۶)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۶
قال الالبانی	ھذا حدیث حسن		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۵۷)	جلد ۶	صفحہ ۲۹۷
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۵۸)	جلد ۶	صفحہ ۲۹۸
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۵۳۱)	جلد ۳	صفحہ ۹۵۱
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۰۳۸۳)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۷۹
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۵۳۸)	جلد ۲	صفحہ ۴۳۶

اللہ تعالیٰ کا محبت فرمانا

عَنْ أَبِي ذَرٍّ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ –عَنِ النَّبِيِّ –صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهِ وَسَلَّمَ– قَالَ:

ثَلاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ، وَثَلاثَةٌ يَبْغَضُهُمُ اللّٰهُ، فَأَمَّا الَّذِيْنَ يُحِبُّهُمْ :فَرَجُلٌ أَتَى قَوْمًا فَسَأَلَهُمْ بِاللّٰهِ وَلَمْ يَسْأَلْهُمْ بِقَرَابَةٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ، فَمَنَعُوْهُ فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِأَعْقَابِهِمْ فَأَعْطَاهُ سِرًّا لا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهِ إِلَّا اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَالَّذِىْ أَعْطَاهُ،

قَوْمٌ سَارُوْا لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى إِذَا كَانَ النَّوْمُ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِمَّا يُعْدَلُ بِهِ فَوَضَعُوْا رُؤُوسَهُمْ فَقَامَ أَحَدُهُمْ يَتَمَلَّقُنِيْ وَيَتْلُوا آيَاتِيْ.

وَرَجُلٌ فِي سَرِيَّةٍ فَلَقِيَ العَدُوَّ فَهُزِمُوا فَأَقْبَلَ بِصَدْرِهِ حَتّٰى يُقْتَلَ أَوْ يُفْتَحَ لَهُ.

وَالثَّلاثَةُ الَّذِيْنَ يَبْغَضُهُمُ اللّٰهُ:

الشَّيْخُ الزَّانِى،

وَالْفَقِيْرُ الْمُخْتَالُ،

وَالْغَنِيُّ الظَّلُوْمُ.

ترجمة الحدیث،

حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تین آدمیوں سے اللہ تعالیٰ محبت فرماتا ہے اور تین آدمیوں سے ناراض ہوتا ہے۔جن سے محبت فرماتا ہے۔

ان میں سے ایک تو وہ آدمی کسی مجمع سے کچھ سوال کرنے آیا جو محض اللہ تعالیٰ کے واسطے سے سوال کرتا ہے۔ان سے کسی باہمی رشتہ داری کی بنا پر سوال نہیں کرتا ہے تو ان لوگوں نے اسے دینے سے انکار کر دیا۔

تو ایک آدمی سب سے نظریں بچا کر پیچھے ہٹا اور چپکے سے اسے کچھ دے دیا جس کے عطیے کی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو بھی خبر نہ ہوئی ،یا وہ جانتا ہے جسے دیا ہے۔

دوسرا وہ آدمی!

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢١٣٥٢)	جلد١٥	صفحہ٥٠١
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢١٣٣٧)	جلد١٥	صفحہ٤٩٧
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢١٣٤٢)	جلد١٦	صفحہ١٢
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٣٣٤٩)	جلد٨	صفحہ١٣٧
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٣٣٥٠)	جلد٨	صفحہ١٣٨
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٣٧٧١)	جلد١١	صفحہ٩١
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (٢٤٤٦)	جلد٣	صفحہ٩٤١
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (٢٥٣٢)	جلد٣	صفحہ٩٥١

ایک قوم رات بھر سفر کرتی رہی جب نیند انہیں سفر سے زیادہ محبوب ہوئی تو وہ سو گئے تو ان میں سے ایک آدمی جو میری بارگاہ میں نماز پڑھتے ہوئے عاجزی کرنے لگا اور میری آیات کی تلاوت کرنے لگا۔

تیسرا وہ آدمی ہے کہ ایک جماعت کے ساتھ ہو جو جہاد کر رہی ہو اور کفار سے مقابلے میں شکست کھانے لگیں۔ اس وقت یہ آدمی ان میں سے سینہ تان کر مقابلہ میں ڈٹ جائے حتی کہ شہید ہو جائے یا اس کے سبب فتح ہو جائے۔

اور تین آدمی جن سے اللہ تعالیٰ ناراض ہے۔

بوڑھا بدکار

تکبر کرنے والا فقیر

ظالم مالدار

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۰۷۴)	جلد۱	صفحہ۵۸۹
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۸۶۴)	جلد۲	صفحہ۴۹۸
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۷۱۰)	جلد۲	صفحہ۵۹۴
قال المحقق	حسن		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۸۸۱)	جلد۳	صفحہ۳۶۴
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۵۷۴)	جلد۳	صفحہ۲۲۴
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۳۰۸)	جلد۱	صفحہ۶۸۰
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۶۳۷)	جلد۲	صفحہ۱۵۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۳۱۶، ۱۳۱۷)	جلد۲	صفحہ۱۴۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۲۳۶۲)	جلد۳	صفحہ۲۲
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۰۹۸، ۷۰۹۹)	جلد۶	صفحہ۴۰۳
الدر المنثور		جلد۱	صفحہ۳۵۴

صلاۃ مشہودہ اور

اللہ تعالیٰ کی طرف سے مغفرت

قَالَ عَمْرٌو – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – :

قُلْتُ : یَارَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّم – أَیُّ اللَّیْلِ أَسْمَعُ ؟ قَالَ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّم – :

جَوْفُ اللَّیْلِ الْآخِرُ،فَصَلِّ مَا شِئْتَ ، فَإِنَّ الصَّلَاۃَ مَشْہُوْدَۃٌ مَکْتُوْبَۃٌ مَحْضُوْرَۃٌ یَدْنُو تَعَالَی مِنَ السَّمَاءِ الدُّنْیَا فَیَغْفِرُ إِلَّا مَا کَانَ مِنَ الشِّرْکِ وَالْبَغْیِ.

کنز العمال	رقم الحدیث (۳۳۰۶)	جلد ۱	صفحہ ۱۵۲
تحفۃ الاشراف	رقم الحدیث (۱۰۷۵۸)	جلد ۸	صفحہ ۱۶۱
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۳)	جلد ۱	صفحہ ۷۸
المعجم الاوسط	رقم الحدیث (۲۹۶۴)	جلد ۵	صفحہ ۱۷۲
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۵۳۳)	جلد ۲	صفحہ ۴۹۰
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۲۷۷)	جلد ۱	صفحہ ۳۵۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عمر-رضی اللہ عنہ-فرماتے ہیں:

میں نے عرض کی یا رسول اللہ!

رات کی کون سی گھڑی زیادہ سنی جاتی ہے؟

حضور-صلی اللہ علیہ وسلم-نے ارشاد فرمایا۔

رات کا آخری حصہ اس حصہ میں جتنی چاہو صلاۃ ادا کرلو کیونکہ یہ صلاۃ مشہودہ، مکتوبہ اور محضورہ ہے۔اللہ تعالیٰ آسمان دنیا سے قریب ہوتا ہے۔

بخشش فرماتا ہے ہر ایک کی جو اس گھڑی حاضر ہو سوائے مشرک اور باغی کے۔

-☆-

دخول جنت کا ذریعہ

عَنْ عَلِيٍّ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

اِنَّ فِيْ الْجَنَّةِ لَغُرَفًا يُرٰى ظُهُوْرُهَا مِنْ بُطُوْنِهَا وَبُطُوْنُهَا مِنْ ظُهُوْرِهَا ، فَقَامَ اِلَيْهِ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ : لِمَنْ هِيَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – ؟ قَالَ : هِيَ لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ وَاَدَامَ الصِّيَامَ وَصَلّٰى لِلّٰهِ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ.

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۱۲۳)	جلد ۱	صفحہ ۴۲۶
قال الالبانی	حد الحدیث حسن		
تاریخ بغداد	رقم الحدیث (۴۳۱۷)	جلد ۸	صفحہ ۲۰۳
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۵۱۲۴)	جلد ۳	صفحہ ۳۳۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۸۰۳)	جلد ۱۶	صفحہ ۴۶۳
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۴۶۶)	جلد ۳	صفحہ ۳۰۱
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۰۹)	جلد ۲	صفحہ ۲۶۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی	عن ابی مالک الاشعری	

ترجمة الحديث،

حضرت علی-رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

بیشک جنت میں کچھ کمرے محلات ایسے ہیں کہ انکا باہر ان کے اندر سے دیکھا جا سکتا ہے اور ان کا اندر ان کے باہر سے دیکھا جا سکتا ہے ایک اعرابی نے عرض کی:

یا نبی اللہ یہ محل کس کے لئے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو اچھی بات کرے، کھانا کھلائے، مسلسل روزے رکھے، اللہ کیلئے رات کو نماز پڑھے جبکہ لوگ سوئے ہوئے ہوں۔

-☆-

المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۳۳۶۷)	جلد ۳	صفحہ ۳۰۱
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۷۰)	جلد ۱	صفحہ ۱۱۷
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۲۰۰)	جلد ۲	صفحہ ۴۶۴
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح		
کنز العمال	رقم الحدیث (۴۳۳۳۹)	جلد ۱۵	صفحہ ۸۶۷
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۸۹۷)	جلد ۱	صفحہ ۴۷۷
قال المحقق	صحیح عن عبد اللہ بن عمرو		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۸۹۸)	جلد ۱	صفحہ ۴۷۷
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۳۷۹)	جلد ۱	صفحہ ۷۱۲
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۳۸۰)	جلد ۱	صفحہ ۷۱۲
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۵۴۶۳)	جلد ۴	صفحہ ۴۱۲
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۵۴۷۶)	جلد ۴	صفحہ ۴۱۹
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۳۷)	جلد۲	صفحہ۱۵۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۰۹)	جلد۲	صفحہ۱۷
قال الالبانی	حسن عن ابی مالک الاشعری		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۱۷)	جلد۱	صفحہ۳۹۷
قال الالبانی	حسن صحیح عن عبد اللہ بن عمرو		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۱۸)	جلد۱	صفحہ۳۹۷
قال الالبانی	صحیح لغیرہ عن ابی مالک الاشعری		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۴۶)	جلد۱	صفحہ۵۶۰
قال الالبانی	صحیح عن عبد اللہ بن عمرو		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۴۷)	جلد۱	صفحہ۵۶۱
قال الالبانی	صحیح لغیرہ عن ابی مالک الاشعری		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۶۹۳)	جلد۳	صفحہ۲۲
قال الالبانی	حسن صحیح عن عبد اللہ بن عمرو		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۷۰۸)	جلد۳	صفحہ۵۰۰
قال الالبانی	حسن صحیح عن ابی مالک الاشعری		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۷۱۷)	جلد۳	صفحہ۵۰۴
قال الالبانی	حسن صحیح عن عبد اللہ بن عمرو		

جنت میں سلامتی سے دخول

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :

قُلْتُ : یَارَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلہٖ وَسَلَّمَ – ! اِنِّی اِذَا رَأَیْتُکَ طَابَتْ نَفْسِی وَقَرَّتْ عَیْنِی اَنْبِئْنِی عَنْ کُلِّ شَیْئٍ قَالَ :

کُلُّ شَیْئٍ خُلِقَ مِنَ الْمَاءِ ، فَقُلْتُ : اَخْبِرْنِیْ بِشَیْئٍ اِذَا عَمِلْتُهٗ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ ، قَالَ :

اَطْعِمِ الطَّعَامَ ، وَاَفْشِ السَّلَامَ ، وَصِلِ الْاَرْحَامَ ، وَصَلِّ بِالَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ۔

المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۷۱۷۳)	جلد۷	صفحہ۳۵۶۰
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۰۱۹)	جلد۱	صفحہ۲۳۳
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۰۸)	جلد۲	صفحہ۲۶۱
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۲۷۸)	جلد۸	صفحہ۲۶۹
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! جب میں آپ کو دیکھتا ہوں تو میرا دل خوش ہو جاتا ہے اور میری آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتی ہیں آپ مجھے ہر چیز کے متعلق بتائیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ہر چیز پانی سے پیدا کی گئی ہے۔میں نے عرض کی:

تو آپ مجھے ایسا کام بتائیں جسے کرنے سے میں جنت میں داخل ہو جاؤں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کھانا کھلایئے ،السلام علیکم کی خوب اشاعت کیجئے، صلہ رحمی کیجئے اور جب لوگ رات کو سو رہے ہوں تو نماز تہجد ادا کیجئے، تم سلامتی سے جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۳۲۹)	جلد۹	صفحہ۲۶۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۸۹۹)	جلد۱	صفحہ۴۷۸
قال المحقق	صحیح		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۵۶۹)	جلد۲	صفحہ۱۰۹
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۵۰۳)	جلد۲	صفحہ۳۸۳
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۵۹)	جلد۶	صفحہ۲۹۹
قال شعیب الارنؤوط	رجالہ ثقات رجال الشیخین		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۹۱۹)	جلد۸	صفحہ۵۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

أَوَّلُ مَا قَدِمَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلِهٖ وَسَلَّمَ – اَلْمَدِیْنَةَ ، اِنْجَفَلَ النَّاسُ اِلَیْهِ ، فَكُنْتُ فِیْمَنْ جَاءَهُ ، فَلَمَّا تَاَمَّلْتُ وَجْهَهُ وَاسْتَبَنْتُهُ ، عَرَفْتُ اَنَّ وَجْهَهُ لَیْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ ، فَكَانَ اَوَّلُ مَا سَمِعْتُ مِنْ كَلَامِهٖ اَنْ قَالَ:

اَیُّهَا النَّاسُ ، اَفْشُوا السَّلَامَ وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَصَلُّوا بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ ، تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ.

سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۴۸۵)	جلد۴	صفحہ۶۵۲
قال الترمذی	صحیح		
سنن ابن ماجہ (۱)	رقم الحدیث (۱۳۳۴)	جلد۲	صفحہ۱۴۴
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
سنن ابن ماجہ (۲)	رقم الحدیث (۱۳۳۴)	جلد۲	صفحہ۴۶۸
قال بشار عواد معروف	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۱۰۵)	جلد۱	صفحہ۳۹۷
قال الالبانی	صحیح		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۷۷۶)	جلد۳	صفحہ۲۳۹
قال الالبانی	ھذا الحدیث صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۷۳۹۵)	جلد۷	صفحہ۶۸۶
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۵۶۹)	جلد۲	صفحہ۱۰۹
شرح السنۃ للبغوی	رقم الحدیث (۹۲۶)	جلد۴	صفحہ۴۰
المسند الجامع	رقم الحدیث (۵۸۹۱)	جلد۸	صفحہ۳۳۳
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۳۶۷۴)	جلد۱۷	صفحہ۱۲۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
سنن الدارمی	رقم الحدیث (۱۴۶۰)	جلد۱	صفحہ۴۰۵
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۷۳۵۶)	جلد۵	صفحہ۱۷۹
قال الحاکم	ھذا الحدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۸۳۸)	جلد۲	صفحہ۲۹۲

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ جلدی جلدی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ان حاضر ہونے والوں میں میں بھی تھا۔

جب میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ انور کو غور سے دیکھا تو میں نے جانا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ انور کسی کذاب کا چہرہ نہیں۔ سب سے پہلا ارشاد مبارک میں نے سنا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

اے لوگو السلام علیکم کی خوب اشاعت کرو، کھانا کھلاؤ صلہ رحمی کرو، رات کو صلاۃ ادا کیا کرو جب لوگ سوئے ہوئے ہوں۔ تو جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ گے۔

-☆-

صحیح ابن حبان　رقم الحدیث (۵۰۸)　جلد ۲　صفحہ ۲۶۱
قال شعیب الارنؤوط　اسنادہ صحیح

جنت الخلد کا وارث

عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ وَتَمِيمٍ الدَّارِيِّ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

مَنْ قَرَأَ عَشْرَ آيَاتٍ فِي لَيْلَةٍ كُتِبَ لَهُ قِنْطَارٌ وَالْقِنْطَارُ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ رَبُّكَ عَزَّوَجَلَّ لَهُ:

اِقْرَأْ وَارْقَ لِكُلِّ آيَةٍ دَرَجَةٌ حَتّٰى يَنْتَهِيَ اِلٰى آخِرِ آيَةٍ مَعَهُ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لِلْعَبْدِ: اقْبِضْ فَيَقُوْلُ الْعَبْدُ بِيَدِهِ: يَارَبِّ اَنْتَ اَعْلَمُ فَيَقُوْلُ:

بِهٰذِهِ الْخُلْدُ وَبِهٰذِهِ النَّعِيْمُ.

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۹۳۳)	جلد ۱	صفحہ ۴۹۴
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۳۸)	جلد ۱	صفحہ ۴۰۶
قال الالبانی	ھذا حدیث حسن		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۲۵۳)	جلد ۲	صفحہ ۵۱
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۳۶۱۱)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۳
کنزالعمال	رقم الحدیث (۲۱۳۵۸)	جلد ۱	صفحہ ۷۸۸

ترجمۃ الحدیث،

سیدنا فضالہ بن عبید اور سیدنا تمیم داری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا:

جو آدمی رات کو دس آیات تلاوت کرتا ہے اسے ایک قنطار ثواب ملتا ہے اور قنطار دنیا اور جو کچھ دنیا کے اوپر ہے، بہتر ہے۔

جب قیامت کا دن ہوگا تو آپ کا رب عزوجل اسے ارشادفرمائے گا پڑھتے جاؤ اور چڑھتے جاؤ ہر آیت کا ایک درجہ ہے یہاتنک کہ وہ پہنچ جائے گا اس آخری آیت تک جو اس کے پاس ہوگی اللہ تعالٰی فرمائے گا:

قبضہ جمالے، بندہ ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے عرض کرے گا:

اے میرے رب تو بہتر جانتا ہے۔ اللہ تعالٰی فرمائے گا:

اس ہاتھ سے جنتِ خلد اور اس ہاتھ سے جنتِ نعیم پر قبضہ جمالے۔

-☆-

انسانی سوچ سے وراء انعامات

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

مَكْتُوْبٌ فِی التَّوْرَاةِ لَقَدْ اَعَدَّ اللّٰهُ لِلَّذِیْنَ تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ مَا لَمْ تَرَ عَیْنٌ ، وَلَمْ تَسْمَعْ اُذُنٌ وَلَمْ یَخْطُرْ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ ، وَلَا یَعْلَمُهٗ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ ، وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ ، قَالَ وَنَحْنُ نَقْرَؤُهَا:

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا اُخْفِیَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:

تورات میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیار فرمائی ہیں ان لوگوں کے لئے جن کے پہلو بستروں

المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۳۵۵۰)	جلد۲	صفحہ۱۳۳۳
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۱۳۶۷)	جلد۷	صفحہ۱۱۷
الدر المنثور		جلد۵	صفحہ۱۷۶

سے جدا رہتے ہیں وہ نعمتیں جو نہ دیکھیں کسی آنکھ نے نہ سنی کان نے اور نہ انکا خیال گزرا کسی بشر کے دل پر نہ ہی انہیں کوئی مقرب فرشتہ جانتا ہے اور نہ ہی کوئی نبی مرسل۔

سیدنا عبداللہ ابن مسعود فرماتے ہیں کہ ہم بھی قرآن حکیم میں اس کے ہم معنی آیت تلاوت کرتے ہیں پس کوئی جان نہیں جانتی کہ اس کے واسطے آنکھوں کی ٹھنڈک کتنی چھپائی گئی ہے۔وہ بدلہ -جزا- ہے اس عمل کی جو وہ کرتے تھے۔

-☆-

تہجد کی ادائیگی کی نیت کرنے والے کو
تہجد کا ثواب

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ ، اَوْ اَبِیْ الدَّرْدَاءِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا – شَکَّ شُعْبَۃُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – :

مَا مِنْ عَبْدٍ یُحَدِّثُ نَفْسَہُ بِقِیَامِ سَاعَۃٍ مِنَ اللَّیْلِ فَیَنَامُ عَنْھَا اِلَّا کَانَ نَوْمُہُ صَدَقَۃً تَصَدَّقَ اللّٰہُ بِھَا عَلَیْہِ ، وَکَتَبَ لَہُ اَجْرَ مَا نَوٰی.

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٢٥٨٨)	جلد٦	صفحہ٣٢٣
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (١٧٨٦)	جلد١	صفحہ٥٦٧
قال الالبانی	حذا حدیث صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (١٧٨٧)	جلد١	صفحہ٥٦٨
قال الالبانی	حذا حدیث صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٨٧٣)	جلد١	صفحہ٢٦٣
قال المحقق	حذا حدیث صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٣٥)	جلد١	صفحہ٢٩
قال المحقق	حذا حدیث صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابوذر یا حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی رات کی کسی گھڑی کے قیام کا ارادہ کرتا ہے پھر اس پر نیند غالب آجاتی ہے تو اس کا سونا صدقہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس پر صدقہ فرمایا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ لکھ دیتا ہے اس کے نامہ اعمال میں اس نماز تہجد کا ثواب جس کا اس نے ارادہ کیا تھا۔

-☆-

سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۴۴)	جلد۲	صفحہ ۱۵۰
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۶۰۲)	جلد۱	صفحہ ۳۸۷
قال الالبانی	حذا الحدیث حسن صحیح		

حضرت عبداللہ بن مسعود-رضی اللہ عنہ- کی راتیں

كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِذَا هَدَأَتِ الْعُيُوْنُ قَامَ فَيُسْمَعُ لَهُ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ حَتَّى يُصْبِحَ.

ترجمة:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا معمول تھا کہ جب لوگ سو جاتے تو وہ قیام شروع کر دیتے اور صبح ہونے تک ان کی آواز سنی جاتی شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ جیسی۔

-☆-

رات بھر جاگ کر عبادت کرنے والے کیلئے
عزت وشرف

وَرَأٰى بَعْضُهُمْ رَبَّ الْعِزَّةِ جَلَّ جَلَالُهُ فِي الْمَنَامِ قَالَ:
فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ : وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ لَأُكْرِمَنَّ مَثْوٰى سُلَيْمَانَ التَّيْمِيْ فَإِنَّهُ صَلّٰى لِيَ الْغَدَاةَ بِوُضُوْءِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً.

ترجمة:

کسی آدمی نے خواب میں رب العزت جل جلالہ کی زیارت کی اس نے بیان کیا میں نے سنا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

مجھے میری عزت اور میرے جلال کی قسم! میں سلیمان تیمی کو باعزت مقام دوں گا، کیونکہ اس نے چالیس سال تک عشاء کے وضو کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی۔

-☆-

حضرت شداد بن اوس-رضی اللہ عنہ-کا اہتمام تہجد

كَانَ شَدَّادُ بْنُ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:
اِذَا دَخَلَ فِرَاشَهُ يَتَقَلّٰى مِثْلَ الْحَبِّ فِي الْمَقْلٰى ، وَكَانَ يَقُوْلُ :
اَللّٰهُمَّ اِنَّ ذِكْرَ النَّارِ قَدْ مَنَعَنِيَ النَّوْمَ ، ثُمَّ يَقُوْمُ اِلَى الصَّلَاةِ.

ترجمۃ:

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ اپنے بستر پر اس طرح کروٹیں لیتے رہتے جیسے دانہ کڑاہی میں متحرک رہتا ہے اور کہتے :

کہ اے اللہ جہنم کی یاد مجھے نیند سے روک رہی ہے اور پھر نماز کے لئے کھڑے ہو جاتے ۔

-☆-

حضرت اویس قرنی -رضی اللہ عنہ- کا تعلق باللہ

قَالَ رَبِيعٌ : اَتَيْتُ اُوَيْسًا ، فَوَجَدْتُهُ جَالِسًا قَدْ صَلَّى الْفَجْرَ ، ثُمَّ جَلَسَ فَقُلْتُ : لَا اَشْغَلُهُ عَنِ التَّسْبِيحِ ، فَمَكَثَ مَكَانَهُ حَتّٰى صَلَّى الظُّهْرَ ، ثُمَّ قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ حَتّٰى صَلَّى الْعَصْرَ ، ثُمَّ جَلَسَ مَوْضِعَهُ حَتّٰى صَلَّى الْمَغْرِبَ ، ثُمَّ ثَبَتَ مَكَانَهُ حَتّٰى صَلَّى الْعِشَاءَ ، ثُمَّ ثَبَتَ مَكَانَهُ حَتّٰى صَلَّى الْفَجْرَ ، ثُمَّ جَلَسَ فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ ، فَقَالَ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَيْنٍ نَوَّامَةٍ ، وَمِنْ بَطْنٍ لَا تَشْبَعُ ، فَقُلْتُ : حَسْبِيْ هٰذَا مِنْهُ ، ثُمَّ رَجَعْتُ.

ترجمة:

حضرت ربیع بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت اویس قرنی کے پاس آیا۔میں نے دیکھا کہ وہ نماز فجر پڑھ کر بیٹھے ہوئے ہیں۔میں نے سوچا کہ انہیں ذکر الٰہی سے ہٹانا نہیں چاہئے۔

وہ نماز ظہر تک اپنی جگہ بیٹھے رہے، پھر کھڑے ہو کر عصر تک نماز پڑھتے رہے، پھر اسی جگہ بیٹھے -ذکر الٰہی- کرتے رہے حتی کہ آپ نے نماز مغرب ادا فرمائی۔پھر نماز عشاء تک اپنی جگہ بیٹھے

رہے۔پھر نماز فجر تک اپنی جگہ بیٹھے رہے۔نماز کے بعد پھر بیٹھ گئے اور نیند غالب آ گئی تو فرمانے لگے:

اے اللہ میں بہت زیادہ سونے والی آنکھ اور سیر نہ ہونے والے پیٹ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔میں نے سوچا کہ ان کی طرف سے مجھے یہی کافی ہے اور میں واپس آ گیا۔

-☆-

حضرت طاؤس -رضی اللہ عنہ- کا
صلاۃ تہجد ادا کرنا

كَانَ طَاوُسٌ يَفْرِشُ فِرَاشَهُ فَيَضْطَجِعُ عَلَيْهِ فَيَتَقَلّٰى كَمَا تَتَقَلّٰى الْحَبَّةُ فِي الْمِقْلٰى ، ثُمَّ يَثِبُ فَيَدْرِجُهُ وَيُصَلِّي إِلَى الصُّبْحِ ، ثُمَّ يَقُوْلُ :

طَرَدَ ذِكْرُ جَهَنَّمَ نَوْمَ الْعَابِدِيْنَ.

ترجمہ:

حضرت طاؤس رضی اللہ عنہ اپنا بستر بچھاتے، پھر اس پر لیٹتے اور ایسے کروٹیں لیتے جیسے دانہ کڑاہی میں الٹ پلٹ ہوتا ہے۔پھر جلدی سے اٹھتے اور بستر لپیٹ دیتے اور صبح تک نماز پڑھتے رہتے۔پھر فرماتے:

جہنم کی یاد نے عابدوں کی نیند اڑا دی ہے۔

-☆-

جہنم اللہ تعالی کے غضب کی جگہ ہے،اللہ تعالی کی ناراضگی کا مقام ہے۔جس پر اللہ تعالی

ناراض ہوگیا (العیاذ باللہ من ذالک)اس کا دونوں جہاں میں کوئی ٹھکانہ نہیں ۔اسے نہ اس دنیا میں چین وقرار ہے اور نہ اسے دارآخرت میں اطمینان وسکون ہوگا۔وہاں دارآخرت میں اسے جہنم بھیج دیا جائے گا جہاں جہنم کے شعلے اس کا استقبال کریں گے۔اس کا عذاب، اس کی وادیاں، اس کی زنجیریں، اس کا کھولتا پانی یہ سب کچھ اس آدمی کے مقدر میں ہوگا۔

اے رحیم وکریم اللہ !اے ساری کائنات کے والی ومختار!اے کل جہاں کے فرمانروائے مطلق!اے وحدہ لاشریک اللہ !ہمیں ،ہمارے والدین کو، ہمارے بہن بھائیوں کو، ہماری اولاد کو، ہمارے احباب کو بلکہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری امت کو اپنی ناراضگی اور غضب سے محفوظ فرما۔

ہمارے اعمال، ہمارے کردار کسی قابل نہیں بلکہ ہم سب تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور سنا ہے جو تیری رحمت کا امیدوار ہے تو اسے اپنی رحمت، اپنے فضل وکرم سے محروم نہیں رکھتا۔

حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ کس درجہ فکر آخرت سے لبریز تھے کہ روزانہ رات بستر پر دراز ہوتے لیکن نیند کہاں ۔اس بستر پر یوں بے قرار ہوتے جیسے دانہ آگ پر بے قرار ہوتا ہے ۔پھر جلدی سے اٹھ کھڑے ہوتے ،بستر لپیٹ دیتے اور اللہ الکریم کی بارگاہ میں کھڑے ہوجاتے ، پھر ساری رات کبھی قیام میں، کبھی رکوع میں، کبھی سجدہ میں بسر کردیتے ۔

یہی وہ سعید روحیں ہیں جو فکر آخرت سے لبریز ہیں ۔انہوں نے اس دار دنیا کی حقیقت کو سمجھ لیا پھر اس کے فریب میں مبتلا نہ ہوئے ۔اللہ الکریم کو یوں یاد کیا کہ اس کی محبت وکرم کو جیت لیا اور اس ناپائیدار زندگی میں ابدی وباقی زندگی کی بہاریں جیت لیں اور سرمدی انعامات کے مستحق ٹھہرے۔

-☆-

حضرت عبدالعزیز بن ابی رواد کا
رات بھر جاگنا

كَانَ عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ اَبِىْ رَوَّادٍ اِذَا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ يَاتِىْ فِرَاشَهٗ فَيَمُرُّ يَدَهٗ عَلَيْهِ وَيَقُوْلُ:

اِنَّکَ لَلَيِّنٌ وَاللّٰهِ لَفِى الْجَنَّةِ اَلْيَنُ مِنْکَ ، فَلَا يَزَالُ يُصَلِّى اللَّيْلَ كُلَّهٗ.

ترجمۃ:

حضرت عبدالعزیز بن ابی رواد۔رضی اللہ عنہ۔ رات کا اندھیرا ہوتے ہی بستر کے پاس آتے،اس پر اپنا ہاتھ پھیر کر فرماتے:

تو بڑا نرم و نازک ہے،لیکن اللہ کی قسم جنت میں تجھ سے کہیں نرم بستر موجود ہیں پھر پوری رات نماز پڑھتے رہتے۔

-☆-

ہر آدمی کو اللہ تعالیٰ نے عقل وخرد سے نوازا ہے اب اس آدمی کی مرضی کہ وہ عقل وخرد سے اپنی

آخرت سنوار لے، دائمی انعامات کا مستحق ٹھہرے، اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کو جیت لے یا عقل کا غلط استعمال کرکے اپنی آخرت برباد کرلے، اسی دنیا کو سب کچھ سمجھ لے، خدائے واحد و یکتا جل جلالہ کو ناراض کر بیٹھے۔

حضرت عبدالعزیز بن ابی رواد کتنے صاحب عقل تھے رات آتی اپنے بستر پر دراز ہونے کیلئے آتے اس نرم بستر پر اپنا ہاتھ پھیرنا شروع کردیتے پھر کہتے:

اے میرے بستر تو یقیناً نرم بستر ہے لیکن جنت کا بستر تو تجھ سے بہت زیادہ نرم ہے میں تجھ پر سوکر غافل ہوکر آخرت کے بستر کر کھونا نہیں چاہتا۔ پھر وہ مصلیٰ پر آجاتے رات بھر اللہ رب العزت کی بندگی کے مزے لیتے۔

وہ کیسا دل کو بھانے والا منظر ہوگا جب ایک اللہ والا اپنا نرم ونازک بستر چھوڑ کر کھردرے مصلے پر آجاتے اور رات بھر وحدہ لاشریک کے حضور پیشانی جھکا کر سبحان ربی الاعلیٰ کا ورد کرتے رہتے۔ اس سہانے وقت فرشتے بھی اس اللہ والے پر اپنے پر پھیلا دیتے ہونگے اور خوشی ومسرت سے اس کیلئے دعائے خیر کرتے ہونگے۔

اے رحیم وکریم اللہ! ہم سے غفلت دور فرما، ہمیں فکر آخرت کی سعادت نصیب فرما رات کے نورانی وقیمتی لمحات ضائع کرنے سے ہمیں بچا، ان رحمت بھرے لمحات کی قدر کرنے کی سعادت عطا فرما اور اپنے حضور سر بندگی جھکا کر سبحان ربی الاعلیٰ کہنے کا کیف عطا فرما۔

-☆-

حضرت صلہ بن اشیم رحمۃ اللہ علیہ کی

بوقت سحر دعا

كَانَ صِلَةُ بْنُ اَشيَم يُصَلِّى اللَّيْلَ كُلَّهُ ، فَاِذَا كَانَ فِي السَّحَرِ كَانَ يَقُوْلُ :
اِلٰهِي لَيْسَ مِثْلِيْ يَطْلُبُ الْجَنَّةَ ، وَلٰكِنْ اَجِرْنِيْ بِرَحْمَتِكَ مِنَ النَّارِ.

ترجمہ:

حضرت صلہ بن اشیم پوری رات نماز پڑھتے رہتے اور جب سحری کا وقت ہوتا تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرتے:

الٰہی مجھ جیسا آدمی تجھ سے جنت کیسے مانگے گا بس تو اپنے رحمت سے مجھے جہنم سے بچالے۔

-☆-

حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ کی
عبادت کرتے ہوئے حالت

وَقَالَتِ امْرَأَةُ مَسْرُوْقٍ:

مَاكَانَ يُوْجَدُ مَسْرُوْقٌ إِلَّا وَسَاقَاهُ مُنْتَفِخَتَانِ مِنْ طُوْلِ الصَّلَاةِ ، وَقَالَتْ :

وَاللّٰهِ إِنْ كُنْتُ لَاَجْلِسُ خَلْفَهُ فَاَبْكِيْ رَحْمَةً لَهُ.

ترجمۃ:

حضرت مسروق کی اہلیہ بیان کرتی ہیں کہ حضرت مسروق کی پنڈلیوں میں لمبی نمازیں ادا کرنے کی وجہ سے سوزش رہتی تھی۔ وہی فرماتی ہیں:

اللہ کی قسم! میں ان کے پیچھے بیٹھی روتی رہتی تھی ان کی حالت پر ترس کھاتے ہوئے۔

-☆-

حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ کی
شب بیداری

وَقَالَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ حَبِيْبٍ:

رَمَقْتُ مَالِكَ بْنَ دِيْنَارٍ فَتَوَضَّأَ بَعْدَ الْعِشَاءِ ثُمَّ قَامَ اِلٰى مُصَلَّاهُ فَقَبَضَ عَلٰى لِحْيَتِهِ فَخَنَقَتْهُ الْعَبْرَةُ ، فَجَعَلَ يَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ حَرِّمْ شَيْبَةَ مَالِكٍ عَلَى النَّارِ ، اِلٰهِي قَدْ عَلِمْتَ سَاكِنَ الْجَنَّةِ مِنْ سَاكِنِ النَّارِ ، فَاَيُّ الرَّجُلَيْنِ مَالِكٌ؟ وَاَيُّ الدَّارَيْنِ دَارُ مَالِكٍ؟ فَلَمْ يَزَلْ ذَالِكَ قَوْلُهُ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ.

ترجمۃ:

حضرت مغیرہ بن حبیب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت مالک بن دینار- رحمۃ اللہ علیہ- کو دیکھا انہوں نے عشاء کے بعد وضو کیا۔ پھر مصلے پر کھڑے ہو کر اپنی ڈاڑھی کو پکڑا اور آنسوؤں کی وجہ سے آواز حلق میں پھنس گئی پھر عرض کرنے لگے:

اے اللہ! مالک کے بڑھاپے کو آگ پر حرام کر دے، اے میرے اللہ! تو جانتا ہے جنت میں سکونت اختیار کرنے والے کون ہیں اور جہنم میں رہنے والے کون ہیں اور مالک ان دونوں آدمیوں -جنتی اور جہنمی- میں سے کون ہے؟ اور ان دونوں گھروں -جنت اور جہنم- میں سے مالک کا گھر کون سا ہے؟ -وہ- امام مالک- ایسے ہی ساری رات کرتے رہے حتی کہ فجر طلوع ہو گئی۔

-☆-

حضرت سری السقطی رحمۃ اللہ علیہ کا
اٹھانوے برس تک رات بھر جاگنا

وَقَالَ الْجُنَیْدُ:

مَا رَأَیْتُ اَعْبَدَ مِنَ السَّرِیِّ اَتَتْ عَلَیْهِ ثَمَانٌ وَتِسْعُوْنَ سَنَةً مَا رُئِیَ مُضْطَجِعًا اِلَّا فِی عِلَّةِ الْمَوْتِ.

ترجمۃ:

حضرت جنید فرماتے ہیں:

میں نے حضرت سَرِی سَقَطِی -رحمۃ اللہ علیہ- سے بڑھ کر عبادت گزار کوئی نہیں دیکھا۔ ان کی عمر اٹھانوے سال ہو چکی تھی، لیکن میں نے انہیں کبھی بھی لیٹے ہوئے نہیں دیکھا سوائے مرض الموت میں۔

-☆-

اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور فضل و کرم سے یہ امت، امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک غنی امت ہے اس امت میں بڑے بڑے باہمت افراد ہوئے ہیں۔ یہ امت اولوالعزم مردان خدا سے

بھری پڑی ہے ۔حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر ومرشد حضرت خواجہ سَرِّی سَقَطِی – رحمۃ اللہ علیہ–کو دیکھئے۔ 98 (اٹھانوے) سال کی طویل عمر پائی ہے لیکن اس عرصہ میں کبھی آپ کو لیٹے ہوئے نہیں دیکھا گیا سوائے مرض الموت کے یعنی ایسی بیماری میں جس میں آپ کا انتقال ہوگیا۔

اتنی طویل زندگی میں اتار چڑھاؤ آتا رہتا ہے کبھی جوانی تو کبھی بڑھاپا، کبھی چاک وچوبند تو کبھی سستی وکاہلی، کبھی صحت وعافیت تو کبھی مرض وبیماری لیکن حضرت خواجہ سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ اس لمبے عرصے میں اس درجہ مستقیم الحال تھے کہ کبھی لیٹے نہیں بلکہ ہمیشہ حق تعالیٰ کو یاد کرتے رہے ہاں بیٹھے بیٹھے اونگھ آجائے تو الگ بات ہے۔

سوچنے کی بات ہے کہ آخر آپ نے ایسا کیوں کیا۔

جواب واضح ہے کہ انہیں فکر آخرت لاحق تھا اور وہ اپنے مولا جل شانہ کو راضی کرنا چاہتے تھے ۔رات کی طویل گھڑیاں مولیٰ جل جلالہ کی بارگاہ میں کھڑے کھڑے گزار دیتے ،اسکی عبادت وبندگی میں یوں کیف آتا کہ دنیا اور اس کی جملہ لذتیں بھول جاتے وہ ہوتے اور حریم ذات حق ہوتا۔

ایسی باتیں کہنا تو آسان ہیں لیکن کرنا بڑا مشکل ہوتا ہے ہاں جس سے اس کا خالق ومالک راضی ہو جائے ،اللہ جل شانہ جس سے خوش ہو جائے پھر اللہ توفیق بھی دے دیتا ہے، بندے کی دستگیری بھی کرتا ہے، نفس وشیطان کے شر سے بھی بچاتا ہے۔

بندہ تو بندہ ہے ہاں جب معبود حقیقی جل جلالہ کی نظر رحمت بندے پر پڑ جائے پھر وہ ساری رات مناجات میں بسر کر دیتا ہے ۔پھر اسے رات کی طویل گھڑیوں میں وہ کیف نصیب ہوتا ہے کہ دنیا کی کسی نعمت میں نصیب نہیں ہوتا۔

-☆-

حضرت ابو محمد الجریری رحمۃ اللہ علیہ کا
سال بھر کسی ستون سے ٹیک تک نہ لگانا

وَعَنْ اَبِیْ مُحَمَّدِ الْمُغَازِلِیْ،قَالَ:

جَاوَرَ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْجَرِیْرِیُّ بِمَكَّةَ سَنَةً فَلَمْ یَنَمْ وَلَمْ یَتَكَلَّمْ وَلَمْ یَسْتَنِدْ اِلٰی عَمُوْدٍ وَلَا اِلٰی حَائِطٍ وَلَمْ یَمُدَّ رِجْلَیْهِ.

ترجمة:

حضرت ابو محمد مغازلی بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو محمد الجریری مکہ مکرمہ میں ایک سال ٹھہرے رہے۔اس دوران نہ وہ سوئے اور نہ انہوں نے بات کی اور نہ کسی ستون یا دیوار سے ٹیک لگائی اور نہ پاؤں پھیلائے۔

-☆-

حضرت عمرو بن عُتْبہ بن فَرْقد کا
رات بھر قبرستان میں نماز ادا کرنا

كَانَ عَمْرُوبْنُ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ يَخْرُجُ كُلَّ لَيْلَةٍ فَيَقِفُ عَلَى الْقُبُوْرِ وَيَقُوْلُ:
يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ لَقَدْ طُوِيَتِ الصُّحُفُ وَلَقَدْ رُفِعَتِ الْاَعْمَالُ ، ثُمَّ يَصُفُّ قَدَمَيْهِ
وَيُصَلِّى اللَّيْلَ كُلَّهُ ثُمَّ يَرْجِعُ فَيَشْهَدُ صَلَاةَ الصُّبْحِ.

ترجمة:

حضرت عمرو بن عتبہ بن فرقد ہر رات قبرستان کی طرف چلے جاتے اور کہتے:
اے قبرستان والو تمہارے نامہ اعمال لپیٹ دیئے گئے ہیں اور تمہارے اعمال اوپر اٹھا لئے
گئے ہیں پھر کھڑے ہو کر پوری رات نماز پڑھتے۔ پھر واپس آتے اور صبح کی نماز با جماعت ادا کرتے۔

-☆-

حضرت ربیع بن خثیم

کا رات بھر جاگنا

كَانَتِ ابْنَةُ الرَّبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ تَقُوْلُ:

يَاأَبَتِ مَا لِيَ أَرَى النَّاسَ يَنَامُوْنَ وَأَرَاكَ لَا تَنَامُ؟ فَيَقُوْلُ:

يَا ابْنَتَاهُ إِنَّ أَبَاكَ يَخَافُ النَّارَ.

ترجمة:

حضرت ربیع بن خثیم کو ان کی بیٹی کہنے لگی:

اے پیارے ابا جان! آپ کو کیا ہوگیا کہ لوگ میٹھی نیند سوتے ہیں اور آپ نہیں سوتے؟

فرمانے لگے پیاری بیٹی تیرے باپ کو جہنم سے ڈر لگتا ہے۔

-☆-

حضرت احمد بن حرب
کا ارشاد گرامی

وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ:

یَا عَجَبًا لِمَنْ یَعْلَمُ اَنَّ الْجَنَّةَ تُزَیَّنُ فَوْقَهُ وَاَنَّ النَّارَ تُسَعَّرُ تَحْتَهُ کَیْفَ یَنَامُ بَیْنَهُمَا ؟

ترجمة:

امام احمد بن حرب کا قول ہے:

اس شخص پر تعجب ہے جسے یہ علم ہے کہ جنت اس کے اوپر سجائی جارہی ہے اور آگ اس کے نیچے سلگائی جارہی ہے، پھر بھی وہ ان دونوں کے درمیان کیسے سو سکتا ہے؟۔

-☆-

حضرت صلہ بن اشیم
کا مجاہدہ

وَكَانَ صِلَةُ بْنُ اَشْيَمٍ قَدْ تَعَقَّدَتْ سَاقُهُ مِنْ طُوْلِ الْقِيَامِ ، وَبَلَغَ مِنَ الْاِجْتِهَادِ مَالَوْ قِيْلَ الْقِيَامَةُ غَدًا مَا وَجَدَ مَزِيْدًا۔

وَكَانَ اِذَا جَاءَ الشِّتَاءُ اضْطَجَعَ عَلَى السُّطُوْحِ لِيَضْرِبَهُ الْبَرْدُ ، وَاِذَا كَانَ فِيْ الصَّيْفِ اضْطَجَعَ دَاخِلَ الْبَيْتِ لِيَجِدَ الْحَرَّ وَالْغَمَّ ، فَلَا يَنَامُ ، وَمَاتَ وَهُوَ سَاجِدٌ ، وَكَانَ يَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّ لِقَائِكَ فَاَحِبَّ لِقَائِيْ۔

ترجمة:

حضرت صلہ بن اشیم رضی اللہ عنہ کی پنڈلی طویل قیام کی وجہ سے گرہ دار ہوگئی تھی۔ وہ اس قدر محنت کرتے تھے کہ اگر ان سے کہا جائے کہ کل قیامت آنے والی ہے تو بھی انہیں مزید عمل کی گنجائش نہیں مل سکتی تھی۔

اور جب سردی کا موسم آتا تو چھت پر سوتے تا کہ سردی انہیں ستائے اور جب گرمی کا موسم آتا تو گھر کے اندر سو جاتے تا کہ گرمی اور تپش محسوس ہو اور سو نہ سکیں۔ انہیں سجدے کی حالت میں موت آئی۔ وہ یہ دعا کرتے تھے:

اے اللہ میں تیری ملاقات پسند کرتا ہوں تو بھی میری ملاقات کو پسند فرما۔

-☆-

حضرت حبیبہ عدویہ رحمۃ اللہ علیہا کی
عبادت و مناجات

وَمَرْوِیٌّ عَنْ حَبِیْبَةِ الْعَدَوِیَّةِ:

اَنَّھَا کَانَتْ اِذَا صَلَّتِ الْعَتَمَةَ قَامَتْ عَلٰی سَطْحٍ لَھَا وَشَدَّتْ عَلَیْھَا دِرْعَھَا وَخِمَارَھَا، ثُمَّ قَالَتْ:

اِلٰھِی قَدْ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَنَامَتِ الْعُیُوْنُ وَغَلَّقَتِ الْمُلُوْکُ اَبْوَابَھَا وَخَلَا کُلُّ حَبِیْبٍ بِحَبِیْبِہٖ، وَھٰذَا مَقَامِی بَیْنَ یَدَیْکَ، ثُمَّ تُقْبِلُ عَلٰی صَلَاتِھَا فَاِذَا کَانَ السَّحَرُ، وَطَلَعَ الْفَجْرُ، قَالَتْ:

اِلٰھِی ھٰذَا اللَّیْلُ قَدْ اَدْبَرَ، وَھٰذَا النَّھَارُ قَدْ اَسْفَرَ، فَلَیْتَ شِعْرِیْ اَقَبِلْتَ مِنِّیْ لَیْلَتِیْ فَاُھَنَّا؟ اَمْ رَدَدْتَھَا عَلَیَّ فَاُعَزّٰی؟ وَعِزَّتِکَ لَھٰذَا دَاْبِیْ وَدَاْبُکَ مَا اَبْقَیْتَنِیْ وَعِزَّتُکَ لَوِ انْتَھَرْتَنِیْ مِنْ بَابِکَ لَمَا بَرِحْتُ لِمَا وَقَعَ فِیْ نَفْسِیْ مِنْ جُوْدِکَ وَکَرَمِکَ.

ترجمة:

حضرت حبیبہ عدویہ کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ جب عشاء کی نماز پڑھ لیتیں تو اپنے مکان کی چھت پر قیام فرماتیں، اپنی قمیص اور اپنی اوڑھنی کس کر باندھ لیتیں اور کہتیں:

اے میرے معبود! ستارے ڈوب چکے ہیں، لوگ سو گئے ہیں، بادشاہوں نے اپنے دروازے بند کر لئے ہیں، محب اپنے محبوب کے پاس جا چکا ہے، میں تیرے سامنے کھڑی ہوں۔ پھر نماز پڑھتی رہتیں۔ جب سحری کا وقت ہو جاتا اور فجر طلوع ہو جاتی تو کہتیں:

اے میرے معبود یہ رات گزر چکی ہے، دن آ چکا ہے، نامعلوم تو نے میری رات کی عبادت قبول کی ہے کہ مجھے اس پر مبارک دی جائے یا تو نے اسے مسترد کر دیا ہے کہ مجھ سے اظہار افسوس کیا جائے۔

مجھے تیری عزت کی قسم! جب تک تو مجھے باقی رکھے گا- زندہ رکھے گا- میرا تیری بارگاہ میں یہی انداز رہے گا۔

تیری عزت کی قسم! اگر تو مجھے اپنے دروازے سے جھڑک دے تو میں اس سے ہٹوں گی نہیں کیونکہ تیری جود و سخا میرے دل میں جاگزیں ہو چکی ہے۔

-☆-

حضرت معاذہ عدویہ رحمۃ اللہ علیہا

کے شب وروز

وَكَانَتْ مُعَاذَةُ الْعَدَوِيَّةُ إِذَا جَاءَ النَّهَارُ تَقُوْلُ:

هٰذَا يَوْمِيَ الَّذِىْ اَمُوْتُ فِيْهِ ، فَمَا تَطْعَمُ حَتّٰى تُمْسِيَ ، فَإِذَا جَاءَ اللَّيْلُ ، تَقُوْلُ:

هٰذِهِ لَيْلَتِيَ الَّتِيْ اَمُوْتُ فِيْهَا ، فَصَلَّتْ حَتّٰى تُصْبِحَ.

ترجمة:

حضرت معاذہ عدویہ رضی اللہ عنہ دن ہو جاتا تو کہتیں:

آج مجھے موت آجائے گی اور شام تک کھانا نہ کھاتیں۔اسی طرح جب رات آتی تو کہتیں:

آج رات مجھے موت آجائے گی اور صبح تک نماز پڑھتی رہتیں۔

-☆-

حضرت معاذہ عدویہ رحمہا اللہ کی سنئے!

جب آفتاب طلوع ہوتا تو اپنے آپ سے کہتیں آج میری موت آنے والی ہے شام تک اللہ

کا ذکر کرتی رہتیں اور جب رات آ جاتی تو کہتیں آج رات میری موت آنے والی ہے۔صبح تک نہ سوتیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی بندگی میں مصروف رہتیں۔

انہیں جب نیند کا غلبہ ہوتا تو گھر میں گھومنا شروع کر دیتیں اور کہتیں:

يَا نَفْسُ .... اَلنَّوْمُ اَمَامَكَ ، لَوْ قَدْ مُتِّ .. لَطَالَتْ رِقْدَتُكَ فِي الْقَبْرِ عَلٰى حَسْرَةٍ اَوْ سُرُوْرٍ.

اے نفس! موت تیرے سامنے ہے اگر تو مر جائے تو قبر میں لمبے عرصہ تک سوتا رہے گا حسرت کے ساتھ یا مسرت کے ساتھ۔

صبح تک یونہی کہتی رہتیں اور یہ خاتون دن اور رات میں چھ سو (۶۰۰) رکعت نوافل ادا کرتی تھیں۔اور اکثر کہتی تھیں:

عَجِبْتُ لِعَيْنٍ تَنَامُ وَقَدْ عَلِمَتْ طُوْلَ الرِّقَادِ فِي ظُلَمِ الْقُبُوْرِ.

مجھے اس آنکھ پر تعجب و حیرانی ہے جسے معلوم ہے کہ ظلمت قبر میں لمبا عرصہ رہنا پڑے گا وہ اس دنیا کی چند روزہ زندگی میں کیسے سو جاتی ہے۔

یہی حضرت معاذہ عدویہ رحمہا اللہ کا جب وفات کا وقت قریب آیا تو رونا شروع کر دیا پھر ہنسنے لگیں۔ان سے پوچھا گیا یہ رونا اور یہ ہنسنا کیسا؟ انہوں نے جواباً فرمایا:

نماز، روزہ اور ذکر الٰہی کی مفارقت نے رلا دیا۔اور میرا ہنسنا اس لیے تھا کہ:

میں نے اپنے شوہر حضرت ابو الصہباء رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ گھر کے صحن میں رونق افروز ہیں اور ان پر دو سبز پوشاکیں ہیں اور انہیں میں نے ایسے احباب کے ساتھ دیکھا جو دنیا سے مشابہت نہیں رکھتے۔

میرا خیال ہے اگلی فرض نماز کا وقت نہیں آئے گا۔چنانچہ ایسا ہی ہوا اور وہ اپنے رب کے پاس چلی گئیں۔

-☆-

مجمع الاحباب ۶-۸۰۷

حضرت صفوان بن سُلیم کا
تیس سالہ مجاہدہ

وَقَالَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ :

حَلَفَ صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ لَا يَضَعُ جَنْبَهُ بِالْاَرْضِ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ ، فَمَكَثَ عَلٰى ذَالِكَ اَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثِيْنَ سَنَةً ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ وَاشْتَدَّ بِهِ النَّزْعُ وَالْعِلَّةُ وَهُوَ جَالِسٌ قَالَ ابْنُهُ:

يَا اَبَتِ لَوْ وَضَعْتَ جَنْبَكَ ، فَقَالَ :

اِذًا مَا وَفَّيْتُ لِلّٰهِ بِالنَّذْرِ وَالْحَلْفِ فَمَاتَ وَاِنَّهُ لَجَالِسٌ.

ترجمہ:

حضرت سفیان بن عیینہ کا بیان ہے کہ:

حضرت صفوان بن سلیم نے قسم اٹھا رکھی تھی کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات سے پہلے زمین پر کمر نہیں لگائیں گے اور اپنی قسم پر تیس سال قائم رہے، حتی کہ موت کی گھڑی آ گئی ۔ بیماری سخت

ہوگئی اور نزع کا وقت ہوگیا اور وہ بیٹھے رہے۔ یہ دیکھ کر ان کے بیٹے نے کہا:

اے پیارے ابا جان! بہتر ہے آپ لیٹ جائیں ،فرمانے لگے:

پھر تو میں اللہ تعالیٰ سے کی گئی نذر اور قسم پوری نہ کرسکوں گا۔پس وہ اسی حالت میں بیٹھے ہوئے فوت ہوگئے۔

-☆-

حضرت ریاح القیسی اور آپ کی اہلیہ رحمۃ اللہ علیہا کا
قیام اللیل-صلاۃ التہجد

حضرت ریاح القیسی رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا:

میں نے ایک نیک صالح خاتون سے شادی کی

جب رات چھا گئی میں سو گیا یہ دیکھنے کیلئے کہ یہ کیا کرتی ہے۔

وہ صالحہ و عابدہ رات کا پہلا چوتھائی حصہ عبادت کرتی رہی پھر اس نے مجھے آواز دی: اے ریاح! اٹھئے اور اپنے پروردگار کو یاد کیجئے۔

میں نے جواب دیا اٹھتا ہوں لیکن نہ اٹھا۔

وہ رات کا دوسرا چوتھائی حصہ نوافل ادا کرتی رہی پھر اس نے مجھے آواز دی۔ اے ریاح! اٹھئے اور اللہ کی بندگی کیجئے۔

میں نے پھر وہی جواب دیا کہ اٹھتا ہوں لیکن نہ اٹھا۔

وہ رات کا تیسرا چوتھائی حصہ اللہ کی بندگی میں مگن رہی پھر اس نے مجھے آواز دی۔ اے

ریاح! اٹھئے اور اللہ کو یاد کیجئے۔

میں نے پھر وہی جواب دیا کہ اٹھتا ہوں لیکن نہ اٹھا۔

اس نے رات کا آخری چوتھائی حصہ بھی اللہ کو یاد کرتے اور اس سے دعائیں مانگتے گزار دیا پھر کہنے لگی۔

قُمْ فَقَدْ مَضَى اللَّيْلُ وَعَسْكَرُ الْمُحْسِنِيْنَ وَاَنْتَ نَائِمٌ.

اٹھو رات نیکو کاروں اور صالحین کو اپنے جلو میں لے کر گزر گئی اور تو سویا ہی رہ گیا۔

اے ریاح! ہائے افسوس مجھے کس نے تیرے بارے میں دھوکہ میں مبتلاء کر دیا کہ تو بڑا نیک و پرہیز گار ہے۔

سبحان اللہ!

کتنا سہانا دور تھا اور کیسی پاکیزہ روحیں اس میں بستی تھیں۔عورت ذات ہو کر ساری ساری رات عبادت میں گزار دیتی تھی۔انہیں کیف و سرور ملتا تھا تو رات بھر جاگنے میں، اللہ تعالیٰ سے لو لگانے میں، اپنے خالق و مالک سے مناجات کرنے میں اور اس کے حضور گڑگڑا کر دعائیں مانگنے میں۔

یہ پاکیزہ روحیں دنیا اور آخرت کی عزت اپنے دامن میں سمیٹ کر لے گئیں۔انہوں نے دنیا اور ابناءِ دنیا کی حقیقت کو سمجھا ان سے منہ موڑا اور خالق حقیقی سے وہ لو لگائی کہ اس کے انوار تا ابد چمکتے رہیں گے۔

اے ارحم الراحمین!

محض اپنے لطف و کرم سے ہمیں بھی اپنی محبت کے جام نصیب فرما، اپنی الفت و چاہت کی وہ مے پلا کہ رات کی تاریکیوں میں صرف تجھے ہی یاد کرتے رہ جائیں اور تیرے حضور آنسوؤں کا وہ نذرانہ پیش کرتے رہیں جو ہمیں بھی دنیائے فانی کی حقیقت سے آگاہ کریں اور تیرا سچا بندہ بنا دیں۔

مجمع الاحباب ۶-۱۸

حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کی

رات بھر عبادت

حضرت الفقیہ العابد ابوسلیمان داؤد الطائی رحمہ اللہ کے بارے میں ملاحظہ ہو:

قَالَتْ اُمُّ سَعِيْدِ بْنِ عَلْقَمَةَ – وَكَانَتْ طَائِيَّةً:

كَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ دَاوُدَ الطَّائِيِّ جِدَارٌ قَصِيْرٌ فَكُنْتُ اَسْمَعُ حَنِيْنَهُ عَامَّةَ اللَّيْلِ لَا يَهْدَأُ، وَلَرُبَّمَا تَرَنَّمَ فِي السَّحَرِ بِشَيْءٍ مِنَ الْقُرْآنِ فَاَرَىٰ اَنَّ جَمِيْعَ نَعِمِ الدُّنْيَا جُمِعَ فِيْ تَرَنُّمِهِ تِلْكَ السَّاعَةَ وَكَانَ لَا يُصْبِحُ – تَعْنِي – لَا يُسْرِجُ.

ترجمة:

ام سعید بن علقمہ الطائیہ فرماتی ہیں:

ہمارے مکان اور حضرت داؤد الطائی – رحمۃ اللہ علیہ – کے مکان کے درمیان چھوٹی سی دیوار تھی اور میں رات کے اکثر حصہ میں ان کے رونے کی آواز سنتی تھی جو تھمتی نہ تھی۔ کبھی کبھی وہ سحری کے وقت قرآن کریم کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ میری رائے میں دنیا کی ساری نعمتیں ان کی اس گھڑی کی تلاوت کی آواز میں جمع تھیں۔ وہ گھر میں رات چراغ نہیں جلاتے تھے۔

حلیۃ الاولیاء ۷-۳۵۶

حضرت احمد بن ابی الحواری رحمۃ اللہ علیہ
کا خوف خدا

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَوْفِ الْحِمْصِيِّ:

رَاَیْتُ اَحْمَدَ بْنَ اَبِی الْحَوَارِیِّ عِنْدَنَا بَاَنْطَرْسُوْس ، فَلَمَّا صَلَّی الْعَتَمَۃَ قَامَ یُصَلِّیْ فَاسْتَفْتَحَ بِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ اِلٰی اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن ، فَطُفْتُ الحَائِطَ کُلَّہٗ ثُمَّ رَجَعْتُ فَاِذَا ھُوَ لَا یُجَاوِزُھَا ثُمَّ نُمْتُ وَمَرَرْتُ فِی السَّحْرِ وَھُوَ یَقْرَأُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ فَلَمْ یَزَلْ یُرَدِّدُوْھَا اِلَی الصُّبْحِ۔

ترجمہ:

محمد بن عوف حمصی کا بیان ہے:

میں نے احمد بن ابی الحواری کو اپنے ہاں انطرسوس میں دیکھا۔ عشاء کی نماز کے بعد نوافل کیلئے کھڑے ہو گئے۔ انہوں نے نماز میں قرات الحمدللہ سے شروع فرمائی اور ایاک نعبد وایاک نستعین

سیر اعلام النبلاء ۱۲-۸۷،۸۸

تک جا پہنچے۔

-میں وہاں سے چلا گیا- پورے باغ کا چکر لگا کر واپس آیا تو وہ ابھی اسی آیت کو بار بار پڑھ رہے تھے پھر میں سو گیا۔سحری کے وقت میں اٹھ کر پھر ان کے پاس سے گزرا تو وہ ایک نعبد ہی پڑھ رہے تھے۔صبح تک اسی آیت کو دھراتے رہے۔

-☆-

حضرت حبیب عجمی اور ان کی اہلیہ کا
مقام ومرتبہ

حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ نے ان سے کہا کہ گھر کا انتظام چلانے کیلئے مزدوری کرو چنانچہ حضرت جنگل تشریف لے گئے اور دن بھر عبادت کرتے رہے۔ پھر گھر کو لوٹے اور بی بی کے ڈر سے شرمندہ اور پریشان تھے۔ آتے ہی بی بی نے پوچھا مزدوری کہاں ہے؟ فرمایا:

جس کی میں نے مزدوری کی ہے وہ بہت سخی ہے میں نے مزدوری مانگنے میں جلدی نہ کی اور مجھے شرم آئی، اسی طرح کئی دن گزر گئے تو بی بی نے کہا کہ یا تو ان سے اپنی اجرت لے آؤ یا کسی اور کی مزدوری کرو۔ چنانچہ ان سے وعدہ کیا کہ آج ضرور اجرت طلب کروں گا اور موافق عادت کے جنگل کی طرف چلے۔ جب شام ہوئی تو گھر آئے لیکن بی بی کی بدمزاجی سے ڈرے ہوئے تھے۔ جب دروازہ پر پہنچے تو دیکھا کہ دھواں اٹھ رہا ہے اور دستر خوان چنا ہوا ہے اور بی بی خوش خوش پھر رہی ہے۔ دیکھتے ہی کہنے لگی کہ:

تمہارے مستاجر نے کریموں ہی کی سی اجرت دی ہے اور اس کے قاصد نے مجھ سے کہا کہ عمل میں زیادہ کوشش کرے اور یہ سمجھ لے کہ ہم بخیلی کی وجہ سے یا نہ ہونے کی وجہ سے تاخیر نہیں کرتے اپنی آنکھیں ٹھنڈی اور دل خوش رکھے۔ پھر انہوں نے چند توڑے دینار کے دکھائے۔

یہ دیکھ کر حضرت بہت روئے اور فرمانے لگے یہ اجرت اسی نے بھیجی جس کے ہاتھ میں زمین وآسمان کے خزانے ہیں۔

عمرہ کی توبہ اور رجوع الی اللہ:

یہ سن کر بی بی نے توبہ کی اور قسم کھائی کہ آئندہ کبھی تکلیف نہ دوں گی۔ پھر اس کے بعد وہ خود بھی ریاضت میں لگ گئیں اور عبادت میں مشغول رہنے لگیں اور پھر اپنے خاوند سے بھی زیادہ عبادت کرنے لگیں۔ ساری ساری رات عبادت کرتی تھیں اور آخر شب میں اپنے خاوند کو جگاتیں اور کہتیں کہ:

قافلہ آگے نکل گیا اور آپ سوئے رہ گئے۔

-☆-

سیدہ نفیسہ بنت الحسن رحمۃ اللہ علیہا

حضرت نفیسہ رحمہا اللہ علیہا نے عبادت اور اصلاح نفس میں اونچا مقام حاصل کیا۔ وہ اپنی ابتدائی پرورش میں ہی کتاب اللہ کی محبت کو دل میں بسائے ہوئے تھیں اور اپنے دل اور ذات کو خالص اللہ سے جوڑ لیا تھا۔ قرآن پاک کی تلاوت تو ان کا کھانا اور پینا تھا۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ان کو معارف قرآن سے روشناس کروایا۔ کثرت تلاوت سے حافظ قرآن بن چکی تھیں اور تفسیر قرآن مجید میں ایک مقام حاصل کیا۔

قرآن کے رموز و اسرار سے انہیں اللہ تعالیٰ نے معرفت عطا کی اور معانی پر مکمل دسترس حاصل تھی اور یہ سب علم و حکمت انہوں نے مدینہ میں حاصل کی جو کہ علم کا خزانہ تھا۔

مدینہ سے آپ نے مزید علم کیلئے بغداد ہجرت کی اور ادائے فرض اور عبادات میں مشغول ہوگئیں۔ فریضہ حج سے خاص شغف کی بناء پر انہوں نے زندگی میں ۳۰ (تیس) حج کیے حالانکہ اس وقت سفر کرنا یقیناً انتہائی مشکل کام تھا۔ وہ کعبۃ اللہ کے غلاف سے چمٹ کر اپنے مولا سے مانگتیں اور خشیت الٰہی کے آنسو برسا کر محض اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کرتیں اور کہتی تھیں: یا اللہ! مجھے اس دنیا سے صحیح

نفع اٹھانے کی توفیق دے۔

اللہ تعالیٰ سے مناجات کرنے میں انہیں لذت محسوس ہوتی تھی۔وہ کثرت سے اللہ تعالیٰ کے سامنے روتیں اور ہمیشہ قیام اللیل کرتی تھیں۔انہوں نے تقریباً نصف صدی تک روزے رکھے اور تین دن میں صرف ایک مرتبہ کھانا کھاتی تھیں کہ کہیں کھانے میں کوئی حرام کی ملاوٹ نہ ہو جائے۔

زینت بنت یحیٰ متوج اپنی پھوپھی نفیسہ کے بارے میں ان کی عبادت کی زندگی کو اس طرح بیان کرتی ہیں کہ:

میں نے پھوپھی کی چالیس سال خدمت کی۔میں نے انہیں کبھی رات کو سوتے نہیں دیکھا اور نہ کبھی دن میں افطار کرتے دیکھا۔میں نے کہا آپ اپنے اوپر رحم کیوں نہیں کرتیں تو فرمانے لگیں:

میں کیسے اپنے نفس پر نرمی کروں حالانکہ میرے سامنے بہت سی دشوار گزار گھاٹیاں ہیں جن کو کامیاب ہونے والے ہی طے کر سکتے ہیں۔

-☆-

۱۰۰ (سو) بڑی زاہد خواتین صفحہ ۱۴۷ بحوالہ: سیر اعلام النبلاء جلد ۵ صفحہ ۱۸۷

سیدنا حضرت ثابت البنانی رحمۃ اللہ علیہ

عبادت وخشیت:

حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے، نمازیں پڑھنے والے اور کثرت سے رونے والے انسان تھے۔طویل آنسوؤں کے جانشین تھے ایسی خشیت کے مالک تھے کہ جسے اگر سو آدمیوں میں تقسیم کیا جاتا تو کافی ہوجاتی۔کوفے کی مساجد کو ڈھونڈتے تاکہ انہیں اپنے سجدے کی بکاء سے معمور کریں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ خیر کی کچھ کنجیاں ہیں اور حضرت ثابت بنانی خیر کی ان کنجیوں میں سے ایک کنجی ہے۔

بکر بن عبداللہ نے فرمایا: کہ جو چاہے کہ اس دور کے سب سے بڑے عابد کو دیکھے تو اسے چاہیے کو ثابت بنانی کو دیکھے۔حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ نے خوف اور ندامت کے آنسوؤں سے زندگی کا استقبال کیا اور رنج کی انگلیوں کے اطراف کی طرف دوڑتے رہے۔اس عورت کی جلن کی طرح روتے جس کا بیٹا گم ہوگیا ہوحتیٰ کہ ان کی پسلیاں اوپر نیچے ہوجاتیں۔

بہت زیادہ رونے کی وجہ سے آنکھ میں بہت زیادہ تکلیف ہوگئی۔معالج نے کہا کہ آپ ایک

بات کی ضمانت دے دیں تو آنکھ ٹھیک ہو جائے گی ۔انہوں نے پوچھا وہ کیا؟ اس نے کہا کہ آپ روئیں گے نہیں ۔اس کی بات سن کر حضرت ثابت بنانی - رحمۃ اللہ علیہ - کی آنکھوں میں آنسو چمکنے لگے ارشاد فرمایا:

اس آنکھ کا کیا فائدہ جو روئے ہی نہ؟ پھر آپ نے علاج کرانے سے انکار کر دیا۔

عشق رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ان کے دل میں جاگزیں تھی جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے الفاظ ان کے کانوں تک پہنچتے تو ان کی آنکھوں میں شوق کے آنسو چمکنے لگتے ۔یہ شوق ان کے دل پر اس طرح چھا گیا کہ اسے جلا کر رکھ دیا اور اسے جلیل القدر صحابی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی جانب دھکیلنے لگا اور پھر جونہی حضرت ثابت رحمۃ اللہ علیہ کی نظر حضرت انس رضی اللہ عنہ پر پڑی تو بچوں کی طرح ان کی طرف بھاگے اور ان کا ہاتھ چومنے لگے اور روتے ہوئے کہتے جاتے کہ آپ کے ہاتھ نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں کو چھوا ہے۔

طاعت کے پیکر:

انہوں نے اپنی گمشدہ میراث کو طاعت کے سمندر میں خود غرق کر کے اور رات کے مصائب اور تکالیف کو زیر کر کے پالیا۔ چنانچہ حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ ہر رات تین سو رکعتیں پڑھا کرتے اور جب صبح ہوتی تو ان کے پاؤں تھک کر چور ہو چکے ہوتے تو وہ اپنے ہاتھوں سے اپنے پاؤں دباتے اور اپنے عمل کو ہلکا سمجھتے ہوئے فرماتے کہ عبادت گزار چلے گئے اور میرے لئے کچھ نہ بچا۔

اپنے بارے میں بتاتے ہوئے ایک مرتبہ فرمایا:

کہ میں مسجد کا کوئی ستون اس وقت تک نہیں چھوڑتا جب تک وہاں ایک قرآن نہ ختم کرلوں اور وہاں رو نہ لوں۔

حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے احباب کے ہمراہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

کے پاس جایا کرتے تھے تو راستے میں جو بھی مسجد پڑتی اس میں نماز ضرور پڑھتے ۔اور جب حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچتے تو حضرت انس رضی اللہ عنہ پوچھتے ثابت کہاں ہے؟ ثابت کہاں ہے؟ اس کی عادت ایسی ہے جسے میں پسند کرتا ہوں ۔

دعا کی قبولیت:

حضرت ثابت رحمہ اللہ اپنے آنسوؤں کے ساتھ گڑگڑا کر دعا کرتے اے اللہ! اگر تو کسی کو قبر میں نماز پڑھنے کی توفیق دیتا ہے تو مجھے اپنی قبر میں نماز کی توفیق عطا فرمادے۔چنانچہ یہ دعا حرف بحرف قبول ہوئی اور انہیں وفات کے بعد قبر میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا گیا۔

-☆-

حضرت بشر بن سعد رحمۃ اللہ علیہ کا
معمول زندگی

كَانَ بِشْرُ بْنُ سَعْدٍ يُوْقِظُ اَهْلَهٗ وَيَقُوْلُ : اَلصَّلَاةَ اَلصَّلَاةَ ، وَيَقُوْلُ :

اِنَّ السَّفَرَ لَا يُقْطَعُ اِلَّا بِدُلَجِ اللَّيْلِ ، وَاِنَّ الدُّنْيَا سَفَرٌ وَ نَصَبٌ وَتَعَبٌ ، حَتّٰى يُفْضِيَ الْعَبْدُ اِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى.

مَنْ كَثُرَ فِيْ سَفَرِهٖ رُقَادُهٗ ، تَعَذَّرَ مُرَادُهٗ وَطَالَ عَنْ مَحْبُوْبِهٖ بِعَادُهٗ.

ترجمہ:

حضرت بشر بن سعد اپنے اہل خانہ کو بیدار کرتے اور فرماتے:

نماز ادا کرو، نماز ادا کرو اور فرماتے:

سفر رات کے آخری حصہ میں روانگی سے طے ہوتا ہے۔ دنیا سفر، عمل اور تھکاوٹ ہے یہاں تک کہ بندہ اللہ تعالیٰ کی رحمت تک پہنچ جائے۔

رہبان اللیل صفحہ ۱۱۷۹

جو آدمی دوران سفر زیادہ سویا رہا اس کی مراد مشکل ہو گی اور اس کی اپنے محبوب سے جدائی لمبی ہو گی۔

-☆-

یہ اللہ والے کتنے بیدار بخت تھے یہ رات کی تاریکی میں صرف خود ہی بیدار نہ ہوتے، رات کی تنہائی میں صرف خود ہی تہجد ادا نہ کرتے بلکہ اپنے اھل خانہ کو، اپنے بیوی بچوں کو بیدار کرتے انہیں بتاتے کہ اگر مولیٰ کریم کی رضا چاہتے ہو تو اٹھو، رات کی تاریکی میں اللہ الکریم کو یاد کرو، اس کے حضور سر بندگی جھکا لو کیونکہ جو رات جاگ کر اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے وہ اپنی مراد پا جاتا ہے۔وہ دنیا وآخرت کے امتحان میں سرخرو ہو جاتا ہے اور اعلیٰ نمبروں میں پاس ہو کر اللہ تعالیٰ کی رضا کی سند حاصل کر لیتا ہے۔

اس کے برعکس جو رات بھر سویا رہا اس نے اپنی زندگی کے پاکیزہ مقصد سے روگردانی کی، اس نے اللہ الکریم سے کیے گئے وعدہ کو بھلا دیا، وقت سحری اللہ لکریم کی رحمت بھری آواز کو نظر انداز کر دیا، اس کے فضل وکرم کی برکھا جو رات کے آخری حصہ میں نازل ہوتی ہے اس سے منہ موڑ لیا تو ایسا آدمی اللہ تعالیٰ کی عنایات خسروانہ کا کیسے حقدار ہو سکتا ہے۔یہاں تو عزم وہمت واخلاص وللٰہیت دیکھا جاتا ہے۔جو مخلص وبے ریا رات کے سناٹوں میں اٹھ کر وحدہ لاشریک کی تسبیح کی مالا جپتا ہے وہ اس کے لطف وکرم سے محروم نہیں رہتا بلکہ اس کی عنایات لامتناہیہ کا حقدار ٹھہرتا ہے۔اور ازلی وسعید روحوں میں اپنا نام لکھوا کر دونوں جہاں میں سرخرو ہو جاتا ہے۔

-☆-

تہجد گزار کا چہرہ نورانی

قَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ:

اِنَّ الـرَّجُلَ لَيُصَلِّيْ بِاللَّيْلِ ، فَيَجْعَلُ اللّٰهُ فِيْ وَجْهِهٖ نُوْرًا يُحِبُّهُ عَلَيْهِ كُلُّ مُسْلِمٍ فَيَرَاهُ مَنْ لَمْ يَرَهُ قَطُّ ، فَيَقُوْلُ : اِنِّيْ لَاُحِبُّ هٰذَا الرَّجُلَ:

ترجمہ:

حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

بندہ رات نماز تہجد ادا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے چہرے میں نور رکھ دیتا ہے تو اسے ہر مسلم کیلئے محبوب بنا دیتا ہے تو جس نے اسے کبھی نہ دیکھا ہو وہ جب بھی اسے دیکھتا ہے تو کہتا ہے: میں اس آدمی سے محبت کرتا ہوں۔

-☆-

تابعی جلیل حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد گرامی کتنا حقیقت کشا اور فرحت بخش ہے۔ جو خوش نصیب رات کو اٹھ کر مصلی پر آ کر اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے، اس کے حضور آنسوؤں کا

رہبان اللیل صفحہ ۱۱۷۷

نذرانہ پیش کرتا ہے، آہ ومناجات سے اس کے کرم کے دروازے پر دستک دیتا ہے تو یقیناً اللہ الکریم اس کے چہرے کونوروالا کردیتا ہے۔اس کے چہرے میں وہ دلکشی اور رعنائی رکھ دیتا ہے کہ جو اھل ایمان اسے دیکھتا ہے اس کا دل فوراًاس کی طرف مائل ہو جاتا ہے اور وہ دل وجان سے اس سے محبت کرتا ہے۔

یہ ویسے بھی انصاف سے بعید ہے کہ ایک آدمی رات بھر اللہ تعالیٰ کو راضی کرتا رہے، نماز تہجد پڑھتا رہے اور دوسرا آدمی رات بھر گناہ میں مگن رہے، فسق وفجور میں غرق رہے، جب وہ صبح دونوں اپنے اپنے گھر سے باہر آئیں تو دونوں کے چہرے ایک جیسے ہوں حاشاوکلا۔تہجد گزار اور اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے والے کا چہرہ نورعلی نور ہوگا۔اس کے چہرے کی دلکشی قابل دید ہوگی اور اس کے چہرے میں وہ جاذبیت ہوگی کہ بیگانہ بھی دیکھتے ہی یگانہ ہو جائے گا۔

اس کے برعکس فسق وفجور والے کے چہرے پر نحوست چھائی ہوگی اس کے چہرے کو دیکھو یک گونہ افسردگی سی ہوگی اور اس کے چہرے پر نور نام کی کوئی چیز نہ ہوگی۔

اے رحیم وکریم اللہ! ہم سب کو اپنے فضل وکرم سے پاک دل پاک دامن بنا دے۔ہماری راتیں ہمارے دنوں سے زیادہ نوروالی کر دے۔ہماری خلوتیں ہماری جلوتوں سے زیادہ پاکیزہ کر دے اور ہمارے دل ہمارے چہروں سے زیادہ روشن کر دے اور ہمیں ہمہ وقت اپنی یاد کی سعادت سے بہرہ ورفرما اور اپنی ازلی عنایات سے محروم نہ فرما۔

-☆-

حضرت جنید بغدادی سید الطائفہ رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق باللہ

قَالَ الْجَرِيْرِيُّ:

قَصَدْتُ الْجُنَيْدَ فَوَجَدْتُهُ يُصَلِّي ، فَاَطَالَ جِدًّا ، فَلَمَّا فَرَغَ ، قُلْتُ لَهُ :

قَدْ كَبُرْتَ وَوَهَنَ عَظْمُكَ وَرَقَّ جِلْدُكَ وَضَعُفَتْ قُوَّتُكَ ، فَلَوِ اقْتَصَرْتَ عَلٰى بَعْضِ صَلَاتِكَ ، فَقَالَ :

اُسْكُتْ ، طَرِيْقٌ عَرَفْنَا بِهِ رَبَّنَا لَا يَنْبَغِيْ لَنَا اَنْ نَقْتَصِرَ مِنْهُ عَلٰى بَعْضِهِ ، وَالنَّفْسُ مَا حَمَّلْتَهَا تَتَحَمَّلُ ، وَالصَّلَاةُ صِلَةٌ ، وَالسُّجُوْدُ قُرْبَةٌ ، وَمَنْ تَرَكَ طَرِيْقَ الْقُرْبِ ، يُوْشِكُ اَنْ يُسْلَكَ بِهِ طَرِيْقَ الْبُعْدِ.

ترجمہ:

جریری کا بیان ہے:

میں حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا میں نے دیکھا آپ صلاۃ ادا کر رہے ہیں۔ آپ نے نماز طویل کر دی۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کی:

رہبان اللیل صفحہ ۱۱۶۸

اب آپ عمر رسیدہ ہو چکے ہیں، آپ کے اعضاء کمزور ہو گئے ہیں، آپ کی جلد زم پڑ گئی، آپ کی قوت میں ضعف آ گیا۔ جتنی لمبی آپ نے نماز پڑھی اگر اس سے کم پر اکتفا کرتے تو بہتر ہوتا۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

خاموش ہو جاؤ! وہ راستہ جس سے ہم نے اپنے رب کا عرفان حاصل کیا ہے اب ہمارے لئے مناسب نہیں کہ اس سے کم پر اکتفا کریں۔ نفس کو جس چیز کی عادت ڈالو گے وہ اس کا عادی ہو جائے گا۔ نماز واصل باللہ بناتی ہے۔ سجدہ قرب الٰہی کی دولت کا ذریعہ ہے۔ جس نے قرب کا راستہ چھوڑا ہو سکتا ہے اسے بعد کے راستہ پر ڈال دیا جائے۔

-☆-

حضرت مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ کا رات بھر عبادت کرنا

قَالَ اَشْهَبُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ:

خَرَجْتُ لَيْلَةً بَعْدَ مَا رَقَدَ النَّاسُ ، فَمَرَرْتُ بِمَنْزِلِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ ، فَاِذَا هُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ابْتَدَأَ اَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ حَتّٰى بَلَغَ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ، فَبَكٰى بُكَاءً طَوِيْلاً ،

ثُمَّ جَعَلَ يُرَدِّدُهَا وَيَبْكِيْ ، وَشَغَلَنِيْ مَا اَسْمَعُ مِنْ كَثْرَةِ بُكَائِهٖ عَنِ التَّوَجُّهِ اِلٰى حَاجَتِيَ الَّتِيْ خَرَجْتُ اِلَيْهَا ، وَلَمْ اَزَلْ قَائِمًا وَهُوَ يُرَدِّدُهَا وَيَبْكِيْ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ ، فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ الْفَجْرُ رَكَعَ ، فَانْصَرَفْتُ اِلٰى مَنْزِلِيْ فَتَوَضَّأْتُ ، ثُمَّ اَتَيْتُ الْمَسْجِدَ ، فَاِذَا بِهٖ فِيْ مَجْلِسِهٖ وَالنَّاسُ حَوْلَهٗ ، فَلَمَّا اَصْبَحَ نَظَرْتُ اِلٰى وَجْهِهٖ وَقَدْ عَلَاهُ نُوْرٌ.

ترجمہ:

اشہب بن عبدالعزیز کا بیان ہے:

ایک رات لوگوں کے سو جانے کے بعد میں اپنے گھر سے نکلا تو حضرت مالک بن انس رضی

رہبان اللیل صفحہ ۶۷

اللہ عنہ کے مکان کے پاس سے گزرا تو دیکھا کہ وہ کھڑے نماز پڑھ رہے ہیں۔ جب وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

کی تلاوت سے فارغ ہوئے تو آپ نے

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ۔

کی تلاوت شروع کی۔ جب آپ

ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ۔

پر پہنچے تو رونا شروع کیا اور روتے چلے گئے۔ پھر آپ بار بار اس آیت کی تلاوت کرتے جاتے اور روتے جاتے۔ جب میں نے آپ کی کثرت بکاء (زیادہ رونے) کو دیکھا تو میں جس کام کیلئے گھر سے نکلا تھا بھول گیا۔

میں وہاں کھڑا رہا اور وہ بار بار اس آیت کو پڑھتے جاتے اور روتے جاتے حتی کہ فجر طلوع ہوگئی۔ جب آپ کو فجر کا احساس ہوا تو آپ نے رکوع کیا اور نماز مکمل کی۔ میں اپنے گھر واپس آیا وضو کیا، پھر میں مسجد آیا تو دیکھا کہ آپ مسجد میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ لوگ آپ کے ارد گرد ہیں جو حدیث پاک کا درس لے رہے ہیں۔ جب میں نے صبح آپ کے چہرے کو دیکھا تو سارا چہرہ نور سے ڈھانپا ہوا تھا۔

–☆–

صالحین میں سے ایک خوش نصیب کی عبادت وریاضت

قَامَ رَجُلٌ مِنَ الصَّالِحِيْنَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ ، فَمَرَّ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى:

وَسَارِعُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ.

فَجَعَلَ يُرَدِّدُهَا وَيَبْكِيْ حَتّٰى اَصْبَحَ ، فَلَمَّا اَصْبَحَ قِيْلَ لَهٗ : لَقَدْ اَبْكَتْكَ آيَةٌ مَا مِثْلُهَا يُبْكِيْ ! اِنَّهَا جَنَّةٌ عَرِيْضَةٌ – اَیْ وَاسِعَةٌ – فَقَالَ :

يَا ابْنَ اَخِيْ ، وَمَا يَنْفَعُنِيْ عَرْضُهَا اِنْ لَمْ يَكُنْ لِيْ فِيْهَا مَوْضِعُ قَدَمٍ.

ترجمہ:

ایک نیک وصالح آدمی رات صلاۃ التہجد کیلئے اٹھا اور نماز پڑھنی شروع کردی۔ جب اس آیت:

وَسَارِعُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ .

جلدی کرو اپنے رب کی طرف سے مغفرت کی طرف اور جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمانوں زمین جتنی ہے۔

رہبان اللیل صفحہ ۱۱۶۷

وہ نیک آدمی اسے بار بار پڑھتا جاتا اور روتا جاتا صبح تک ایسے ہی رہا۔جب صبح ہوئی تو اس سے کہا گیا:

تجھے ایسی آیت نے رلا دیا حالانکہ ایسی آیت پر رویا نہیں جاتا۔وہ جنت ہے کشادہ جنت ہے۔اس نے کہا:

اے میرے بھائی کے جگر گوشے!

جنت کی اتنی زیادہ چوڑائی میرے کس کام کی اگر مجھے وہاں ایک قدم رکھنے کی جگہ بھی نہ ملی۔

-☆-

جنت وہی پاتا ہے جو رات کو عبادت کرتا ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَنْ خَافَ اَدْلَجَ وَمَنْ اَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ ، اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِیَةٌ ، اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ .

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٦٢٢٢)	جلد ٢	صفحہ ١٠٦٩
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (٣٤٥٠)	جلد ٢	صفحہ ٥٨٧
قال الالبانی	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (٧٨٥١)	جلد ٨	صفحہ ٢٧٩٩
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح الاسناد		
الدر المنثور فی تفسیر الماثور		جلد ٢	صفحہ ٨
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٣٣٧٧)	جلد ٣	صفحہ ٣١٩
قال الالبانی	صحیح لغیرہ		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٢٩٢٢)	جلد ٢	صفحہ ١٥٦
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (٥٢٧٨)	جلد ٥	صفحہ ٧٢

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو شخص ڈرا اور رات کے ابتدائی حصے میں نکل گیا اور جو رات کی ابتداء میں نکل گیا وہ منزل کو پہنچ گیا۔ اچھی طرح سن لو! اللہ کا سودا گراں قیمت ہے۔ خبردار! اللہ کا سودا جنت ہے۔

-☆-

سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ	رقم الحدیث (۹۵۴)	جلد ۲	صفحہ ۶۷۵
سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ	رقم الحدیث (۲۳۳۵)	جلد ۵	صفحہ ۴۴۲

حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کو اللہ تعالیٰ کا حسین صورت میں دیدار

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ و آلِهِ وَسَلَّمَ – :

أَتَانِي اللَّيْلَةَ رَبِّي تَبَارَكَ وَتَعَالَى فِي أَحْسَنِ صُوْرَةٍ ، فَقَالَ : يَامُحَمَّدُ ، هَلْ تَدْرِيْ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْأَعْلَى ؟ قُلْتُ : لَا . فَوَضَعَ يَدَهُ بَيْنَ كَتِفَيَّ ، حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَيَّ ، فَعَلِمْتُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ، فَقَالَ :

يَا مُحَمَّدُ ، هَلْ تَدْرِيْ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْأَعْلَى ؟ قُلْتُ :

نَعَمْ ، فِي الْكَفَّارَاتِ وَالدَّرَجَاتِ .

وَالْكَفَّارَاتُ :اَلْمُكْثُ فِي الْمَسَاجِدِ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ ، وَالْمَشْيُ عَلَى الْأَقْدَامِ إِلَى الْجَمَاعَاتِ ، وَإِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ فِي الْمَكَارِهِ ، قَالَ :

صَدَقْتَ يَا مُحَمَّدُ ، وَمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ عَاشَ بِخَيْرٍ ، وَمَاتَ بِخَيْرٍ ، وَ كَانَ مِنْ

خَطِيْئَتِهٖ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهٗ ، وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ ، إِذَا صَلَّيْتَ فَقُلْ:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ ، وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ ، وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ ، وَأَنْ تَغْفِرَلِي وَتَرْحَمَنِي ، وَتَتُوْبَ عَلَيَّ ، وَإِذَا أَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً ، فَاقْبِضْنِي إِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ .

وَالدَّرَجَاتُ: إِفْشَاءُ السَّلَامِ ،وَإِطْعَامُ الطَّعَامِ ، وَالصَّلَاةُ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ .

ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

آج رات قیام میں میرے پاس میرا رب تبارک وتعالیٰ احسن صورت میں تشریف لایا۔ رب تعالیٰ نے فرمایا:

یا محمد! کیا تم جانتے ہو ملا اعلیٰ کس چیز کے بارے میں جھگڑ رہے ہیں۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرض کی نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا یہاں تک کہ میں نے اس کی

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۹)	جلد۱	صفحہ۷۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۴۰۸)	جلد۱	صفحہ۲۹۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۴۵۱)	جلد۱	صفحہ۳۱۱
قال الالبانی	صحیح		
کنز العمال	رقم الحدیث (۴۳۵۴۴)	جلد۲	صفحہ۱۲۵۴
سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۲۳۳)	جلد۵	صفحہ۳۶۶
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۲۳۳)	جلد۳	صفحہ۳۱۶
قال الالبانی	صحیح		

ٹھنڈک اپنے سینے میں پائی یا میں نے اس کی ٹھنڈک اپنے گلے میں پائی تو جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اس کا مجھے علم ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

یا محمد! کیا تم جانتے ہو ملا اعلیٰ کس چیز میں جھگڑ رہے ہیں؟

میں نے عرض کی: ہاں کفارات اور درجات میں جھگڑ رہے ہیں۔

کفارات صلوات (نمازوں) کے بعد مساجد میں ٹھہرنا اور چل کر با جماعت صلوات (نمازوں) میں شرک ہونا اور جن اوقات میں طبیعت پر گراں گزرے خوش دلی سے وضو مکمل کرنا ہے اور جس نے ایسا کیا وہ خیر سے زندہ رہے گا اور خیر سے دنیا سے رخصت ہوگا اور گناہوں سے اس دن کی طرح پاک ہوگا جس دن اس کی ماں نے جنا تھا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

یا محمد! جب تم صلاۃ (نماز) ادا کرو تو میری بارگاہ میں یہ دعا مانگا کرو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْأَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ ، وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ ، وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنِ ، وَأَنْ تَغْفِرلِی وَتَرْحَمْنِی ، وَتَتُوْبَ عَلَیَّ ، وَإِذَا أَرَدْتَ بِعِبَادِکَ فِتْنَۃً ، فَاقْبِضْنِی إِلَیْکَ غَیْرَ مَفْتُوْنَ.

اور فرمایا: اور درجات: السلام علیکم کی اشاعت کرنا۔ کھانا کھلانا اور رات کو صلاۃ (نماز) ادا کرنا جب لوگ سوئے ہوئے ہوں۔

-☆-

اہل ایمان کیلئے یہ حدیث پاک ایمان کی جان ہے۔ محبت وعظمت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لبریز دل اس حدیث پاک سے عجب چاشنی پاتے ہیں اور ارباب ذوق ووجدان کیلئے یہ ذوق وسکون کا سامان ہے۔

اَتَانِیْ رَبِّیْ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَۃٍ:

ہر انسان کا کسی نہ کسی سے رابطہ ہوتا ہے اس تعلق کی بنا پر ایک دوسرے کے پاس جایا جاتا ہے۔ کسی کے ہاں اس کے عزیز وا قارب آتے ہیں تو کسی کے ہاں اس کے دوست احباب کی محفل ہوا کرتی ہے۔ قربان جائیں اللہ کے پیارے حبیب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جن کے ہاں تشریف لاتا ہے تو خود رب تعالیٰ تشریف لاتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وہ لمحات کس درجہ راحت بخش اور سکون آور ہونگے جب انکا خالق و مالک ان کے پاس تشریف لایا ہوگا۔ ان مازاغ نگاہوں کا عالم کیا ہوگا جو اپنے محبوب حقیقی اور معبود برحق کو اپنے قریب دیکھ رہی ہیں۔ جس رب تعالیٰ کے دیدار اور رضا کیلئے غارِ حراء کے خلوت خانہ کو عبادات کے انوار سے مرکز تجلیات بنادیا۔ بیت اللہ العتیق کو اپنی جبین سے سرفراز فرمایا، ملتزم سے چمٹ کر مناجات کا کیف لیا۔ آج وہی رب تعالیٰ جلوہ افروز ہے وہ حسن لم یزل اپنی تابانیاں کو بکھیرے تو اس کیفیات کا عالم کیا ہوگا۔ یہ دیدار کرانے والا جانے یا دیدار کرنے والا۔ یہ زیارت کرانے والا جانے یا زیارت کرنے والا۔ بہرحال زبانِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف اتنا بتایا:

''فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ'' سب سے حسین صورت میں۔

فَوَضَعَ كَفَّهٗ بَيْنَ كَتِفَيَّ:

اللہ رب العزت نے اپنا دستِ مبارک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دونوں کندھوں کے درمیان رکھ دیا۔ کبھی نگاہوں سے فیض دیا جاتا ہے تو کبھی دست مبارک رکھ کر فیضان کے دریا انڈیل دیے جاتے ہیں۔ جب دینے والا اللہ تعالیٰ ہو اور لینے والا اس کا پیارا حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہو تو اس وقت فیضان کا جوبن نرالا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کا دریا کس قدر جوش میں ہوگا اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ کے کرم سے مکرم سینہ اقدس پر تجلیات کا عالم کیا ہوگا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان اقدس کھلی تو اتنا فرمایا:

فَوَجَدْتُ بَرْدَهَابَيْنَ ثَدْيَيَّ:

میں نے اللہ تعالٰی کے دستِ مبارک کی ٹھنڈک اپنے سینے میں پائی اس ٹھنڈک پر کائنات ارضی وسمائی قربان کردی جائے عابدین کی سجدہ ریزیاں اور مقربین کی مناجاتیں محبت الٰہی سے مخمور نگاہوں کی مستی اور واصلین الی اللہ کے جامہائے وصل سب فدا کردیے جائیں تو حق ادا نہیں ہوتا۔

فَعَلِمْتُ مَافِي السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ:

پس جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے مجھے اسکا علم ہوگیا۔

آسمانوں اور زمین میں کیا کچھ ہے؟ اسکی تفصیل کون جانتا ہے؟ آج علم ترقی کی بہت سی منازل طے کرچکا ہے لیکن آج تک یہ دعوٰی کسی نے نہیں کیا کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے ہمیں اسکا علم ہوگیا۔

یہ شان اللہ تعالٰی نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمائی۔ جب اللہ تعالٰی دینے پر آجائے تو اسے کون روک سکتا ہے وہ جواد ومنعم ہے اسکے جود وسخا وانعام واکرام عدد وحصر سے وراء ہیں۔

قادر وقیوم اللہ کے قدرتوں والے ہاتھ نے اپنے محبوب کے سینہ اقدس کو یوں کشادہ کیا آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا علم ہوگیا۔

فَتَجَلّٰى لِيْ كُلُّ شَيْءٍ فَعَرَفْتُ:

میرے لئے ہر چیز منکشف ہوگئی تو میں نے ہر چیز کو پہچان لیا۔

تَجَلّٰى - تَجَلِّيًا الشَّيْءُ : ظَهَرَ وَتَكَشَّفَ

تجلّی - کا معنی چیز کا ظاہر ہونا اور منکشف ہونا ہے۔

اب غور کیجئے!

اللہ کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں میرے لیے ہر چیز ظاہر ومنکشف ہوگئی۔یعنی ہر چیز کا مجھے علم تو ہوہی گیا بس علم تک بات نہ رہی بلکہ ہر چیز نے اپنا آپ ظاہر کردیا۔

اب فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق کائنات ارضی وسمائی کی کوئی چیز ایسی نہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے منکشف وظاہر نہ ہوئی ہو۔کوئی پردہ ایسا نہیں جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے سرک نہ گیا ہو۔ بلکہ ہر چیز نے آپ کیلئے اپنے آپ کو ظاہر کردیا کہ اس میں کوئی خفا نہیں رہا اور ہر چیز منکشف ہوگئی کہ اس میں کوئی پوشیدگی نہ رہی۔

اس حدیث پاک میں لفظ ''لی'' قابل غور ہے۔یعنی ہر چیز کا منکشف اور ظاہر ہونا صرف آپ کے لیے ہے یہ سعادت کسی اور کے مقدر میں نہیں۔ہاں اللہ کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس کے سینے میں علم وحکمت انڈیل دیں اور اسے محرم راز بنادیں یہ الگ بات ہے۔

اَلْکَفَّارَاتُ:

اَلْکَفَّارَةُ : هِيَ عِبَارَةٌ عَنِ الْفَعْلَةِ وَالْخَصْلَةِ الَّتِيْ مِنْ شَأْنِهَا اَنْ تُكَفِّرَ الْخَطِيْئَةَ اَىْ تَسْتُرَهَا وَتَمْحُوْهَا۔(1)

کفارہ اس فعل یا خصلت کو کہتے ہیں جس کی شان یہ ہے کہ وہ گناہ کو چھپا لیتی ہے اور اسے بالکل مٹا دیتی ہے۔

اس حدیث پاک میں تین کفارات کا ذکر ہے یعنی تین ایسے امور اور خصلتیں ہیں جو ان کو بجا لاتا ہے تو اس کے گناہ اور معصیتیں چھپا دی جاتی ہیں اور مٹا دی جاتی ہیں۔

اَلْمَكْثُ فِى الْمَسَاجِدِ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ:

صلوات (نمازیں) ادا کرنے کے بعد مسجد میں ٹھہرے رہنا۔

یہ وہ عمل ہے جو گناہوں کو چھپا دیتا ہے اور انہیں محو کردیتا ہے۔

(1) النھایۃ ۴-۱۸۹

اللہ رب العزت کا ارشاد گرامی ہے

اِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُوا اللّٰہَ

جب تم صلاۃ ادا کر چکو تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو۔

صلاۃ ادا کرنے کے بعد مسجد میں بیٹھ کر ذکر کرنا انسان کے پچھلے گناہ مٹا دیتا ہے۔اس کی معصیتوں کے داغ ختم کردیے جاتے ہیں اور نافرمانیوں کی سیاہی دھودی جاتی ہے وہ اللہ کی طرف سے چنے ہوئے افراد ہیں جو صلاۃ ادا کرنے کے بعد مساجد میں بیٹھے رہتے ہیں اور متوجہ الی اللہ ہوکر اس کی یاد کے مزے لیتے ہیں۔صلاۃ ادا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا بہت بڑی نیکی ہے اور اسکی توفیق اسے ہی ملتی ہے جس سے اس کا خالق و مالک راضی ہوا کرتا ہے۔

اَلْمَشْیُ عَلَی الْاَقْدَامِ اِلَی الْجَمَاعَاتِ:

مسجد میں صلاۃ باجماعت میں شرکت کیلئے پیدل چل کر آنا یہ عمل بھی گناہوں کا کفارہ ہے۔ جتنے قدم زیادہ مسجد کی طرف اٹھیں گے اتنے ہی گناہ معاف ہونگے۔یہ عمل اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو بہت محبوب ہے۔محبّ محبوب کی پسندیدہ چیز سے محبت کیا کرتا ہے
اگر ہمیں اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت ہے تو اس محبت سے سرشار ہوکر ہمیں صلاۃ باجماعت کی ادائیگی کیلئے مساجد کی طرف چل کر آنا چاہیے۔اللہ تعالیٰ ہر اھل ایمان کو اس عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ فِی الْمَکَارِہِ:

وہ اوقات جو نفس پر شاق گزریں ان میں خوش دلی سے وضو کرنا یہ عمل بھی گناہوں کا کفارہ ہے اور اس سے انسان کے گناہ مٹ جاتے ہیں اور لوحِ دل معصیتوں کی ظلمتوں سے پاک ہوجاتی ہے۔

عَاشَ بِخَيْرٍ وَمَاتَ بِخَيْرٍ:

جس نے ان درج بالا امور کو سرانجام دیا اس کی زندگی خیر سے گزرے گی ۔خیر ایک جامع لفظ ہے جو ہر نیکی اور بھلائی کو شامل ہے ۔گویا یہ اسے ایک نوید ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے اس کی بندگی کے جذبہ سے سرشار ہو کر یہ کام سرانجام دینے والے ہو سکتا ہے کہ تیرے اعزہ اقارب تیرے جاننے والے اسے پسند نہ کریں لیکن یہ یاد رکھنا جس خالق و مالک نے پیدا فرمایا ہے اور جس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی کا ہار زیب گلو ہے وہ ضرور پسند فرماتے ہیں اور اس کا اجر یہ ہے کہ تیری زندگی خیر سے لبریز رہے گی نیکیاں تیرا مقدر ٹھہریں گی اور سعادتیں تیرے حصہ میں آئیں گی ۔

بات صرف یہاں تک نہیں بلکہ یہ بشارت بھی ہے کہ "مَاتَ بِخَيْرٍ" ان امور کو سرانجام دینے والا خیر سے وفات پائے گا۔یہ وعدہ الٰہی ہے اور وعدہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہے۔اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعدہ خلافی نہیں کیا کرتے ۔خیر سے وفات پانے والا وہی ہے جس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا جو دنیا سے باایمان رخصت ہوگا ۔جس کی باایمان موت کا وعدہ اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کریں اس سے بڑھ کر اور کون سعید ہوگا ۔

یاد رہے اگر دنیا سے جاتے ہوئے ایمان سلامت چلا گیا تو سب خیریت ہے اور سب سعادتیں دامن میں ہیں ۔

پھر یہ بھی نہیں کہ وہ دنیا سے ایمان تو لے جائے گا لیکن ساتھ گناہوں کے انبار بھی لے جائے گا ہرگز نہیں بلکہ

كَانَ مِنْ خَطِيْئَتِهٖ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ:

وہ گناہوں سے اس دن کی طرح پاک وصاف ہوگا جس دن اس کی ماں نے اسے جنا تھا ۔جب انسان پیدا ہوتا ہے تو گناہوں سے پاک وصاف پیدا ہوتا ہے ۔اس وقت اس پر کسی معصیت کا داغ نہیں ہوتا اور نہ وہ گناہوں کی آلودگی سے ملوث ہوتا ہے بلکہ قطرۂ شبنم کی طرح پاک

وصاف ہوتا ہے۔

تو مساجد میں صلاۃ ادا کرنے کے بعد ذکر الٰہی کے مزے لینے والا

مساجد کی طرف چل کر آنے والا اور

مکارہ میں خوش دلی سے وضو کرنے والا

کس درجہ سعید ہے اس کے بختوں پر ایک جہاں نثار ہو تو بھی حق ادا نہیں ہوتا۔

الدَّرَجاتُ :۔

جنت کے مختلف درجات ہیں ہر درجے کے درمیان بہت زیادہ فاصلہ ہے۔ایک درجہ سے دوسرے درجہ کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا زمین سے لے کر آسمان تک۔اللہ اکبر

یہ درجات کسے نصیب ہوتے ہیں زبان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنیے۔

اِفْشَاءُ السَّلَامُ :۔

جو آدمی، جو مرد مومن السلام علیکم کی خوب اشاعت کرتا ہے ہر ملنے والے کو جان پہچان ہو یا نہ ہو السلام علیکم کہتا ہے۔اور اگر کوئی پہل کر کے اسے السلام علیکم کہہ دے تو بڑی محبت سے اسے اس کا جواب وعلیکم السلام کی صورت میں دیتا ہے۔

جس خوش نصیب کی زبان پر ہر وقت السلام علیکم رہے وہ یقیناً رحمات الٰہیہ سے مالا مال ہے۔ السلام اللہ جل جلالہ کا مبارک نام بھی ہے اور اس مبارک نام کا ورد کرنے والا ہمیشہ سلامتی میں رہتا ہے۔اس جہاں ناپائیدار میں بھی سلامتی اور یہاں سے رخصتی کے وقت بھی سلامتی یعنی اس دنیا میں نعمت ایمان ہر وقت اس کے ساتھ رہتی ہے اور مرتے وقت اسی ایمان کی معیت میں عالم بالا کو پرواز کرتا ہے۔

إِطْعَامُ الطَّعَامِ:-

کھانا کھلانا۔کسی غریب ونادار کے منہ میں نوالے ڈالنا،کسی مہمان کی خدمت کرنا تھوڑی بات نہیں یہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سعادت ملتی ہے اور جو بندہ مومن کھانا کھلاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کیلئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے۔اسے سزاوار جنت قرار دیتا ہے اور دائمی وابدی انعامات اس کا مقدر ٹھہرتے ہیں۔

جس آدمی کو کھانا کھلایا گیا نامعلوم اس کی اندرونی کیفیت کیسی ہو۔ہوسکتا ہے وہ سفید پوش ہو اس کے گھر میں چولہے میں آگ تک نہ جلتی ہو یا وہ کس درجہ پاک باطن ہو تو جو آدمی ایسے افراد کو کھانا کھلاتا ہے ان کے دلوں سے نکلی ہوئی دعا تقدیر بدل دیتی ہے اور اس کھانا کھلانے والے کے بختوں کو اوج ثریا پر پہنچا دیتی ہے۔

الصَّلَاةُ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ:-

رات کی تاریکی ہر طرف ہو کا عالم تاریکی نے دنیا میں اپنے پنجے گاڑے ہوئے ہیں۔تمام انسان محو خواب ہیں،اپنے اپنے بستروں پر بے سدھ پڑے ہیں اس عالم میں ایک مرد خود آگاہ اٹھتا ہے۔اللہ کا نام لیکر اٹھتا ہے،اس وقت اٹھنے پر اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرتا ہے۔پھر دل نہ بھی چاہے پھر بھی وضو کرتا ہے۔نفس پر چاہے یہ لمحات کتنے ہی شاق گزریں وہ اپنی روح کو خوش کرتا ہے۔وضو کرتا ہے اس سے روح کیا خوش ہوتی ہے کہ عالم بالا کے مکیں فرشتے بھی خوش ہوتے ہیں۔فرشتے کیا خوش ہوتے ہیں کہ فرشتوں کا خالق ومالک بھی خوش ہوتا ہے۔اور یہ بات بدیہی ہے جس سے اللہ تعالیٰ خوش ہو جائے اسے دنیا وآخرت کی تمام نعمتیں مل جاتی ہیں اور اس سے عذاب،عذاب جہنم دور،بہت دور چلا جاتا ہے۔

پھر اسی پر بس نہیں وہ مرد مومن اللہ ذوالجلال کی بارگاہ میں بندگی کیلئے کھڑا ہو جاتا ہے۔جسم کے راحت وآرام کی پرواہ کئے بغیر وہ مصلّی پر کھڑا ہو جاتا ہے،نماز تہجد ادا کرتا ہے اور نماز تہجد میں

تلاوت قرآن کا کیف لیتا ہے نوری فرشتے اس کی اس تلاوت کو بڑے انہماک سے سنتے ہیں اور اس بندہ مومن پر اللہ کے کرم کی موسلا دھار بارش دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔

رات کی تاریکی میں نماز تہجد ادا کرنے والا محروم نہیں رہتا بلکہ خالق و مالک کا محبوب بن جاتا ہے وہ اس وقت جو بھی دعا مانگتا ہے اسے شرف قبولیت سے نوازا جاتا ہے اور اس کے دامن کو ہر مراد سے بھر دیا جاتا ہے۔

ایسے خوش نصیب آدمی کے اللہ تعالیٰ درجات بلند کرتا ہے اور یاد رہے درجات اس کے بلند ہوں گے جو جنت کا مستحق ہوگا تو دوسرے لفظوں میں یوں سمجھئے کہ رات تہجد کی نماز ادا کرنے والا نماز بعد میں پڑھتا ہے رحیم و کریم اللہ اسے جنتی پہلے بنا دیتا ہے۔

ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ الَّذِیْنَ یَقْتَدُوْنَ بِآثَارِ نَبِیِّکَ الْکَرِیْمِ وَیَتَحَلَّوْنَ بِسُنَنِ رَسُوْلِکَ الْعَظِیْمِ آمِیْنَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ بِبَرَکَۃِ سَیِّدِ وُلْدِ آدَمَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ اَفْضَلُ التَّحِیَّاتِ وَاَکْمَلُ التَّسْلِیْمَاتِ۔

-☆-

حضرت داؤد علیہ السلام کی نماز

اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ نماز

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ و آلِہٖ وَسَلَّمَ:

اَحَبُّ الصِّیَامِ اِلَی اللّٰہِ صِیَامُ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَاَحَبُّ الصَّلَاۃِ اِلَی اللّٰہِ صَلَاۃُ دَاوٗدَ کَانَ یَنَامُ نِصْفَ اللَّیْلِ وَیَقُوْمُ ثُلُثَہٗ وَیَنَامُ سُدُسَہٗ وَکَانَ یَصُوْمُ یَوْمًا وَیُفْطِرُ یَوْمًا۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۱۳۱)	جلد ۱	صفحہ ۳۳۸
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۴۲۰)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۶۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۱۵۹)	جلد ۲	صفحہ ۸۱۶
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۷۰)	جلد ۱	صفحہ ۹۶
قال الالبانی	حذا الحدیث صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۰۵۱)	جلد ۱	صفحہ ۲۱۲
قال الالبانی	حذا الحدیث صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۲۴۴۸)	جلد ۲	صفحہ ۸۱
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے پسندیدہ روزہ حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے پسندیدہ نماز حضرت داؤد علیہ السلام کی نماز ہے حضرت داؤد علیہ السلام آدھی رات سوتے اس کا تیسرا حصہ قیام کرتے اور اسکا چھٹا حصہ سوتے اور آپ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے یعنی روزے کی چھٹی کرتے۔

-☆-

السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۳۴۹)	جلد۱	صفحہ۱۲۷
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۷۱۲)	جلد۲	صفحہ۳۳۵
قال محمود محمود محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۳۹)	جلد۱	صفحہ۵۳۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۹۰)	جلد۶	صفحہ۳۲۵
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۴۹۱)	جلد۶	صفحہ۴۴
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۹۲۱)	جلد۶	صفحہ۳۹۶
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۲۶۶۵)	جلد۲	صفحہ۱۷۳

روزہ اور قرآن کریم قیامت کے دن
روزہ دار اور رات تہجد پڑھنے والے کی شفاعت کریں گے

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

اَلصِّیَامُ وَالْقُرْآنُ یَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ یَقُوْلُ الصِّیَامُ : اَیْ رَبِّ مَنَعْتُہُ الطَّعَامَ وَالشَّھْوَۃَ فَشَفِّعْنِیْ فِیْہِ ، وَیَقُوْلُ الْقُرْآنُ :
مَنَعْتُہُ النَّوْمَ بِاللَّیْلِ فَشَفِّعْنِیْ فِیْہِ ، قَالَ : فَیُشَفَّعَانِ۔

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٦٦٢٦)	جلد٦	صفحہ١٨٨
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٣٨٨٢)	جلد٢	صفحہ٧٢٠
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (١٤٣٦)	جلد٢	صفحہ١٠
قال المنذری	حسن		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (٩٨٤)	جلد١	صفحہ٥٧٩
قال الالبانی	حسن صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

روزہ اور قرآن قیامت کے دن بندے کی شفاعت کریں گے، روزہ کہے گا اے میرے رب! میں نے اس بندے کو کھانے پینے اور اپنی خواہشات پوری کرنے سے روکے رکھا، لہٰذا اس کے بارے میں میری سفارش قبول فرما۔

قرآن کہے گا: اے میرے رب! میں نے اس بندے کو رات قیام کیلئے سونے سے روکے رکھا لہٰذا اس کے بارے میں میری سفارش قبول فرما۔ چنانچہ دونوں کی سفارش قبول کی جائے گی۔

-☆-

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۵۰۸۱)	جلد ۳	صفحہ ۳۱۸
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۱۱۷)	جلد ۲	صفحہ ۳۲۵
قال المنذری	صحیح علی شرط مسلم		

تہجد ادا کرنے والے خوش نصیبوں کو
اللہ تعالیٰ دل کی آنکھ سے اپنا دیدار کرواتا ہے

قَالَ الْفُضَيْلُ بْنُ عَيَاضٍ: يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ:

كَذَبَ مَنِ ادَّعٰى مَحَبَّتِيْ فَإِذَا جَنَّهُ اللَّيْلُ نَامَ عَنِّيْ ، اَلَيْسَ كُلُّ حَبِيْبٍ يُحِبُّ الْخَلْوَةَ بِحَبِيْبِهٖ ، هَا اَنَا مُطَّلِعٌ عَلٰى اَحِبَّائِيْ اِذَا جَنَّهُمُ اللَّيْلُ جَعَلْتُ اَبْصَارَهُمْ فِيْ قُلُوْبِهِمْ وَمَثَّلْتُ نَفْسِيْ بَيْنَ اَعْيُنِهِمْ ، فَخَاطَبُوْنِيْ عَلَى الْمُشَاهَدَةِ ، وَكَلَّمُوْنِيْ عَلٰى حُضُوْرِيْ ، غَدًا اُقِرُّ عَيْنَ اَحِبَّائِيْ فِيْ جَنَّاتِيْ ۔

ترجمۃ:

حضرت فضیل بن عیاض رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وہ آدمی جھوٹا ہے جو میری محبت کا دعویدار ہو جب رات آجائے تو وہ سو جائے ۔ کیا ہر محب اپنے محبوب کے ساتھ خلوت کو پسند نہیں کرتا ۔

رہبان اللیل صفحہ ۱۰۲۰

سن لیجئے! میں اپنے چاہنے والوں کو جانتا ہوں۔ جب ان پر رات چھا جاتی ہے تو میں ان کی آنکھیں ان کے دلوں میں کر دیتا ہوں اور اپنی ذات ان کی نگاہوں کے سامنے کر دیتا ہوں۔ پس وہ رات مجھ سے مخاطب ہوتے ہیں گویا وہ مجھے دیکھ رہے ہیں اور وہ میری بارگاہ میں مجھ سے ہمکلام ہوتے ہیں۔ کل قیامت کے دن میں اپنی جنتوں میں اپنے چاہنے والوں کی آنکھیں ٹھنڈی کروں گا۔

-☆-

تہجد کی نماز قیامت کے دن
نور بن کر مومن کو گھیرے ہوئے ہوگی

قَالَ يَزِيْدُ الرَّقَاشِيُّ:

قِيَامُ اللَّيْلِ نُوْرٌ لِلْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَسْعٰى بَيْنَ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ وَصِيَامُ النَّهَارِ يُبْعِدُ الْعَبْدَ مِنْ حَرِّ السَّعِيْرِ [1]

ترجمہ:

حضرت یزید رقاشی - رحمۃ اللہ علیہ - نے ارشاد فرمایا:

قیام اللیل - صلاۃ تہجد - قیامت کے دن مومن کیلئے نور ہوگا جو ان کے آگے اور پیچھے رواں دواں ہوگا اور دن کو روزہ رکھنا بندہ کو جہنم کی تپش سے دور بہت دور لے جائے گا۔

-☆-

(۱) کتاب التہجد صفحہ ۱۲۸،
رہبان اللیل صفحہ ۱۰۰۲

قیام اللیل میں کلمات طیبات ادا کرنا
دس لاکھ نیکی کا ذریعہ ہیں

عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

مَنْ قَالَ فِی قِیَامِ اللَّیْلِ:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرٍ اَوْ قَالَ : مِنَ الْاَجْرِ كَاَلْفِ اَلْفِ حَسَنَةٍ۔[۱]

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

جس آدمی نے قیام اللیل میں

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

کہا تو اسے بطور اجر وثواب دس لاکھ نیکیاں ملیں گی۔

(۱) کتاب التہجد اسنادہ حسن: صفحہ ۳۱۰ رہبان اللیل صفحہ ۱۰۰۲

رات سورہ بقرہ کی تلاوت کرنے والے کو
جنت میں تاج پہنایا جائے گا

قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنُ بْنُ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ النَّخْعِيُّ:
مَنْ قَرَأَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ فِيْ لَيْلَةٍ تُوِّجَ بِهَا تَاجًا فِي الْجَنَّةِ.

ترجمہ:

حضرت عبدالرحمٰن بن الاسود بن یزید النخعی نے فرمایا:
جس آدمی نے رات میں سورۃ البقرہ کی تلاوت کی اسے اس کے صلہ میں جنت میں تاج پہنایا جائے گا۔

-☆-

سنن الدارمی جلد ۲ صفحہ ۵۳۹
کتاب التہجد لا ابن ابی الدنیا صفحہ ۳۵۲
رہبان اللیل صفحہ ۱۰۰۱

قیامت کے دن

تہجد گزار کا چہرہ نور برسا رہا ہوگا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْهُذَيْلِ قَالَ:

قِيَامُ الْعَبْدِ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ اِلَى الصَّلَاةِ نُوْرٌ يَسْعٰى بَيْنَ يَدَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن ابی الھذیل نے فرمایا:

رات کے وسط میں بندہ کا نماز کیلئے قیام کرنا نور ہے جو قیامت کے دن اس کے آگے آگے دوڑ رہا ہوگا۔

-☆-

رات کو نماز تہجد ادا کرنے والے پر اللہ تعالیٰ یہ مہربانی فرمائے گا کہ قیامت کے دن اس کا نور اس کے آگے آگے دوڑ رہا ہوگا۔ قیامت کے دن نور نصیب ہونا صاحب ایمان ہونے کی علامت ہے

کتاب التہجد　صفحہ ۱۴۳، ۱۴۱

رہبان اللیل　صفحہ ۱۰۰۱

اور جسے قیامت کے دن نور ملے گا وہ اصحاب نار - جہنم والوں - سے نہیں ہوگا بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کے ابدی انعامات کا مستحق ٹھہرے گا اور اسے نور والی جنت میں جگہ عطا کی جائے گی۔

نور قیامت کے دن ایمان کی نشانی ہوگا۔

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝(1)

قیامت کے دن آپ دیکھیں گے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو کہ ان کا نور ان کے آگے اور ان کے دائیں جانب دوڑ رہا ہوگا - ضوفشانی کر رہا ہوگا - اے نور والو! تمہیں مبارک ہو آج جنتوں کی جن کے نیچے نہریں رواں دواں ہیں تم ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہو گے یہی وہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

قیامت کے دن نور کا ہونا ایمان دار ہونے کی دلیل ہے۔ نماز تہجد ادا کرنے والا، سحری کے وقت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سربسجود ہونے والا وہ سعید و نیک بخت ہے جس کا ایمان محفوظ و مامون ہے۔ اسے قیامت کے دن ایسا نور نصیب ہوگا جو اس کے سامنے جگمگا رہا ہوگا کہ وہ جہاں جہاں سے گزر جائے گا وہ جگہ منور و فروزاں ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسے خوش قسمت افراد کو جنت کی بشارت دی جائے گی جس جنت کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔

یہ پر بہار جنتیں ان کے نیچے رواں دواں نہریں اللہ تعالیٰ کی طرف سے رضا کا پروانہ ہوں گی اور ان پر رب تعالیٰ کی لامحدود عنایات ہوں گی۔

اے اہل ایمان! آیئے نماز تہجد کو شعار بنایئے اس تہجد کے بے شمار فوائد ہیں، ان میں سے ایک یہ ہے کہ قیامت کے دن نور ملے گا یہ نور مومن ہونے کی علامت اور نجات پانے کی سند ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کا ایک اور ارشاد گرامی ملاحظہ ہو:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ

(1) سورہ الحدید ۵۷-۱۲

سَیِّاٰتِکُمْ وَیُدْخِلَکُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰهُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ نُوْرُهُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَبِاَیْمَانِهِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o [1]

اے ایمان والو! اللہ کی جانب میں سچے دل سے توبہ کرو امید ہے تمہارا رب دور کر دے گا تم سے تمہاری برائیاں اور تمہیں داخل کرے گا ایسے باغات میں جن میں نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ اس روز رسوا نہیں کرے گا اللہ تعالیٰ (اپنے) نبی کو اور ان لوگوں کو جو آپ کے ساتھ ایمان لائے۔

(اس روز) ان کا نور ایمان دوڑتا ہوگا ان کے آگے آگے اور ان کے دائیں جانب۔ وہ عرض کریں گے: اے ہمارے رب! مکمل فرما دے ہمارے لئے ہمارا نور اور بخش دے ہمیں بے شک تو ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔

-☆-

تہجد گزار وہ خوش نصیب ہے جسے توبہ نصوحا کی سعادت میسر ہے۔ رات کو اٹھ کر اللہ الکریم کی بارگاہ میں آنسوؤں کا نذرانہ پیش کرنے والا اپنے جملہ گناہوں سے تائب ہوتا ہے اور اسے توبہ نصوحا میسر ہوتی ہے۔ تو ایسا خوش نصیب وہ ہے جس کی تمام سیئات کو معاف کر دیا جائے گا۔ اس کے جملہ گناہوں پر قلم عفو پھیر دیا جائے گا اور اسے ایسی جنتوں میں داخل کر دیا جائے گا جس کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نور والوں کو رسوا نہیں کرے گا تو مفہوم بالکل واضح ہے کہ تہجد گزار ان شاء اللہ قیامت کے دن عزت و تکریم سے سرفراز ہوگا۔ اسے کوئی رسوائی و شرمندگی نہیں ہوگی بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی عطا فرمودہ عزت و تکریم سے جنت کی بہاروں سے شادکام ہو رہا ہوگا۔

-☆-

(۱) سورہ تحریم ۸

حسن و جمال سے لبریز
چہرے والا

قِيْلَ لِلْحَسَنِ:

مَابَالُ الْمُتَهَجِّدِيْنَ بِاللَّيْلِ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ وُجُوْهًا؟ قَالَ:

لِاَنَّهُمْ خَلَوْابِالرَّحْمٰنِ فَاَلْبَسَهُمْ مِنْ نُوْرِهٖ.

ترجمہ:

حضرت امام حسن بصری - رحمۃ اللہ علیہ - سے عرض کی گئی:

کیا وجہ ہے کہ رات صلاۃ تہجد ادا کرنے والوں کے چہرے سب لوگوں سے زیادہ حسین ہوتے ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا:

اس وجہ سے کہ وہ رات خلوت میں اپنے ربِّ رحمان کے پاس ہوتے ہیں اور رحمان اللہ انہیں نور پہنا دیتا ہے۔

-☆-

عقود اللؤلؤ والمرجان فی وظائف شہر رمضان رہبان اللیل صفحہ ۱۰۱

جہنم سے محفوظ و مامون

قَالَ ثَابِتُ بْنُ مَعْبَدٍ – وَكَانَ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ:

ثَلَاثُ أَعْيُنٍ لَا يَسْهَرْنَ فِي جَهَنَّمَ أَبَدًا: عَيْنٌ حَرَسَتْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ سَهَرَتْ بِكِتَابِ اللّٰهِ.

ترجمہ:

جناب ثابت بن معبد جو نیک و صالح لوگوں میں سے ہیں فرماتے ہیں:

تین آنکھیں ایسی ہیں جو کبھی بھی جہنم میں نہ کھلیں گی۔

۱–وہ آنکھ جس نے فی سبیل اللہ پہرہ دیا۔

۲–وہ آنکھ جو اللہ کے خوف سے رو پڑی۔

۳–وہ آنکھ جو رات کو اٹھ کر تلاوت قرآن کرتی رہی۔

–☆–

کتاب الجہد صفحہ ۵۰۳

رہبان اللیل صفحہ ۱۰۰۲

وہ آدمی کتنا خوش نصیب ہے جو فی سبیل اللہ پہرہ دیتا ہے صرف اور صرف اللہ ذوالجلال کو راضی کرنے کیلئے اسلام سلطنت کی حفاظت کرتا ہے۔ آج رات بھر اس کی آنکھ جاگتی ہے تو کل اللہ تعالیٰ اسے جنت کے نظارے کرائے گا اور اسے جہنم سے یوں بچائے گا کہ وہ جہنم دیکھے گی ہی نہیں۔

وہ خوش قسمت آدمی جو اسلامی سلطنت کی حفاظت وچوکیداری کرتا ہے اس پر عنایات ربانیہ کا جو بن نرالا ہے تو جو عالم دین رات بھر کتب کی ورق گردانی کرتا ہے۔ اسلام کی نظریات وعقائد کی سرحدوں کی حفاظت کرتا ہے اس پر عنایات الٰہیہ کا انداز کیا ہوگا۔

ہمارے اسلاف میں کتنے ایسے خوش نصیب علماء گزرے ہیں جو رات بھر احادیث مقدسہ کی ورق گردانی کرتے رہتے تھے بلکہ حفاظت حدیث اور خدمت حدیث کا وہ سودا ان کے ذہنوں پر سمایا تھا کہ نہ انہیں اپنی صحت کا خیال رہتا نہ وقت کا خیال ہوتا نہ اہل وعیال کا خیال۔ بس ان کے ذہن میں صرف اور صرف ایک ہی چیز سمائی ہوتی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرامین عالیہ آپ کے ارشادات مقدسہ من وعن امت مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچا دیئے جائیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلاموں کی فہرست میں اپنا نام لکھوا دیا جائے۔

دوسری وہ آنکھ جس سے خوف خدا کے باعث آنسو نکل آئیں وہ بھی قیامت کے دن جہنم کے عذاب سے محفوظ ہوگی۔ یاد رہے خوف خدا سے نکلنے والا آنسو جہنم کی آگ کے دریا کے دریا بجھا دیتا ہے۔ جس دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف سما جائے وہ دونوں جہاں میں نیک بخت ہوتا ہے اور اس کے بختوں کو فرشتے بھی سلام کرتے ہیں۔

تیسری وہ آنکھ جو رات کو تلاوت قرآن کریم کے مزے لیتی رہی۔ رات کو اٹھ کر اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا، اس کے پاک کلام کی تلاوت کرنا معمولی سعادت نہیں بلکہ یہ وہ دولت ہے جو کسی کسی کو عطا ہوتی ہے ایسے آدمی پر آتش جہنم حرام ہو جاتی ہے۔

تہجد گزار وہ سعید روح ہے جو قیامت کی ہولناکیوں سے محفوظ و مامون ہوگی۔ تہجد گزار اللہ

تعالیٰ کے کرم سے یوں مالا مال ہوگا کہ قیامت کے دن اس کی آنکھ نار جہنم دیکھے گی ہی نہیں بلکہ اسے اتنی سرعت سے پل صراط سے پار کر دیا جائے گا کہ اسے احساس تک نہیں ہوگا۔

جہنم جہنم ہے اس کے تصور سے ہی بڑوں بڑوں کی آہیں نکل جاتی ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کے ناراض ہونے کی جگہ ہے کہ جس آدمی سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوگا اسے داخل جہنم کیا جائے گا۔ تہجد گزار کتنا خوش نصیب ہے کہ اس کا رحیم وکریم اللہ اس سے راضی ہی راضی ہے بلکہ یوں راضی ہے کہ اسے جہنم دکھائی تک نہ جائے گی گویا اسے میدان حشر میں پہنچتے ہی داخل جنت کر دیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ محض اپنے لطف وکرم سے ہر اہل ایمان کا ایمان محفوظ فرمائے اور اسے طویل راتوں میں تہجد کی سعادت نصیب فرمائے۔

-☆-

نماز تہجد میں طویل قیام کرنے والے کے لئے قیامت کے دن کی طوالت آسان ہوگی

قَالَ الْاَوْزَاعِیُّ رَحِمَہُ اللّٰہُ:

مَنْ اَطَالَ الْقِیَامَ فِیْ صَلَاۃِ اللَّیْلِ ، ھَوَّنَ اللّٰہُ عَلَیْہِ طُوْلَ الْقِیَامِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ.

ترجمہ:

حضرت امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جو نماز تہجد میں لمبا قیام کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر قیامت کے دن کی طوالت آسان کردے گا۔

-☆-

قیامت کا دن طویل دن ہے اس دن کی طوالت اللہ اکبر یہ دن پچاس ہزار سال لمبا دن ہے، اس دن میں سوائے خوش قسمت لوگوں کے کسی کیلئے بیٹھنے کی جگہ نہ ہوگی ۔دھوپ، شدت کی دھوپ زمین تانبے کی طرح تپ رہی ہوگی، انسان پسینوں میں شرابور ہوں گے، جلال الٰہی جوبن پر ہوگا ہر

البدایہ والنہایہ لابن کثیر جلد ۱۰ صفحہ ۱۱۷

رہبان اللیل صفحہ ۹۹۹

انسان کے سامنے اس کی ساری زندگی کے اعمال ہوں گے اور وہ اللہ ذوالجلال کے جلال سے کانپ رہا ہوگا۔ یہ طویل بہت طویل دن کیسے کٹے گا اس کی طوالت کیسے ختم ہوگی آج ہی اس کا تصور پتّہ کو پانی بنا رہا ہے۔

اس طویل دن میں طویل قیام سے نجات کے ذرائع میں سے ایک یہ ہے کہ صلاۃ تہجد میں قیام کو طویل کیا جائے، یعنی جب نماز تہجد کیلئے کھڑا ہوا جائے تو قرآن کریم کی تلاوت سے دل و جان کو معطر کیا جائے۔ یہ قیام جتنا طویل ہوگا میدان حشر کی طوالت اتنی ہی کم ہو جائے گی اور میدان حشر میں جلال الٰہی کی بجائے اللہ تعالیٰ کا لطف و کرم استقبال کرے گا۔

-☆-

موت کے وقت چمکتا چہرہ

مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ الَّذِیْ عَرَفَتْهُ الدَّيَاجِیْ مُتَهَجِّدًا بَكَّاءً لَمَّا كَانَ عِنْدَ الْمَوْتِ اَشْرَقَ وَجْهُهُ كَاَنَّهُ الْمَصَابِيْحُ ، وَقَالَ لِصَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ:

لَوْ تَعْلَمُ مَا اَنَا فِيْهِ لَقَرَّتْ عَيْنُكَ.

ترجمہ:

حضرت محمد بن المنکدر رحمۃ اللہ علیہ جنہیں رات کی تاریکیوں نے تہجد گزار اور اللہ کی بارگاہ میں بیش بہا آنسو بہانے والے کے طور پر جانا۔

جب آپ کی موت کا وقت آیا تو آپ کا چہرہ یوں چمک اٹھا جیسے نور بھری قندیلیں ہوں اور آپ نے جناب صفوان بن سلیم سے فرمایا:

اگر تمہیں معلوم ہو کہ اب مجھے کن انعامات سے نوازا جا رہا ہے تو تمہاری آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں۔

-☆-

رہبان اللیل صفحہ ۹۹۷

جس دل میں نور ایمان ہو جس سینے میں آفتاب ایمان وایقان پوری آب وتاب کے ساتھ چمک رہا ہو اور اس صاحب ایمان نے اپنے ایمان کی زندگی بھر حفاظت کی ہو اور اس ضوفشانی کرتے ہوئے ماہتاب کو زندگی بھر کسی پر عیاں نہ کیا ہو جب ایسے آدمی کا وقت آخر آتا ہے، اس پر جانکنی کا عالم طاری ہوتا ہے تو وہی آفتاب ایمان اس کے چہرے سے عیاں ہوتا ہے اور اس کا چہرہ جگمگ کرنے لگتا ہے۔

نشان مرد مومن باتو گویم چوں مرگ آید تبسم برلب اوست

حضرت محمد بن المنکدر رحمۃ اللہ علیہ ان خوش قسمت افراد میں سے تھے جن کے سینے میں زندگی بھر ایمان کا آفتاب ضوفشانی کرتا رہا۔وہ اپنی زندگی کی ساری راتیں اللہ تعالیٰ کے حضور سر بندگی جھکا کر گزار گئے۔رات کی طویل گھڑیوں میں بارگاہ خداوندی میں مناجات کا کیف لے گئے۔رات رات بھر ذکر الٰہی میں وقت گزارتے خالق ومالک کو یاد کرتے اور اسی کے ذکر کے نور سے ساری رات گزار دیتے۔

رات کی تاریکیوں نے انہیں جب بھی دیکھا مصلّٰی پر بارگاہ الٰہی میں اپنی جبیں جھکاتے ہوئے دیکھا، ساری رات نوافل پڑھتے دیکھا، وقت سحر اپنی آنکھوں سے آنسو بہاتے دیکھا، یہ ان کے باطن میں عشق الٰہی کی آگ فروزاں تھی جو انہیں چین نہیں لینے دیتی تھی، اسی عشق الٰہی کی آگ نے انہیں کندن بنا دیا تھا۔

جب آپ کا آخری وقت آیا، دنیا سے رخصتی کا وقت آیا تو ان کا چہرہ نور علیٰ نور ہو گیا وہ چہرہ یوں چمکنے لگا جیسے کسی نے اس چہرے پر نور برساتی قندیلیں رکھ دی ہوں۔یہ چمکتا دمکتا چہرہ اعلان کر رہا تھا کہ بندہ خدا اپنی نعمت ایمان کو سلامت لے جا رہا ہے۔اپنی زندگی بھر کی کمائی کو بحفاظت بارگاہ الٰہی میں پہنچانے میں کامیاب ہو گیا۔یہ اپنی حیات مستعار کی ساری پونجی کو اپنے دشمن شیطان سے بچا کر لے آیا ہے۔ایسے ہی نورانی وپرکیف لمحات ہوتے ہیں جب اللہ ذوالجلال کی طرف سے پیغام آتا ہے:

يَاۤ اَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِيْ فِيْ عِبَادِيْ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ۔

اے نفس مطمئنہ! اپنے رب کریم کی طرف لوٹ جا تو رب تعالیٰ سے راضی تیرا کریم رب تجھ سے راضی ۔پس اب میرے بندوں میں داخل ہو جا اور میری جنت میں داخل ہو جا۔

حضرت صفوان بن سلیم رحمہ اللہ علیہ اس آخری وقت حضرت محمد بن المنکدر رحمہ اللہ کے پاس موجود تھے حضرت موصوف نے حضرت صفوان سے فرمایا:

اگر تمہیں معلوم ہو جائے کہ اس وقت مجھے کن انعامات واکرمات سے سرفراز کیا جارہا ہے ۔عنایات ربانیہ کی کیا عمدہ مجھ پر بارش ہورہی ہے ، مجھے کیا کیا نعمتیں دی جارہی ہیں تو تیری آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں ۔

اے اللہ ! اے ارحم الراحمین ! ہم سب کو اپنی حیات مستعار کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرما۔ ہمیں بھی راتیں اٹھ اٹھ کر اپنی بارگاہ میں سجدہ ریز ہونے کی سعادت بخش دے ،ہمیں بھی صلاۃ تہجد کا خوگر بنا کر اپنی رضا کی دولت نصیب فرما۔

-☆-

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِذَا ضَحِكَ رَبُّكَ اِلٰى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا فَلَا حِسَابَ عَلَيْهِ۔

ترجمة الحديث:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۳۷۶)		جلد ۳۷	صفحہ ۱۴۳
قال المحققون	حدیث قوی			
ریحان الملل				صفحہ ۹۹۶

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کی طرف دیکھ کر مسکرا دے تو پھر اس بندہ سے کوئی حساب نہ ہوگا۔

-☆-

رات کی تاریکی میں نرم گرم بستر چھوڑنے والا نفس جب شدید مطالبہ کرتا ہے کہ سو جا۔ اس کے اس مطالبے کو رد کر کے ٹھنڈے پانی سے وضو کرنے والا، پھر مصلیٰ پر کھڑے ہو کر بارگاہ خداوندی میں مناجات کرنے والا سر سجدے میں رکھ کر سبحان ربی الاعلیٰ کا ورد کرنے والا کتنا خوش نصیب ہے کہ اس کا خالق و مالک اس کے اس عمل کو بڑی محبت سے دیکھتا ہے اور اسے دیکھ کر مسکراتا ہے۔

اس درج بالا فرمان ذیشان کے مطابق اس سے کوئی حساب نہ لیا جائے گا۔ گویا رات تہجد کی نماز ادا کرنے والا اللہ تعالیٰ کا وہ محبوب بن جاتا ہے کہ اس سے اس کی زندگی کا کوئی حساب نہ لیا جائے گا۔

